ایک مرتبہ دعا کے بعد درود شریف ایک مرتبہ پڑھیں جب سات مرتبہ دعا پڑھ لیں تو پھر درود شریف دس بار پڑھیں اور تین مرتبہ آمین کہیں۔ ہر دو رکعت کے بعد اسی طرح کریں ایک ہفتہ یا دو ہفتہ یا تین ہفتہ تک پڑھیں اور کام سخت ہو تو چالیس دن تک، اگر چند آدمی ہوں تو قلبہ کی جگہ قلبھم اور دو ہوں قلبھما اور ینطق کی جگہ ینطقان اور ینطقون اور فانہ کی جگہ فانھما اور فانھم پڑھیں اور ناصیہ کے بجائے ناصیتھما اور نواصیھم پڑھیں اور فلاں کی جگہ نام مع نام والدہ کے لیا جائے دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْکَبِیْرُ وَاَنَا عَبْدُکَ الضعیف الذلیل الذی لاحول ولا قوۃ لہ الا بک اللھم سخر لی فلانا کما سخرت فرعون لموسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ولین لی قلبہ کما لینت الحدید لداؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام فانہ لا ینطق الا باذنک وناصیتہ فی قبضتک وقلبہ فی یدک جل ثناء وجھک یا ارحم الراحمین ٥

(۲۵۴) **تسخیر**۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم یا عزیز تعززت با لعزۃ والعزۃ فی عزۃ عزتک یا عَزِیْزُ سات بار بعد نماز عشاء پڑھے اور چہرہ پر ملے اور پورے بدن پر ہاتھ پھیرے اس کے بعد دستک دے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔



(۲۵۵) **تسخیر**۔ اگر کوئی کسی کا قصوروار ہو تو یہ تعویذ لکھ کر اپنے عمامہ میں ماتھے کی نوک پر رکھ کر اس کے سامنے جائے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا قصور معاف کر دے گا۔

(۲۵۶) **تسخیر اور مطلوب کو بلانے کا عمل**۔ کوری ٹھیکری پر لکھ کر طالب و مطلوب کا نام مع ان کے ماں کے

نام لکھ کر سورج کے مقابل رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب مطیع و منقاد ہو کر حاضر ہو گا اور مجرب ہے ←

٤٨٦

٣	١٦	١
٧	یابدوح	١٣
١٠	٤	٦

یا جبرئیل یا دردائیل یا تنکفیل یا رفتمائیل

(٢٥٧) اپنی بات منوانے کیلئے ۔ جب کسی کے پاس جائے تو راستہ بھر گفتگو نہ کرے اور دل میں یابدوح پڑھتا جائے جب اس کے سامنے جائے تو السلام علیکم یا بدوح کہے اور سات مرتبہ وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ دل میں پڑھے اور یہ کہے ۔ الٰہی سوال من ردنہ شود و قبول شود ۔ اس کے بعد اپنا مطلب ظاہر کرے انشاء اللہ تعالیٰ مطلب حاصل ہو گا ۔

(٢٥٨) تسخیر ۔ حاکم کے پاس جانا ہو تو ٦ بار یہ پڑھے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم واللہ المستعان علی ما تصفون ٥ اور دونوں ہاتھوں پر دم کر کے چہرہ پر مل لے اور ساتویں بار شہادت کی انگلی سے لب تر کر کے پیشانی پر یہ لکھے واللہ المستعان علی ما تصفون ٥ پھر حاکم کے پاس جائے ۔

(٢٥٩) تسخیر ۔ عروج ماہ میں ساعت سعد میں کہ قمر نحوست سے بری ہو اس نقش کو لکھ اپنے سامنے رکھ کر آیت کریمہ والٰھکم الٰہ واحد لا الٰہ الا ھو الرحمٰن الرحیم ٢١٥١ بار پڑھے اکتالیس دن اور روزانہ اس نقش کو رکھ کر سامنے رکھے بعد اکتالیس دن کے ان نقوش کو دریا میں ڈال دے اور وقت معین اور موضع معین میں قرأت کرے انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق اس کی مسخر ہو گی ←

٤٨٦

٢٢١	٢٢٤	٢٢٧	٢١٣
٢٢٦	٢١٤	٢٢٠	٢٢٥
٢١٥	٢٢٩	٢٢٢	٢١٩
٢٢٣	٢١٨	٢١٦	٢١٨

(٢٦٠) تسخیر ۔ اسم یابدوح اکیس بار صبح و شام بلا ناغہ پڑھ لیا کریں اس طرح اجب یا تنکفیل اجب یا رفتمائیل اجب یا دردائیل اجب

یا جبرئیل احضر والمسخرات فلاں بن فلاں بحق یا بدوح ۔ اور اگر کسی دشمن کی ہلاکت کا خیال ہو تو یوں پڑھیں احضر واللغد اوۃ فلاں بن فلاں ٥

(۴۶۱) **برائے تسخیر وفتوح** ۔ المص ۔ ان حروف کو یا ان کے ساتھ دیگر مقطعات قرآنیہ کو ماہ ثابت عروج ماہ میں مبارک دن میں مثلاً دوشنبہ، چہارشنبہ، پنجشنبہ، جمعہ کو چاندی کی انگوٹھی میں نقوش کندہ کرا کے باادب پہنیں۔

(۴۶۲) **تسخیر** ۔ مثلث بدوح عمل شاہ حسن رسول نما۔ اگر مطلوب کو حاضر کرنا مقصود ہو اس نقش کو کوری ٹھیکری پر لکھ کر چولھے میں دفن کریں مگر باموکل لکھیں اور تسخیر کے علاوہ دوسرے کاموں کے لیے بھی مفید ہے ←

یا جبرئیل ۷۸۶

۱۲	۷	۱
۶	خانہ مطلب	۱۴
۲	۱۳	۵

یا دردمائیل

۲

(۴۶۳) **محبت و تسخیر** ۔ اگر مرد عورت کو نہیں چاہتا ہے تو اس نقش کو لکھ کر شہد یا شکر میں ملا کر اسے کھلائے ←

۷۸۶

۶	۶	۶
۲	۶	۷
۵	۷	۳

(۴۶۴) **تسخیر** ۔ منقول از مفتاح الدعوات شیخ وجیہ الدین گجراتی ۔ اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے یا بدوح لکھ کر حاکم کے سامنے یا جہاں خوف ہو جائے اور ہر نماز کے بعد اس عمل کو کیا کرے تو زیادہ بہتر ہے۔

محبت کے اعمال

(۴۶۳) **محبّت** ۔ اس عزیمت کو ہفتہ کے دن خود لکھ کر سات دن یا تین دن فتیلہ بنا کر چراغ میں جلائے اللہ نے چاہا تو محبوب اس کی جانب رجوع لائے گا۔

۱۸۴۳۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۷۱۱دوھ ۱۱ ۵ ۱۱۱۱ ۴۲۱۱۱۱۸۱۱ھ۱۱۱۱۱۱۱۷۱دوھ۱۱۱۱۶۱۱۷۱۱۱

حب فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بن بحق ہٰذہٖ العزیمت غالب محبت گرداں زود زود

(۴۶۴) **محبت میں دیوانہ بنانیکا عمل** ۔ اس عزیمت کو مطلوب کے کپڑے پر لکھ کر چراغ میں جلائے اور چراغ کا رخ مطلوب کے مکان کی طرف رکھے ہفتہ کی رات سے شروع کرے ہفتہ بھر عزیمت یہ ہے۔

ک۱۱۱۱ط۱۱ط۱۱۱ط۱ار لعھط ای ط ک۱۱ط۷ لالام ۵ ی ۱۲ مسلح ک۱۱۱ط۵۱۱ط۱۱ہط مرصلح ۱۱۱

حب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

(۴۶۵) **برائے محبت** ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرآنا عجبا یہدی الی الرشد فامنا بہ ولم نشرک بربنا احدا بحق کہیعص حمعسق اھیا اشر اھیا وبحق توریت وانجیل وزبور وفرقان وصحف ابراہیم وبحق حروف وکلمۃ حب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق چہار فرشتگان وبحق آدم وحواء وبحق محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم والہ اجمعین روزانہ ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھے یا اس کا تعویذ بنا کر گلے میں پہنے۔

(۴۶۶) **محبت** ۔ سورۂ فاتحہ اکیس مرتبہ مع نام والدین طالب و مطلوب اور اپنے دونوں کے پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں لگا کر جائے۔

(۴۶۷) **محبت** ۔ اس نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے مطلوب مطیع و فرماں

بردار ہوگا ←

۷۸۶

۴۵	۱۴	۱۸	۶	۲۳	۱۸	۱۱	۱
۱۳	۱۰	۴	۷۲۲	۱۹	۱۲	۲۱	۹
۲	۱۷	۷	۱۵۴	۶	۱۱	۱۶	۳

۴۶۸ محبت ۔ چالیس ۴۰ گول مرچوں پر ہر مرچ پر سات بار پڑھ کر دم کرے اور آگ میں جلائے، مطلوب بیقرار ہوگا۔ لا الٰہ الا اللہ اجعل قلب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلانۃ بحق محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۰

۴۶۹ محبت ۔ لقد فتنا سلیمٰن والقینا علی کرسیہ جسدًا ثم اناب لکھ کر مطلوب کو کھلائے یا ۵۷ مرچ سیاہ پر دم کرکے آگ میں جلائے۔

۴۷۰ محبت ۔ پان یا پھول پر سات بار پڑھ کر جس کسی کو کھلائے محبت جانی ہو۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینٰھم فھم لا یبصرون ۰ یہ عمل سیدنا امیر حیدر گورے میاں مارہروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے اور آپ نے فرمایا کہ میں نے خود تجربہ کیا ہے۔

۴۷۱ محبت ۔ دو رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین تین بار پڑھے اور اس کے بعد یہ آیت پڑھے۔ عسی اللہ ان یجعل بینکم وبین الذین عادیتم منھم مودۃ واللہ قدیر واللہ غفور الرحیم ۰ بعد سلام ستر بار پڑھے اللھم لین قلب فلاں بن فلاں کما لینت الحدید لداؤد علیہ السلام ۰ اور اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پھر آسمان کی طرف منہ کرکے دعا مانگے۔

۴۷۲ محبت ۔ بعد نماز عشاء دو زانوں بیٹھ کر اپنے بائیں جانب ایک کونڈی گاڑے کلمہ کی انگلی سے اور اس میں تصور اس شخص کا کرے جس کے واسطے عمل کیا جائے جہاں تک ہو سکے تصور اس کی صورت کا جاوے۔ اور اول وآخر گیارہ گیارہ

بار درود شریف پڑھے پھر گیارہ بار یہ آیت یحبّونھم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حبا للہ ۵ پڑھکر دائرہ پر دم کرے اس طرح گیارہ بار دم کرے۔ اگر کسی حاکم کے لئے پڑھا جائے تو یہ آیت کریمہ بجائے گیارہ مرتبہ کے اکیس مرتبہ پڑھے۔

(۴۷۲) **مفاتیح القلوب**۔ اس نقش میں سورۂ جن و مزمل و ق و چہار قل اور چہل اسم و مکتوب حضور سید المرسلین صلوات اللہ وسلامہ علیہ وعلیٰ آلہٖ اور عزیمت حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اور آیۃ الکرسی اور حروف مقطعات اور ہفت سلام اور آیت قل اللّٰھم اور سورۂ والشمس و سورۂ یوسف و سورۂ فتح شریف کے اعداد ہیں۔ مجرب بفضلِ خدا ہے ←

۷۸۶

۴۲۱۷۴۶	۴۲۱۷۴۱	۴۲۱۷۴۸
۴۲۱۷۴۷	۴۲۱۷۴۵	۴۲۱۷۴۳
۴۲۱۷۴۲	۴۲۱۷۴۹	۴۲۱۷۴۴

(۴۷۳) **برائے محبت**۔ پرانی قبر کی مٹی پر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھکر مطلوب کے گھر میں ڈال دے بیقرار ہو۔

(۴۷۴) **محبت**۔ نماز یاودود کی نیت سے۔ اول چار رکعت اس ترتیب سے پڑھے نیت می کنم نماز یاودود عشق من از ناخن پائے آں تا سرش رود اللہ اکبر اور ہر رکعت میں الحمد ایک بار اور دو سو بار درود شریف اور بارہ بارہ بار سورۂ اخلاص، بعد نماز پانسو مرتبہ یاودود بحق سلیمان بن داؤد و بحق صبر ایوب و بحرمۂ آب چشم یعقوب فلاں را بمن رساں امروز ہمچو باد ہمچو دود یا معبود۔

(۴۷۵) **محبت**۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَھُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۵ نمک کی سات کنکریوں پر سات سات بار پڑھ کر آگ میں ڈالے اتوار سے شروع کرے اور شروع ماہ میں یہ عمل چڑھتی دھوپ میں پڑھے اور آگ کو منہ سے نہ پھونکے۔ اول و آخر درود شریف لازم جانے اور ہر بار بسم اللہ شریف پڑھے مجرب المجرب ہے

(۴۷۶) **محبّت**۔ عروج ماہ میں جمعرات سے شروع کرے اکیس دانہ مرچ سیاہ پر پڑھ کر دم کرکے آگ میں ڈالے ایک چلہ چلہ برابر عمل کرلے لا الٰہ لادے الا اللہ ملا دے یا رسول اللہ فلاں کے بغیر فلاں کو کل نہ پڑے۔

(۴۷۷) **محبت و خواب بندی**۔ اس دعا کو لکھ کر روئی کی شاخ میں کرکے آب جاری میں ڈالے محبوب عاشق ہوگا اور اس کی نیند ختم ہوجائے گی فمن یرد اللہ ان یھدیہ یشرح صدرہ للاسلام وھو علی نور من ربہ فویل للقاسیۃ قلوبھم من ذکر اللہ انا اعطینٰک الکوثر ہ فصل لربک وانحر ہ ان شانئک ھو الابتر ہ

(۴۷۸) **برائے محبت و تسخیر**۔ بہت زود اثر ہے۔ اپنے نام کے اعداد اور آیۂ کریمہ لقد جاءکم الآیہ کے اعداد جمع کرکے ساعت موافق میں مربع میں پر کرکے محفوظ رکھے جب قمر ناظر بصعود ہو تو اوریا بدھ کی رات میں جب لوگ مشغول بخواب ہوں وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ یہی کریمہ ۲۰ بار پڑھے بعد سلام سو بار درود شریف پڑھ کر سجدہ میں جائے اور بیس باریوں کہے یارحیم فلاں را مہربان من گرداں مطلوب بغایت مہربان ہوگا۔

(۴۷۹) **محبّت**۔ منگل کے دن کاغذ پر تحریر کرکے مطلوب کے مکان کے دروازے میں دفن کرے یا مغربی دیوار میں چسپاں کردے اور مراد پوری ہوجانے پر نکال لے انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔

رطال لاھعال طط　　محمعمشات
مهلحمو ی

نوٹ:۔ دونوں کو ایک ہی سطر میں لکھیں۔

(۴۸۰) **برائے محبت مجرّب المجرب**۔ ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ اس آیت کریمہ کو چالیس دن میں تصور مطلوب کے ساتھ پڑھیں اور پرہیز نہیں ہے مجرب ہے اور اگر اس مدت میں کام نہ ہو قیامت کے دن دامن گیر من باشد آیت یہ ہے واذا سألک


عبادی عنی فانی قریب ۝

(۲۸۱) **محبت** ۔ اس آیت کریمہ کو خوشبودار پھول پر سات مرتبہ دم کر کے سونگھائے یا پان پر دم کر کے کھلائے مطلوب در محبت دیوانہ شود فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق ۔ اس کے بعد آیت کریمہ پڑھیں ختم اللہ علی قلوبھم وعلی سمعھم وعلی ابصارھم غشاوۃ ولھم عذاب عظیم ۝

(۲۸۲) **محبت** ۔ اگر کسی کو اپنی محبت میں وارفتہ بنانا ہو تو نمک سنگ پر اس آیت کریمہ کو پڑھ کر آگ میں جلائے وہ بیقرار ہوگا ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ ان الذین آمنوا وعملوا الصلحت سیجعل لھم الرحمن ودًا ۝

نوٹ :۔ یہ عمل اوپر گزرا ہے صرف ترکیب میں قدرے اختلاف ہے ۔

(۲۸۳) **محبت کا بے نظیر عمل** ۔ اگر مطلوب کو بلانا مقصود ہو تو اس نقش کو گھوڑے کی نعل پر اتوار کے دن دونوں جانب طالب و مطلوب مع نام ماں کے تحریر کرے اور آگ میں ڈالے اور ڈالنے کے وقت اس عزیمت کو سات بار پڑھے ، وہ شخص حیران ہو کر آئے گا ۔ عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم آتش سوزاں نعل آمد تفتان باد آمد پراں ابر آمد باراں برق درخشاں رعد آمد غراں فیل آمد خراماں اسپ آمد تازاں مار آمد غلطاں کژدم آمد گرداں نہ آتش آمد سوزاں نہ نعل آمد تفتان نہ باد آمد پراں نہ آمد باراں نہ برق آمد درخشاں نہ رعد آمد غراں نہ فیل آمد خراماں نہ اسپ آمد تازاں نہ مار آمد غلطاں نہ کژدم آمد گرداں فلاں بن فلاں آمد دل بریاں چشم گریاں و خاک بر سر افشاں از عشق و محبت و دوستی فلاں بن فلاں العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ ←



(۴۸۴) **محبت و خواب بندی** - اس نقش کو لکھ کر آگ میں جلائے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب بغیر دیکھے بیخود و بیقرار رہے گا۔

۱۱ع اد ع دل حـدہ واوسم ۲۹۹۲/۱/۱۱۹۱۱۱۱ ۶ ۱۱ ۱۱

خواب وآرام فلاں بن فلاں (بنت فلاں)

(۴۸۵) **برائے محبت** - ان آیات کو مع نام طالب و مطلوب اور ان کی ماں کے لکھ کر کسی بوتل میں بند کر کے زمین میں دفن کردیں وہ شخص دیوانہ و بیقرار ہو جائے گا مجرب ہے یحبونهم کحب الله والذین امنوا اشد حبا لله ولو یری الذین ظلموا اذ یرون العذاب ان القوة لله جمیعا وان الله شدید العذاب - اهیا اشراهیا - زین للناس حب الشهوات من النساء والبنین والقناطیر المقنطرة من الذهب والفضة والخیل المسومة و الانعام والحرث ط


(۴۸۶) **محبت** - اگر کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے اور وہ انکار کرتی ہے تو دو مغز بادام ایسے لے جو ایک ہی پوست سے نکلے ہوں ان پر سات بار سورۂ یٰسین شریف پڑھکر دم کرے اور ان دونوں کا نام لے کر ان دونوں مغزوں کو ملا کر ہرے ریشم کے دھاگے سے باندھ کر کسی پھل دار درخت میں لٹکا دے اور اس کے نیچے خوشبو سلگائے سات دن تک - مجرب المجرب ہے۔

(۴۸۷) **محبت** - نوچندی جمعرات یا جمعہ کو پورا باسے اکتالیس سنگریزہ لاکر ہر ایک پر ایک ایک بار سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر مطلوب کا نام لے کر ایک نئے کوزہ میں رکھ کر بند کر کے چولھے میں دفن کر دے اس طرح کہ آگ روشن کرنے پر گرمی پہونچے اور اثر کرے۔

(۴۸۸) **محبت** - اکتالیس دانہ مرچ سیاہ لیکر تین بار یا سات بار سورۂ یٰسین شریف

پڑھ کر دم کرے اجزِ مطلوب کا نام لے پھر انھیں باریک پیس کر مطلوب کے کپڑے میں
لپیٹ کر نئے چراغ میں رکھ کر تل کے تیل میں جلائے بہت جلد فرماں بردار ہوگا۔

(٤٨٩) **محبّت**۔ اتوار کے دن ظہر کی نماز کے قبل آیۂ کریمہ وضرب لنا مثلا ونسی
خلقہٗ قال من یحیی العظام وھی رمیم ہ قل یحییھا الذی انشاھا اول مرۃ وھو بکل شیٔ
علیم ہ الذی جعل لکم من الشجر الاخضر نارا فاذا انتم منہ توقدون ہ پچاس
بار پڑھ کر نمک پر دم کرکے اور کہے بستم دل وجان فلاں بن فلانہ بمحبت فلاں بن فلاں
بحق ایاک نعبد وایاک نستعین سات دن تک اسی طرح کرے اور مطلوب کو کھلائے
انشاء اللہ تعالیٰ محبت جانی پیدا ہوگی



(٤٩٠) **تعویذ برائے محبّت**۔ یہ تعویذ لکھ کر
اس کی پشت پر یہ عبارت لکھے اور گلے میں پہنے
عبارت یہ ہے فلاں بن فلانہ زود تابعدار فلاں
بن فلاں بود ←

(٤٩١) **برائے محبّت**۔ یہ تعویذ کاغذ پر لکھ کر اور لپیٹ کر روئی میں لپیٹے اور
بتی بنائے اور نیا چراغ لے کر رکھے اور تل کے تیل میں جلائے اور چراغ کا منہ مطلوب
کے مکان کی جانب رہے اور اس کی روشنی میں بیٹھ کر ان دونوں آیتوں کو دو سو
آٹھ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور مراد حاصل ہوگی۔ دونوں آیتیں یہ ہیں
لو انفقت ما فی الارض جمیعا ما الفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم انہٗ
عزیز حلیم عسی اللہ ان یجعل بینکم وبین الذین عادیتم منھم مودۃ
واللہ غفور الرحیم ہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ روزآنہ تیل
نیا ہو اور جو تیل بچ جائے اسے اپنے جسم اور سر پر مل لے اور پورا فتیلہ روزآنہ جلائے

اور پڑھنا ہتی کے ختم کے ساتھ ختم ہو ←

روشن کرنیکی جگہ

۲۰۴۰	۲۰۴۳	۲۰۴۶	۲۰۳۲
۲۰۴۵	۲۰۳۳	۲۰۳۹	۲۰۴۴
۲۰۳۴	۲۰۴۸	۲۰۴۱	۲۰۳۸
۲۰۴۲	۲۰۳۷	۲۳.۵	۲.۴۷

اس فرد کے پیٹھ

(۲۹۲) **محبت۔** اگر مرد عورت کو دوست نہیں رکھتا اس تعویذ کو لکھ کر شہد یا دودھ یا شکر میں ملا کر اس کو کھلائیں ←

۶	۶	۶
۲	۶	۷
۵	۷	۳

(۲۹۳) **عمل مجرب برائے محبت** ۔ اکتالیس سیاہ مرچ لے کر ہر ایک پر اکتالیس بار سورۂ اخلاص پڑھے اور کہے یا اللہ فلان بن فلان را بدون من آرام نگردد و پریشان و بیقرار و بے آرام گشتہ حاضر آید انشاء اللہ تعالیٰ مرچ پر دم کرے یہ دور کے واسطے ہے اگر قریب ہو تو یہ کہے کہ فلاں بن فلاں کو بدون من آرام نہ ملے اور دم کر کے مرچوں کو آگ میں ڈالے اور پڑھتے وقت ایک کٹورا پانی سے بھر پاس رکھے یا کنویں پر بیٹھ جائے جب سب مرچیں جل جائیں دعا مانگ کر چلا آوے،

(۲۹۴) **برائے محبت۔** اس تعویذ کو لکھ کر چاندی یا تانبے کی تعویذ میں کر کے سیدھے بازو پر باندھے ۔ یہ نقش نظر بد کے دفع کے لئے اور بیمار کی شفا کے لئے اور زوجین میں محبت کے لئے اور دو مخالفین کے درمیان کے لئے محبت و مہربانی پیدا کرنے کے لئے شرف

۷۸۶

ح	تذروہ الریاح	فاصبح ھشیما	بہ نبات الارض	السماء فاختلط من ماء	کماء انزلنٰہ	ک
م	الرحیم	ھو الرحمٰن	والشھادۃ علم الغیب	ھو لا الٰہ الا	ھو اللہ الذی	ہ
ع	یطاع ولا شفیع	من حمیم ما للظٰلمین	کاظمین الحناجر	لدی اذ القلوب	یوم الاٰزفۃ	ی
س	تنفس والصبح اذا	عسعس والیل اذا	الجوار الکنس	فلا اقسم ما احضرت	علمت نفس	ع
ق	وشقاق	فی عزۃ	کفروا بل الذین	ذی الذکر	ص والقراٰن	ص

زہرہ میں لکھ کر دینا مفید ہے۔

(۴۹۵) **برائے محبت** ۔ اس نقش کو لکھ کر پتھر کے نیچے دبائے بہت مفید ہے اور بارہا کا تجربہ شدہ ہے ←

۷۸۶

د ح	و و	د د	و ب
و ب	د د	و و	د ح
و و	د ح	و ب	د د
د د	و ب	د ح	و و

فلان بن فلان زوجہا بعداد فلان بن فلان بود

(۴۹۶) **برائے محبت** ۔ جمعہ کے دن ہرن کی کھال پر لکھ کر عود ولوبان کی دھونی دے کر لپیٹے اور سرخ ریشم کے کپڑے میں لپیٹ کر انار کے پیڑ میں لٹکائے بہت مفید ہے ←

۱۰ ۷۸۶

۴		۱
۲	۵	۸
۹		۶

فلان بن فلان بحق

فلان بن فلان زوجہا بعداد

(۴۹۷) **برائے محبت** ۔ سات عدد اخروٹ لے کر ہر ایک پر سات سات بار اس دعا کو پڑھ کر دم کرے پھر حلوا تیار کر کے اس میں ان کو ملادے اور مطلوب کو کھلائے۔ اللھم انی اسئلک باسماء اللہ بعفۃ الکریمۃ المبارکۃ المخزونۃ المکنونۃ التی لایجاوزھن بر ولا فاجر حب فلاں بن فلانۃ علی حب فلاں بن فلاں بحق ایاک نعبد وایاک نستعین بحق اھیا اشراھیا احبا دث ال شدای سلام علی نوح فی العٰلمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمد والہ اجمعین ٥

(۴۹۸) **برائے محبت** ۔ عروج ماہ میں زہرہ کی ساعت میں دو نقش لکھے اور موم سفید کی دو صورت بنائے مگر اعضاء کی تفصیل ظاہر نہ کرے اور اس کے گردن میں دونوں نقش لٹکائیں اور اپنے سامنے کھڑی کر کے ایک بڑی سوئی اس طرح چبھوئیں کہ دوسری صورت میں پیوست ہوجائے پھر ایک کوری ہانڈی میں رکھ کر چولھے کے اندر دفن کریں مگر اس کا لحاظ رکھیں کہ اتنی گرمی نہ پہونچے کہ موم پگھل جائے اور اگر مرد

کے لئے یہ تعویذ لکھنے کی ضرورت پڑے تو ساعت زہرہ کے بجائے ساعت مشتری میں تحریر کریں۔

ق	٥٨٣٥١	٥٨٣٤٤	٥٨٣٦١	٥٨٣٥٨	و
ل	٥٨٣٤٧	٥٨٣٥٤	٥٨٣٥٢	٥٨٣٦٣	ه
الحـ	٥٨٣٥٦	٥٨٣٥٩	٥٨٣٦٦	٥٨٣٥٣	ق
د	٥٨٣٤٥	٥٨٣٥٤	٥٨٣٥٥	٥٨٣٦٠	ه
الملک					

(۴۹۹) عمل برائے تسخیر و محبّت۔ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ

اس اسم مبارک کے نصاب کی تعداد گیارہ ہزار ہے اور زکات پانچ ہزار پانسو پچاس اور قفل دو ہزار سات سو تہتر اور دور مدور نوے ہزار چار سو پچاس اور بذل نو ہزار سات سو چھبیس ہے، ترک جلالی اور روزہ و غسل کے ساتھ ایک دن یا دو دن کے اندر شرائط سے فارغ ہو جائے پھر جس وقت کسی کی تسخیر یا محبت کا ارادہ ہو اس اسم مبارک کے ساتھ مطلوب اور اس کی ماں کے نام کو نیز اپنا نام اور اپنی والدہ کے نام ان چاروں ناموں کے اعداد نکال کر جمع کرے اور چالیس روز تک اس تعداد کے موافق پڑھے اور پڑھنے کے وقت مطلوب کی صورت کا تصور رکھے اور ہر سو بار پڑھنے کے بعد تین بار یہ پڑھ لیا کرے یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَ فلاں بن فلاں اِلَیَّ بے شک مطلوب مسخر ہوگا مجرب ہے۔ اور یہ بھی اختیار ہے کہ چالیس دن سے کم مدت میں پورا کرے۔ (کاشف الاسرار شریف)

(۵۰۰) عمل حضرت سجاد قدس سرہ۔ یَا بَدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بَدُّوْحُ

یَا بُدُّوْحُ یَا بَدُّوْحُ ان اسماء میں صرف اختلاف اعراب ہے کسی ایک کو متعین کر کے مع چاروں مؤکلوں کے جس مدت میں چاہے عدد کبیر کی مقدار پڑھے عدد کبیر آٹھ ہزار

چھ سو بیالیس ہے اس طرح اَجبُ یا جبرئیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل بحق یا بدوح۔ عمل فراغت کے بعد روزآنہ چھ ہزار بار دن میں اور چھ ہزار بار رات میں پڑھے کہ عمل مکمل ہو جائے اور رجعت نہ ہو۔

پرہیز جلالی و جمالی روزہ و غسل لازم جانے اور ہر اسم مطلب کے لئے بیس ہزار مرتبہ روزآنہ پڑھے ظاہری و باطنی مدعا حاصل ہوگا مجرب ہے۔ (کاشف الاسرار شریف)

(۵۰۱) **عمل بدوح برائے محبت۔** مردہ کی ہڈی لے کر اس پر اپنا تھوک ڈالے پھر باریک پیس کر کسی کاغذ پر مطلوب و طالب کا نام لکھ کر اس پر اسے چھڑک دے اس کاغذ کو لپیٹ کر سر کے نیچے رکھے اور مطلوب کی صورت کا تخیل کرے، ہڈی کو پیستے وقت بدوح کا ورد رکھے اور کاغذ پر ڈال کر تین مرتبہ یا بدوح پڑھے۔

مغلوبی و مقہوری دشمنان و تفریق و عداوت کے تعویذات و عملیات

(۵۰۲) **برائے دفع شر دشمنان۔** اس اسم کی زکات سوا لاکھ ہے بشرائط معلومہ پڑھے اس کے بعد بارہ سو مرتبہ روزآنہ بعد نماز عشاء پڑھے اور پڑھتے وقت دشمنوں کا خیال رکھے اور یا اَلشَرِ وَ الطَّرَاقِ پڑھتے وقت دشمن کا خیال کر کے دونوں ہاتھوں کی پشت سے زمین پر مارے اور تصور کرے کہ یہ دشمن کے سر پر مارتا ہوں وہ اسم اعظم یہ ہے یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یا اَلشَرِ وَ الطَّرَاقِ۔

(۵۰۳) **عمل قُلْ ھُوَ اللّٰہ شریف کا جو مجرب ہے** ۔ دشمنوں کے دفع کیلئے نزول قہر میں اس طرح پڑھنا بہت اثر رکھتا ہے اگر طلوع آفتاب سے قبل نماز صبح کے بعد ہفتہ کے دن اس کا نقش لکھے اور اس پر خشک قلم سے اپنا اور اپنی والدہ اور دوسرے فریق اور اس کی ماں کا نام لکھے اور یہ کہے ۔ الٰہی بہ برکت اس کلام پاک ، کے ان میں موافقت کر پھر اسے دھو کر مطلوب کو پلاوے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ شیرینی پر دم کر کے کھلاوے اور کسی امر حرام کے لیئے نہ کرے ۔ قُلْ ھُوَ اللّٰہ شریف ایک ہزار بار ، اول و آخر درود شریف تو سَو سَو بار ۔

(۵۰۴) **دشمنوں سے محفوظ رہنے کا عمل** ۔ جس کو دشمنوں کا خوف ہو اس کو چاہیے کہ سورۂ نحل ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ سب متفرق ہو جائینگے ۔


(۵۰۵) **مغلوبی اعدا کا عمل** ۔ اس رباعی کو بے تعداد پڑھے اول و آخر درود شریف کم از کم ۳-۳ بار رباعی یہ ہے ۔

خاک در آستاں من باش مترس ÷ رو در صف دوستاں من باش مترس
دل فارغ دار از آں من باش مترس ÷ گر جملہ جہاں قصد بجوں تو کنند

(۵۰۶) **دشمنوں کو بھگانے کا عمل** ۔ اس آیت کریمہ کو گیارہ بار تھوڑی سی مٹی لیکر دشمنوں کے مجمع میں پھینک دے وہ متفرق ہو جائینگے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی ولیبلی اللہ المؤمنین منہ بلاءً حسنا ان اللہ سمیع علیم ۝

(۵۰۷) **برائے تفریق** ۔ مٹی کے ایک گلہڑ کو لے کر عورت کے سر کے بال کی دھونی دی جائے اور مرد اس سے پانی پیئے انشاء اللہ تعالیٰ عورت اس مرد سے بے حد نفرت کرے گی

(۵۰۸) **دشمن کو مقہور کرنیکا مجرب عمل** ۔ مقہوری دشمنان کے لئے یہ نقش



لکھا جائے اور درمیان میں دشمن کا نام لکھیں اور چولھے میں دبادیں انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مقہور ہوگا ←

(۵۰۹) مخالف کی زبان بند کرنیکا مجرب عمل،

اکتالیس بار سورۂ یٰسٓ شریف پڑھ کر چوب گز پر دم کرے اور دشمنوں کا نام لے کر دم کرے اور پاک زمین میں دفن کردے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کی زبان بند ہو جائے گی۔

(۵۱۰) دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کا مجرب عمل ۔ اگر اس آیت کو لکھ کر اپنے پاس رکھے محفوظ رہے گا اور چاہئے کہ گلاب زعفران سے لکھے اور مشک ہو تو بہتر ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم ان ربکم اللہ الذی خلق السمٰوات والارض (الی قولہ) من المحسنین ٥ اور یہ عمل آنکھ کے زخم اور سانپ بچھو اور درد دل کے لئے بھی مفید ہے،

(۵۱۱) بغض وعداوت کا بہترین عمل ۔ گوگرد[ع] پر سورۂ عبس گیارہ بار مع نام ہر دو پڑھ کر دم کر کے کوئلے کی آگ میں جلائے مجرب ہے۔

(۵۱۲) ظالم کے ظلم سے محفوظ رہنے کا عمل ۔ شاہ عبد الرزاق جھنجھانوی قدس سرّہٗ کا عطیہ ہے یہ دعا سوا لاکھ مرتبہ تین روز میں پڑھے خواہ تنہا یا چند آدمی ملکر مگر پڑھنے والوں کی تعداد طاق ہو اور نیاز حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دلائیں۔ دعا یہ ہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ النَّارِ وَمِنْ مَکْرِ الْکُفَّارِ وَمِنْ غَضَبِ الْجَبَّارِ ٥

(۵۱۳) عمل خاص ۔ یہ عمل دشمنوں کے دفع اور ان کی زبان بندی اور ان پر کامیابی پانے کے لئے مفید ہے اور ظالموں کے ہلاک کرنے کے لئے بھی مفید ہے یعنی ختم سورۂ مزمل شریف سات دن ہر دن گیارہ مرتبہ اس طریقہ سے پڑھے۔ ظہر کی سنت اور فرض کے درمیان اور عشاء کے فرض وسنت کے درمیان فجر کی سنت و فرض کے درمیان کسی سے بات نہ کرے پہلے درود شریف یہ پڑھے اللھم صل علیٰ محمد بعدد المومنین

ع ۔ گوگرد گندھک کو کہتے ہیں

والکافرین اللھم صل علی محمد بعدد المطر والانبیاء پھر سورۂ مزمل شروع کرے جب اس کلمہ پر پہونچے ھِیَ اَشَدُّ وَطۡأً وَّاَقۡوَمُ قِیۡلًا ۝ ستر مرتبہ کہے اللھم فلاں بن فلاں را دفع وھلاک گرداں پھر جب اس کلمہ پر پہونچے علیٰ ما یقولون دس بار کہے فلاں بن فلاں را بند گرداں اور ان لن تحصوہ پر ایک بار یوں کہے خداوندا فلاں را برائے من افگندہ گرداں وموم سر گرداں ورسوا گرداں اور او ہفت اندام گرہ گرداں تا وقت مرگ بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔ یہ عمل آزمودہ ہے بعد ختم یہ دعا پڑھے یا مُسَبِّبَ الۡاَسۡبَابِ یَا مُفَتِّحُ فَتِّحۡ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجۡ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلۡ وَیَا مُیَسِّرُ یَسِّرۡ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمۡ عَلَیۡنَا نِعۡمَتَکَ وَهَبۡ لَنَا کَرَامَتَکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ ۝

(۵۱۴) **تفریق** ۔ روٹی کے ٹکڑے پر اس کو لکھ کر

لوا

٦١٩٩٧١٩١١٦٥٨٦١١

کتے کو ڈال دیں اور دونوں فریق کا نام بھی تحریر کریں ←

(۵۱۵) **دشمن کو مقہور کرنے کا بہترین عمل** ۔ مقہوری کا عمل کہ منسوب ہے حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جانب پہلے طالب کے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ لکھیں پھر یا قہار کے بعدہٗ مطلوب کے سب ایک سطر میں ہو پھر زمام کریں جب اول سطر آجائے ۔ اس کا فتیلہ بناکر نئی روئی لپیٹ کر تیل یا گھی میں جلائیں اور چراغ کورا ہو اور فتیلہ کا منہ مطلوب کے مکان کی طرف ہو اور یا قہار پڑھتے رہیے ۔ اور فتیلہ روشن کرنے کے وقت نیاز حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دلائیں اور اس عمل کو حاصل کرنے کے لیے ایک لاکھ مرتبہ پڑھیں تین دن میں بدھ، جمعرات، جمعہ اور فتیلہ بھی جلائیں خواہ ایک ہی فتیلہ تین دن یا ہر دن علیحدہ علیحدہ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا ۔

(۵۱۶) **برائے تفریق** ۔ ان آیات کو لکھ کر کنوئیں میں ڈال دیں والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیمۃ ۔ انما یرید الشیطن ان یوقع بینکم العداوۃ والبغضاء

فی الخمر والمیسر ویصدکم عن ذکر اللہ وعن الصلوٰۃ فھل انتم منتھون فلاں بن فلاں علی العداوۃ والبغضاء فلاں بن فلانۃ العجل العجل الساعۃ۔

(۵۱۷) **ہلاکی دشمناں** ۔ پاؤ بھر گیہوں کے آٹے سے ہزار گولیاں چنے برابر بنائیں اور ہر گولی پر ایک ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھ کر دم کریں یا عزیز اللہ یا باسط یا طاطائیل یا اعطائیل یا سر فمائیل یا سر اکیطائیل پھر ان گولیوں کو پرندوں کو کھلائیں بعد ازاں اسی دعا کو روزانہ دو سو مرتبہ دوپہر کے وقت پڑھا کریں اور تھوڑی سی خاک ہتھیلی پر رکھ کر دشمن کی طرف ڈالدیں انشاء اللہ تعالیٰ دو ہفتہ میں دشمن خراب ہوگا مگر خدا سے ڈریں اور کبھی ناجائز کام کے لئے نہ کریں اور جہاں تک ممکن ہو ضبط کریں۔

(۵۱۸) **ایضاً برائے ہلاکی دشمناں** ۔ نیم کے یا لیموں کے سات پتے لے کر نحس دن کہ اتوار یا منگل ہے اور تاریخ نحس بھی ہو زوال کے وقت اسی درخت کے نیچے بیٹھ کر ہر پتے پر یہ آیت لکھ کر ایک ایک پتہ جلائیں ایک ہفتہ تک مقصد بونہ تعالیٰ پورا ہوگا والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیٰمۃ وسوف ینبئھم اللہ بما کانوا یصنعون ۝

(۵۱۹) **ایضاً** آیت کریمہ کل من علیھا فان ویبقیٰ وجہ ربک ذوالجلال والاکرام بارہ ڈھیلے لے کر ہر ایک پر بارہ ۱۲ بارہ ۱۲ مرتبہ پڑھ کر دم کریں بارہ ۱۲ دن تک اور ہر روز ایک ایک ڈھیلہ علیحدہ علیحدہ جگہ دشمن کے گھر کی دیوار پر ماریں بہت جلد دشمن خراب ہوگا اور بہتر یہ ہے کہ عامل خود ڈھیلے مارے۔

(۵۲۰) **ایضاً** ۔ ریشمی دھاگے پر سورۂ الم ترکیف ستر مرتبہ پڑھ کر کہے بستم بول فلاں بن فلاں اور دم کرے۔ اسی طرح سترہ دن تک کرے اور سترہ گرہ دے پھر اس کو کسی جگہ دفن کرے دشمن کا پیشاب بند ہوجائے گا اور کھولنا مقصود ہو تو اس کو نکال لے۔

(۵۲۱) **مغلوبیٔ اعداء کے لئے مجرب ہے۔** جمعہ کی رات میں آدھی رات کو تازہ وضو کرے اور دس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے پھر دو رکعت نماز حاجت پڑھے اور دشمنوں پر غلبہ پانے کے تصور کے ساتھ ستر مرتبہ یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ شَتِّتْ شَمْلَھُمْ وَفَرِّقْ جَمْعَھُمْ وَقَلِّبْ تَدْبِیْرَھُمْ وَخَرِّبْ بُنْیَانَھُمْ وَبَدِّلْ اَحْوَالَھُمْ وَقَرِّبْ اٰجَالَھُمْ وَقَطِّعْ اَرْزَاقَھُمْ وَاشْغَلْھُمْ بِاَبْدَانِھِمْ وَخُذْھُمْ اَخْذَ عَزِیْزٍ مُّقْتَدِرٍ یَا قَھَّارُ یَا قَھَّارُ یَا قَھَّارُ ٥


(۵۲۲) **زبان بندی دشمنان کیلئے مجرب ہے۔** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قدیم یا دائم یا حی یا قیوم یا باقی یا الٰہ الاولین و یا الٰہ الآخرین ہر کہ مرا بہ بیند و بد خواہد ضربت لا الٰہ الا اللہ بجان او و بستگی محمد رسول اللہ بر زبان او و عصائے موسیٰ بر جگر او و آرۂ زکریا بر سر او و مہر سلیمان بر دہن او و طوفان نوح در خانہ او و کرم ایوب در بدن او و غبارۂ دنیا در چشم او و تیغ رجال الغیب بر قتل او یا بدوح یا بدوح یا بدوح ہر نماز کے بعد یا صبح و شام دشمن کے گھر کی طرف رُخ کر کے بیٹھے اور شہادت کی انگلی اٹھا کر اس کی صورت کا تصور کر کے انگلی سے مارے اور درود شریف پڑھ کر اس دُعا کو تین بار پڑھے۔

(۵۲۳) **دشمنوں سے حفاظت اور حصول مدد کیلئے۔** اسمائے اقطاب اربعہ سو بار۔ اول و آخر درود شریف ۳ ۳ بار پڑھے یعنی اس طرح یا شیخ عبدالکریم غربی یا شیخ عبدالجلیل جنوبی یا شیخ عبدالرحیم شرقی یا شیخ عبدالرشید شمالی۔

(۵۲۴) **دشمنوں کے شر سے حفاظت۔** آیت قطب و آیت غوث لکھکر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(۵۲۵) **ایضاً۔** اگر چوروں یا دشمنوں کا ڈر ہو یا راستہ خوفناک ہو یا جنگل بیابان میں وحشت ہو تو اپنے چاروں طرف ن، ق علیحدہ علیحدہ رکھے اور کریمہ قولہ الحق و لہ الملک (الآیۃ) ــــ

وزوجات حائم زحل کہ ب ود وود دح کو اسی طرح کرے تو دشمن کی نظر سے روپوش ہو جائے گا اور اس کے خوف سے بے خوف ہو جائے گا۔



(۵۲۶) **ایضاً**۔ مرغ کے خون سے لکھ کر اسی مکان میں دفن کرے بہت بار تجربہ ہو چکا ہے ←

(۵۲۷) **برائے ہلاکت**۔ اس آیت شریفہ کو کاغذ پر لکھ کر دشمن کے ماں باپ کے نام کے ساتھ دیگ میں ڈالے اور اس کو پانی سے بھر دے اور اس کے نیچے آگ جلائے اور تین دن تک آگ برابر جلتی رہے جتنا جتنا پانی خشک ہو گا اسی وقت سے اتنا ہی دشمن کا بدن خشک ہوتا جائے گا یہاں تک کہ پانی خود بخود بالکل خشک ہو جائے گا اور دشمن ہلاک ہو جائے گا اور کسی کی سمجھ میں اس کا مرض نہ آئے گا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم فجعلنا علیہا سافلہا وامطرنا علیہم حجارۃ من سجیل فلاں بن فلاں ہلاک گردد یاجلیل یاجلیل یاجلیل۔

(۵۲۸) **ایضاً**۔ سورۂ لہب ہزار بار پڑھے اور دشمن اور اس کی ماں کا نام زمین پر لکھ کر چھری سے کاٹے دشمن باذنہ تعالیٰ ہلاک ہو گا۔

(۵۲۹) **ہلاکئ دشمناں**۔ اس مخمس کو کسوف یا خسوف میں جسقدر چاہیں لکھ کر کوزہ میں بند کر کے کسی جگہ دفن کر دیں۔ بر وقت ضرورت نکال کر مطلب لکھ کر پرانی قبر میں کلھڑ میں کر کے دفن کر دیں۔ یہ مخمس متعدد کاموں میں معمول ہے مثلاً قلعہ یا لشکر یا شہر باندھنے کے لئے دشمن یا اس کی دوکان باندھنے کے لئے نظر بندی اور شہوت

باندھنے کے لئے بھی مستعمل ہے خانہ اول کا عدد ۵۶۷ ہے اور ختم ۵۹۲ ہے اور کسر ایک جو خانہ ۲۱ میں لکھی جائے یعنی ۵۸۶ کے بعد ۵۸۸ ہے اور زکات سوالاکھ ہے ←

۵۷۳	۵۷۹	۵۸۵	۵۹۲	۵۶۷
۵۸۶	۵۸۸	۵۶۸	۵۷۴	۵۸۰
۵۶۹	۵۷۵	۵۸۱	۵۸۲	۵۸۹
۵۷۷	۵۸۳	۵۹۰	۵۷۰	۵۷۶
۵۹۱	۵۷۱	۵۷۲	۵۷۸	۵۸۴

(۵۳۰) **برائے تفریق** ۔ بکری کے شانے پر لکھ کر پرانی قبر میں ڈال دیں والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیمۃ فراق دل فلاں بن فلاں علی عداوۃ فلاں بن فلاں ۔ فلاں بن فلاں کی جگہ مرد و عورت اور انکی ماں کا نام لکھیں ۔

(۵۳۱) **برائے تفریق** ۔ شنبہ کے دن مطلوب کے پیر کی مٹی لیکر آفتاب نکلنے سے پہلے سورۂ کوثر سات بار دم کر کے طالب کے پیر کے نیچے ڈالدے ۔

(۵۳۲) **برائے ہلاکت مجرب ہے** ۔ پرانی قبر کے اکتالیس ڈھیلے لائے اور اس پر سورۂ لہب اکتالیس بار اور یَا مُمِیتُ یَا خَافِضُ یَا مُقْتَدِرُ بِحَقِّ کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ ۸۸ ۔ ۸۸ بار پڑھ کر دم کرے اسی طرح اڑتالیس دن دم کرے اور فرصت نہ ہو تو اٹھارہ دن اس کے بعد ظالم دشمن کے مکان میں ڈالدے اور انھیں پیس کر بھی ڈال سکتا ہے اور کسی سے اس کا تذکرہ نہ کرے پھر تو قدرت حق کا مشاہدہ کرے اس عمل میں ترک حیوانات اور تنہائی اور روزہ و غسل شرط ہے ۔

(۵۳۳) **دشمن کی بربادی** ۔ گدھے کے چمڑے پر لکھ کر پرانی قبر میں دفن کرے اور خواہ مثلث میں لکھے یا مربع میں ہر دو کا اختیار ہے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن جلد برباد ہوگا آیت کریمہ یہ ہے فی قلوبھم مرض فزادھم اللہ مرضا ولھم عذاب الیم ٥

(۵۳۴) **دشمن کو گھر سے بھگانے کا مجرب عمل** ۔ اس مثلث کو تحریر کر کے

نیچے مطلب لکھے اور اس کا نام مع ماں کے نام کے تحریر کرے اور آب جاری میں ڈالے

۷۸۹

٨	٣	٤
کیفشوتا ا	ع	٩
٦	٧	٢

اس نقش کی زکات ۵۰۰۰ ۱۲ ہے اور زکوٰۃ صغیر ہر روز پندرہ نقش لکھے محبوس کو قید سے نجات پائے اور وضع حمل کی آسانی کے لئے بھی مجرب ہے

(۵۲۵) ایضاً دشمن کو تکلیف پہونچانے کا عمل ۔ سورۂ کوثر اس طریقہ سے انڈے کے چھلکے پر تحریر کرے دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھا جائے اور کورے کپڑے میں لپیٹ کر آگ میں ڈالے دشمن کا پیشاب بند ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ

ا نـــــــــــــــــا
ل ہ ب ث و ا ن ح ر

ا عطینـــــــــــــــــــــــک
ہ ت ی ن ا ش، ا

الکو ثـــــــــــــــــــــــــــر
و ا ل ا ب ت ر

فصـــــــــــــــــــــــــل

(۵۲۶) دشمن کو گھر سے نکالنے کا عمل ۔ اس دعاء کو لکھ کر گھر کے اندر جو طاق پوربی جانب میں ہو وہاں لگا کر کیل ٹھونک دے بسم اللہ الرحمن الرحیم الم ترا الی ربک کیف مد الظل ولو شاء لجعلہ ساکنا ثم جعلنا الشمس علیہ دلیلا ثم قبضنہ الینا قبضا یسیرا طس طٰا سین (فلاں بن فلانہ) ان یخرج من بیتنا حسب مرادنا اللھم لک الشرق ولک الغرب ولک البر ولک البحر ولک السموات ولک الارض اسئلک ان تضیق علی (فلاں بن فلانہ) ان یخرج من بیتنا حسب مرادنا ساعۃ الارض والجبال والبر والبحر حتی یکون علیہ اضیق من حلقۃ علی اصبع حتی یخرج من بیتنا حسب مرادنا وضاقت علیھم الارض بما رحبت وضاقت علیھم انفسھم وظنوا ان لا ملجا من اللہ الا الیہ۔

(۵۲۷) عمل عجیب ۔ نزول ماہ میں نحس تاریخ میں آدھی رات کے بعد پاک زمین پر بیٹھ کر اپنے گرد دائرہ کھینچ لے اور چھری سے دائرہ کے اندر دشمن کی صورت بنائے[1]

[1] پوری شکل نہ بنائیں کیونکہ تصویر بنانا حرام ہے صرف چند خطوط بنائیں

اور اس کا نام رکھ لے اور اس دعا کو سو مرتبہ پڑھ کر دس جوتے اس تصویر کو مارے اسی طرح ہزار بار پڑھے اور ہر سو مرتبہ پڑھنے کے بعد دس جوتے مارے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کو جوتے لگیں گے بسم اللہ الرحمن الرحیم اَنڈ مَنڈ ذوالجلال مار جوتی دھڑ بچھاڑ یا قاھر ذالبطش الشدید انت الذی لایطاق انتقامہ یا قاھر ٥

(۵۳۸) عمل برائے دفع دشمن و بیمار کرنیکا۔ ۲۸ تاریخ کو شروع کرے اور تین دن تک برابر کرے پھر چھوڑ دے اسی طرح دوسرے مہینہ میں کرے۔ بعد نماز صبح کھڑے ہو کر دشمن کے مکان کی جانب منہ کرکے گیارہ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تین باریوں کہے زدیم بدست عزرائیل اور ہاتھوں کو زمین پر مارے لیکن اس دعا کے پڑھنے کے دوران ہر وضو کے وقت اسم یا قادر تین تین بار ہر عضو پر دم کرے کہ بہ اسرار ہے اور یہ عمل مجرب ہے دعا یہ ہے عافران ۔ دڈا ظالمان ۔ دڈا باطلان ۔ دڈا اِسْمُ اللهُ اَكْبَرُ يَا صَمَدُ يَا صَمَدُ وَبِحَقِ عِزْرَائِيلِ وَبِحَقِ اِسْرَافِيلَ وَبِحَقِ مِيكَائِيلِ وَ بِحَقِ جِبْرَئِيلِ ٥

(۵۳۹) برائے مقہوری دشمناں۔ نیم کی ٹہنی پر دشمن کا نام لکھ کر اپنے سامنے رکھے پھر اول آخر درود شریف پڑھ کر سورۃ انا اعطینٰک ہزار بار بالتسمیہ پڑھے مگر ایک مجلس میں پڑھے جب سو پڑھ چکے تو اس نیم کی ٹہنی پر دم کرکے اسی طرح ہزار پورا کرے بعدہٗ اس ٹہنی کو ایسے کنواں میں ڈالے جس میں پانی نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب وہ دشمن پریشان و حیران ہو کر صحیح حالت پر ہو جائے گا یہ عمل ایک ہفتہ کافی ہے مگر اکیس دن تک کرنا چاہیئے اور بہتر رات کا وقت ہے اور آخر ماہ میں شروع کرے۔

(۵۴۰) سرکش دشمن کو زیر کرنے کیلئے مجرب ہے۔ حضور اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کے مجموعہ کا تازہ عطیہ ہے، جمعہ کے دن روزہ رکھے اور نماز صبح کے بعد خلوت

میں حضور قلب کے ساتھ چھ سو مرتبہ پڑھے ماشاء اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ پھر حاجت کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

(۵۴۱) **ایضاً**۔ اس کریمہ کی کثرت کرے سَیَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ یُّسْرًا ہ اور بارش کے پانی سے زعفران گھول کر ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

(۵۴۲) **دعائے حیدری برائے ہلاکی دشمن**۔ یہ دعا روزانہ وقت مقررہ پر گیارہ مرتبہ پڑھے دشمنوں سے حفاظت رہے اور اس کا نقش تانبے کے پتر پر کندہ کرا کے چاندی کی قلعی کرا کے پڑھتے وقت سامنے رکھ لے۔ نیز اگر دشمن کو ہلاک کرنا چاہے تو نقش پر کلمہ کی انگلی رکھ کر بار بار خوب زور سے مارتا جائے گیارہ دن نہ گزریں گے کہ دشمن ہلاک ہوگا انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ۔

دعائے حیدری۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا یَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْهِ یہاں حضرت علی کا چہرہ مثل آفتاب کے تصور کرے حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ اَجِبْ اِسْمَ اٰیْلَ بِحَقِّ یَا مَعْرُوْشُ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ وَیَا مُفَرِّجَ الْمَحْزُوْنِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَكَّلْتُ عَلَیْهِ یَا رَبِّیْ قَضَیْتُ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا بَاسِطُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ تین بار پڑھے اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ عَلٰی حَقَائِقَ الْاَشْیَاءِ كَمَا هِیَ اَنْتَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ سُبْحٰنَ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ ہ حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ یَا اللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ كُلِّ فِعَالِهٖ پوری عبارت تین بار پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

كَمَا يَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْجَلِيْلِ الْجَبَّارِ الْقَاهِرِ الْقَهَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَاهِرِيْنَ
عَلٰى اَعْدَائِهٖ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ٥ يَا حَيْدَرُ يَا حَيْدَرُ يَا حَيْدَرُ يَا اَبَا تُرَابٍ يَا عَلِيُّ يَا اَسَدَ
اللّٰهِ وَلِيَّ اللّٰهِ يَا رِجَالَ اللّٰهِ يَا مَقْبُوْلَ اللّٰهِ يَا مَحْبُوْبَ اللّٰهِ يَا ظُهُوْرَ اللّٰهِ يَا مُظْهِرَ
الْعَجَائِبِ بِالْقَهْرِ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ يَا حَقُّ يَا حَقُّ يَا حَقُّ تَحَقَّقْتَ بِالْحَقِّ وَالْحَقُّ
فِيْ حَقِّ حَقِّكَ يَا حَقُّ يَا فَتَّاحُ يَا فَتَّاحُ يَا فَتَّاحُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پھر خوفزدہ ہو کر عظمت الٰہی کا دل میں تصور کر کے
پڑھے تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَةِ وَالْعَظَمَةُ فِيْ عَظَمَةِ عَظَمَتِكَ يَا رَبُّ يَا قَدِيْرُ يَا قَدِيْرُ يَا قَدِيْرُ
يَا خَالِقُ يَا كَرِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا مُسَخِّرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا يَا حَلِيْمُ يَا مُحْيِيْ يَا مُمِيْتُ
يَا مُتَكَبِّرُ يَا ضَارُّ يَا جَلِيْلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ يَا
جَلِيْلُ يَا جَلِيْلُ يَا جَلِيْلُ حَسُوْدِيْ مَقْهُوْرٌ اس جگہ دشمن کو ذلیل و خوار تصور کرے وَعَدُوِّيْ
مَقْتُوْلٌ بِقَهْرِكَ يَا قَاهِرُ تین بار پڑھے تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِيْ قَهْرِ قَهْرِكَ
يَا قَهَّارُ يَا قَهَّارُ يَا قَهَّارُ قَهَرَ اَعْدَائِيْ يَا اُوْرِيَائِيْلُ بِحَقِّ عَدُوِّيْ يَا خَوْلَائِيْلُ بِحَقِّ
رَيْنُوْنِيْ يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرِ عَزِيْزِ سُلْطَانِهٖ يَا مُذِلُّ يَا نَقِيًّا مِّنْ كُلِّ
جَوْرٍ لَمْ يَرْضَهٗ وَلَمْ يُخَالِطْهُ فِعَالُهٗ يَا نَقِيُّ فَقَتَلْتُ بِسَيْفِ اللّٰهِ اس جگہ دشمن
کو مردہ تصور کرے لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى اس جگہ عزرائیل علیہ السّلام کو حاضر جان کر دشمن کو مردہ تصور کرے
يَا قَوِيُّ يَا قَاهِرُ يَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ اِقْهَرْ وَ
ادْفَعْ اَعْدَائِيْ بِمِنْ قَهْرِكَ وَاَنْتَ اَشَدُّ الْقَاهِرِيْنَ حَقَّ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى

اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ الصَّلٰوۃُ عَلَیْهِ یَا تَکَفِّیْلُ بِحَقِّ حَجَّۃُ اللہِ یَا حَمِیْدُ
الْفَعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ یَا حَمِیْدُ (یَا تَکَفِّیْلُ سے یاحمید تک تین تین
بار پڑھے) یَا خَوْلَائِیْلُ بِحَقِّیْ وَحَبْشِ کَلِیْخِ یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ
کُلِّ دَعْوَۃٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَمُوْنِسِیْ وَحْشَۃٍ وَرِجَائِیْ حِیْنَ یَنْقَطِعُ
حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ نَادِ عَلِیًّا مُظْهِرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ هَمٍّ وَّ
غَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِکَ یَا رَسُوْلَ اللہِ وَبِوِلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا اَللّٰہُ یَا سَمِیْعُ
لَحِبُّ دَعْوَتِیْ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَا جِبْرَئِیْلُ بِحَقِّ یَا مُظْهِرَ الْعَجَائِبِ یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ
یَا اَوَّلُ یَا آخِرُ اَنْتَ اَجِبْ دَعْوَتِیْ یَا مُجِیْبَ الشَّاْنِ یَا قَوُّ قَائِیْلُ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّکَ فِیْ
النَّوَائِبِ کُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِوِلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ ۔

(نوٹ) یہ عمل بزرگوں کا مجرب المجرب ہے۔

(۵۴۳) برائے زبان بندی دشمناں۔ سورۂ والتین کے اعداد مربع میں پر کر کے مچھلی کے منہ میں رکھیں اور پرانی قبر میں دفن کریں اور صاحب قبر سے یہ الفاظ کہیں۔ اے صاحب قبر از برکت تو زبان فلاں بن فلاں بند ہو جائے پھر صاحب قبر کی نیاز دلائے۔

۲۵۵۶	۲۵۵۹	۲۵۶۲	۲۵۴۹
۲۵۶۱	۲۵۵۰	۲۵۵۵	۲۵۶۰
۲۵۵۱	۲۵۶۴	۲۵۵۷	۲۵۵۴
۲۵۵۸	۲۵۵۳	۲۵۵۲	۲۵۶۳


(۵۴۴) ایضاً۔ وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینٰھم فھم لا یبصرون ۔ نمک کی سات کنکریاں لے کر ہر کنکری پر سات سات بار اس آیت کریمہ کو پڑھ کر دم کرے اور دونوں کا نام مع ماں کے لکھ کر آگ میں ڈالے اور یہ کہے کہ فلاں بن فلاں اور فلاں بن فلاں کے درمیان عداوت ہو۔

(۵۴۵) برائے جدائی مجرب ہے۔ اس نقش کو منگل یا اتوار کو مرتب

انت الذی	لایطیق	انتقامہ	یاقاھر
الشدید	انت الذی	لا یطیق	انتقامہ
ذاالبطش	الشدید	انت الذی	لا یطیق
یاقاھر	ذاالبطش	ذاالبطش	انت الذی

یا زحل کی ساعت میں لکھ کر کسی پرانی قبر میں دفن کرے فوراً جدائی ہو گی اور اگر ہفتہ کے اندر تعویذ کا اثر نہ ہو تو نکال کر جلا دے۔

(۵۴۶) یہ نقش دفع اعدا اور ہر ظالم و شریر سے حفاظت کا ہے۔ حضور سیدنا اعلیٰحضرت قدس اللہ سرہ کا مجرب ہے۔



اسے لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے دشمنوں سے نجات ملے گی اور ہر شریر و جابر سے حفاظت رہے گی اور مکان یا دوکان میں لٹکانا بھی مفید ہے یہ چھ نقشوں کا مجموعہ ہے پانچ اسمائے باری تعالیٰ۔ اللہ، وکیل، حافظ، حفیظ، رقیب اور دعا اللھم انا نجعلک الخ اور مذکور امور کے لئے نافع ہے۔

ہر حاجت و مطلب کے مجرب عمل

(۵۴۷) برائے قضائے حاجات ۔ عمل آیہ کریمہ لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظلمین ٥ یہ کریمہ ہر حاجات کے لئے مفید و مجرب ہے خصوصاً ادائے قرض اور قید سے رہائی کے لئے کبریت احمر ہے اور ہمارے خاندان میں اسمائے مبارکہ یا حی یا قیوم کے ساتھ پڑھا جاتا ہے زکات سوالاکھ ہے اور ترک جلالی کافی ہے اور دونوں میسّر ہو تو بہتر ہے۔ یہ عمل عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ سے شروع کیا جائے اور ہر روز تین ہزار ایک سو پچیس ۳۱۲۵ بار چالیس روز تک پڑھیں لیکن ہر ہزار بلکہ سو مرتبہ پڑھ لینے کے بعد آیت کریمہ فاستجبنا لہٗ ونجیناہ من الغم وکذلک ننجی المومنین ٥ تین تین بار پڑھیں جلد کام ہو جائے گا بلکہ اگر تھوڑی مدت میں پڑھنا چاہیں تو تعداد بڑھا دیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ چند شخص صالح ایک ہی روز میں ختم کریں اور بعد ادائے زکات اثر زکات باقی رکھنے کے لئے روزآنہ بعد نماز فجر ایک سو گیارہ ۱۱۱ اور آیت ثانیہ کو گیارہ بار پڑھا کریں۔ پھر کسی اہم کام کے لئے ضرورت پیش آئے تو تاریکی میں بیٹھ کر ایک پیالے میں پانی بھر کر سامنے رکھیں اور کریمہ کو تین سو ساٹھ بار پڑھیں اور پڑھنے کے دوران پانی لے کر چہرہ پر مل لیا کریں تا قضائے حاجت ایسا ہی کریں۔

(۵۴۸) **دیگر۔** ہر اہم کام کے لئے سورۂ ہود شریف تیرہ بار تلاوت کی جائے اول و آخر درود شریف سو۱۰۰ سو۱۰۰ بار۔ بہت زود اثر ہے۔

(۵۴۹) **برائے قضائے حاجات۔** آیت کریمہ ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب ط ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ؕ ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شیٔ قدرا ؕ حدیث شریف میں ہے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مجھے ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اگر لوگ اس پر عامل ہوں تو ان کی حاجتوں کو کافی ہے پھر یہ آیت کریمہ ارشاد فرمائی ادائے قرض، اور روزی و روزگار کے لئے اس کی کثرت مفید و مجرب ہے۔

(۵۵۰) **قضائے حاجات** کے لئے یہ رُباعی مفید و مجرب ہے۔

الٰہی تو بگردانی بلا را ✽ ز آفتہا نگہداری تو مارا
بحق ہر دو گیسوئے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ✽ زبوں گرداں زبردستان ما را

زکات کا طریقہ یہ ہے کہ اول و آخر درود شریف گیارہ۱۱ گیارہ۱۱ بار اور اس رباعی کو گیارہ ہزار بار پڑھیں بعد ختم تھوڑی سی شیرینی پر فاتحہ دے کر بچوں کو تقسیم کریں۔ بعد زکات ہر روز مغرب یا عشاء کے بعد سات مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ مریض پر دم کرنے سے صحت ہوگی اور اگر کوئی مشکل کام درپیش ہو تو سات مرتبہ پڑھ کر صدق دل سے دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حل خواب کے ذریعہ معلوم ہوگا۔

(۵۵۱) **جملہ امراض کیلئے کافی ہے**، اور ہر مطلب کیلئے مفید ہے۔ جمعہ کے دن ہر مطلب کیلئے اس طرح پڑھیں کہ بعد نماز عصر قبلہ رو بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے حضور دل سے بے تعداد پڑھیں یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ غروب آفتاب تک پڑھتے رہیں پھر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں خلوص دل سے دعا کریں اور نماز مغرب ادا کریں۔

اس عمل کو فقیر کاتب الحروف نے بارہا تجربہ کیا بہت زود اثر پایا۔

(۵۵۲) **شفائے بیماران** ۔ ہر قسم کے مرض کو دور کرنے کے لئے الحمد شریف تین بار آیۃ الکرسی ایک بار، کلمۂ تمجید ایک بار اور اس رباعی کو تین بار پڑھکر مریض پر دم کریں یا پانی پر دم کر کے پلائیں رباعی یہ ہے۔

اے در صفت ذات تو حیراں کہ ومہ ؛ وز ہر دو جہاں خدمت گاہ تو بہ

علت تو ستانی و شفا ہم تو دہی ؛ یارب تو بفضل خویش بستانُ بدہ

(۵۵۳) **ایضاً** ۔ اسی رباعی کو بعد نماز فجر یا اور کسی نماز کے بعد مریض کے سر کے پاس کھڑے ہو کر اکتالیس بار پڑھے اور مریض پر دم کرے اور بہتر یہ ہے کہ اس رباعی کے پڑھنے سے پہلے ستر بار الحمد شریف اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمدُ سے ملائے اور مریض پر دم کرے ہفتہ کے اندر مریض کو صحت ہو گی۔

(۵۵۴) **ایضاً** ۔ بیمار کو تلقین کریں کہ آیت کریمہ اللہ الصمد کا ورد جاری رکھے دل و زبان سے ہر وقت پڑھتا رہے انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ جلد شفاء ہو گی۔

(۵۵۴) **شفائے بیمار** ۔ اسم یا غفورُ تین سطروں میں لکھے اور ہر سطر میں تین مرتبہ اس طرح غ ف و ر ۔ غ ف و ر ۔ غ ف و ر اور روزانہ ایک تعویذ مریض کو دے کہ زبان سے چاٹے یا مشک و زعفران سے لکھ کر دے کہ روزانہ تعویذ پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو گی۔ ایک فجر کے وقت دوسرا دو گھنٹہ کے بعد تیسرا شام کو ضرور صحت ہو گی۔

(۵۵۵) **جملہ مقاصد دینی و دنیاوی کیلئے** ۔ عمل آیۃ الکرسی شریف، ہر فرض نماز یا فجر و عصر کے بعد آیت الکرسی کو اس طرح پڑھے کہ اس آیت میں دس وقف ہیں ان وقوف کو قرآن مجید سے دیکھ کر یاد کر لے اور ہر وقف پر ایک انگلی بند

کرے اور شروع چھنگلیا سے کرے اسی طرح بائیں ہاتھ کی انگلیوں کو بند کرے پھر سورۂ الم نشرح، وقل ہو اللہ شریف، درود شریف تین تین بار پڑھ کر آسمان کی جانب دم کر کے انگلیوں کو سورۂ الحمد شریف ایک ایک بار پڑھ کر کھولے مگر بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد سے ملا کر پڑھے پھر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے چہرہ پر مل لے۔

۵۵۶ **فائدہ** ۔ ترقی رزق کے لئے یا کسی کی مہربانی کے لئے پڑھے تو یشفع عندہٗ کے دونوں عینوں کے درمیان اپنی مراد کا دھیان کرے اور دشمن کے دفع کے لئے یعلم ما بین ایدیھم کے دونوں میموں میں تصور کرے۔

۵۵۷ **نماز اشراق حاجتوں کے پورا ہونے کیلئے** ۔ چار رکعت نماز اشراق پڑھے اوّل میں سورۂ والشمس دوم میں واللیل سوم میں والضحیٰ چہارم میں سورۂ الم نشرح شریف پڑھے اور دعائے حاجت کرے۔

۵۵۸ **برائے قضائے حاجت** ۔ ماہ ثابت عروج قمر میں جاہ و مرتبہ والا ہونے اور ترقی رزق کے لئے بعد نماز مغرب قطب کی جانب کھڑے ہو کر ۱۲ روز آیت قطب پڑھے۔

۵۵۹ **ایضاً** ۔ عشاء کی نماز کے بعد وتر سے پہلے دو رکعت نماز ادا کرے اس کے بعد یا لطیف سو مرتبہ پڑھے اور بایاں ہاتھ سینہ پر شہ رگ کے پاس رکھے۔

۵۶۰ **ہر قسم کی بیماری کے لئے** ۔ مرض کے مزاج کے مطابق حسب ضرورت پانی میں گھول کر پلائے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے بفضلہ خدا امید صحت ہے۔

ہر بار در طب مرض کیلئے ۷۸۶

۸	۵۶۱	۵۶۵	۱
۵۶۴	۲	۷	۵۶۲
۳	۵۶۷	۵۵۹	۶
۵۶۰	۵	۴	۵۶۶

النار یہ — اھطمفشذ

ہر باد و یابس کیلئے ۷۸۶

۸	۶۷۳	۶۷۶	۱
۶۷۵	۲	۷	۶۷۴
۳	۶۷۸	۶۷۱	۶
۶۷۲	۵	۴	۶۷۷

الھوائیہ — بوین مصص

(نوٹ) نقوش کے لکھنے کی عبارت نہ کریں کی بجائے خانے نہ اور پُر کریں۔

ہر حار یابس مرض کیلئے ۷۸۶

۸	۷۸۹	۷۹۲	۱
۷۹۱	۲	۷	۷۹۰
۳	۷۹۴	۷۸۷	۶
۷۸۸	۵	۴	۷۹۳

المائیہ — جزکس قثظ

ہر حار رطب کیلئے ۷۸۶

۸	۹۵۰	۹۵۳	۱
۹۵۲	۲	۷	۹۵۱
۳	۹۵۵	۹۴۸	۶
۹۴۹	۵	۴	۹۵۴

الارضیہ — دحلع رخغ

(۵۶۱) **ہر مرض سے شفا کا مجرب عمل** ۔ بعد طلوعِ آفتاب ایک ساعت گزرنے کے قبل اور مغرب کے بعد ایک ساعت گزرنے سے قبل ایک ہزار بار یاسلامُ پڑھے اول و آخر درود شریف تین تین بار اس کے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ بِحُرْمَۃِ خَمْسَۃٍ وَّسَادِسُھُمْ جِبْرَئِیْلُ وَھُمْ مُحَمَّدٌ وَّعَلِیٌّ وَّفَاطِمَۃُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ اَنْ تَحْفَظَنِیْ مِنَ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْمَرَضِ وَالْبَلِیَّاتِ وَالْاٰفَاتِ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ؁

(۵۶۲) **ہر مرض کے ازالہ کا مجرب و مفید عمل** ۔ اسم شافی کے عدد کو مریض کے نام کے عدد سے ضرب کر کے حاصل ضرب کو چالیس سے تقسیم کریں حاصل قسمت کو چالیس روز بلاناغہ پڑھیں اور کسر کو آخری دن اضافہ کر کے پڑھیں جگہ معین ہو اور پڑھنے کا وقت بھی معین ہو اور خلوت ہو اور خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھ کر

شفار کی دعا کریں اور پیاز، لہسن، شہد، انڈے، سے پرہیز کریں اور اگر ترک حیوانات کریں تو بہتر ہے اور اس طرح پڑھیں یَا شَافِیُ اور اضطراب کی حالت ہو یا مرض شدید ہو تو چالیس نیک مردوں سے ایک ہی دن پڑھوائیں عدد اس اسم مبارک کے ۳۹۱ ہیں۔

(۵۶۳) **ایضًا۔** درود نماز پڑھ کر روزانہ مریض پر دم کریں۔

(۵۶۴) **ایضًا۔** حضرت سلطانُ المشائخ محبوب الٰہی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ ان تینوں کلمات کو لکھ کر مریض کے بازو میں باندھے شفا ہو گی۔ اللّٰہ الشافی اللّٰہ الکافی اللّٰہ المعافی۔

(۵۶۵) **برائے شفائے امراض۔** یہ عمل مجرب ہے۔ جب آفتاب برج حمل میں آئے اور اٹھارہ دن گزر جائیں اور اس کے بعد عنایت الٰہی سے بارش ہو جائے تو چادر سفید پاکیزہ پھیلا کر اس کے نیچے کورا گھڑا رکھدیں اور پانی جمع کرلیں اور اسے سایہ میں رکھیں اب اس پانی پر آفتاب کی نظر نہ پڑے پھر اس پر سورۂ فاتحہ وآیۃ الکرسی اور چاروں قل اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ اِلٰھًا وَّاحِدًا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ الْکَافِرُوْنَ ؀ اور درود شریف اور کلمہ تمجید اور استغفر اللّٰہ ہر ایک سات سات بار پڑھ کر دم کریں پھر جس مریض کو یہ پانی سات دن صبح و شام متواتر ایک تولہ یا دو تولہ پلادیں مہلک سے مہلک بیماری سے نجات ہو گی اور اگر ناغہ ہو جائے تو یہ سمجھیں کہ اب حیات باقی نہیں۔ یہ عملِ آب فقیر کے خاندان میں معمول ہے اور اسلاف سے اجازت ہے آفتاب برج حمل میں بیساکھ کے مہینہ میں آتا ہے۔

(۵۶۶) **قضائے حاجات۔** ان دس کلمات مبارکہ کو سو سو مرتبہ روزانہ

ورد رکھیں مجرب ہے حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۝ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ۝ رَبِّ لَاتَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ۝ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اِنَّہٗ ھُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ ۝ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ یَا اَکْرَمَ الْخَلْقِ مَالِیْ مَنْ اَلُوْذُبِہٖ ۝ سِوَاکَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمِ ۝ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۝ لَامَلْجَاَ وَلَامَنْجَاَ اِلَّا اِلَیْہِ ۝

۵۶۷ دوگانہ حضرت بتول زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

جس کو کوئی بیماری یا دشمن یا بڑی مصیبت پیش آئے وہ غسل کرکے پاک کپڑے پہن کر خالی جگہ میں جہاں دوسرا کوئی نہ ہو اور اسے نہ دیکھے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص ایک ایک بار پڑھے پھر سجدہ میں جاکر یہ عرض کرے فَاطِمَۃُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاسَیِّدَتِیْ وَمَوْلَاتِیْ اَدْرِکِیْنِیْ اَدْرِکِیْنِیْ۔ فَاِنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّ لَکِ عِنْدَ اللّٰہِ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الْمَعْلُوْمُ وَالْجَاہُ وَالْکَرَامَۃُ اَسْتَغِیْثُ بِکِ اِلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ یَااللّٰہُ اِلَیْکَ لِفَاطِمَۃَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اس کے بعد ہزار مرتبہ یَااَللّٰہُ پھر یوں کہے یَارَبِّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّادْفَعْ ھٰذِہِ الْعِلَّۃَ اَوِالْخَوْفَ اَوِالْغَمَّ جو حاجت ہو اس کا ذکر کرے اسی وقت وہ حاجت پوری ہوگی اور یہ عمل اسرار سے ہے۔

۵۶۸ ختم حضرت آدم بنوری نقشبندی برائے اقتضائے حاجت مجرب ہے۔

سورۂ فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ سات بار پھر بسم اللہ کے ساتھ درود شریف سات بار پڑھ کر ۵۰۰ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سورۂ فاتحہ و درود باتسمیہ سات بار پڑھ کر

دُعا کرے۔

(۵۶۹) **حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔** برائے ہر حاجت مفید و مجرب ہے بعد نماز جمعہ استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم و اتوب الیہ کلمۂ تمجید، سورۂ الم نشرح، سورۂ اخلاص ہر ایک سو سو مرتبہ پھر ہزار بار اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللہ تعالیٰ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہِ پڑھ کر سورۂ فاتحہ سو مرتبہ پڑھکر خرما پر فاتحہ دے کر تقسیم کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔


(۵۷۰) **ایضاً۔** وضو کر کے دو رکعت نماز خشوع کے ساتھ ادا کرے قبلہ رو بیٹھ کر خضوع کے ساتھ ہزار مرتبہ پڑھے کٓھٰیٰعٓصٓ اَکْفِنِیْ حٰمٓ عٓسٓقٓ اَحْمِنِیْ سُبْحٰنَ اللہِ الْقَادِرِ الْقَاہِرِ الْکَافِیْ۔ ضرور حاجت پوری ہوگی۔

(۵۷۱) **قضائے حاجت۔** سورۂ یوسف شریف جمعہ کی رات میں پوری لکھے اور اس کے بعد دُعا یَا مَنْ تَحُلُّ بِہٖ عُقْدَۃُ الْمَکَارِہِ لکھکر گلے میں پہنے۔

(۵۷۲) **قضائے حاجت۔** سنت و فرض فجر کے درمیان اکتالیس بار سورۂ والضحیٰ شریف پڑھے اور مطلب کا دل میں خیال رکھے انشاء اللہ تعالیٰ جلد مقصد پورا ہوگا۔ عروج ماہ میں یہ عمل شروع کرے۔

(۵۷۳) **شفائے امراض۔** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ الوافی بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض و رب السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم ہ اول و آخر درود شریف لکھے اللھم صل وسلم علیٰ سیدنا محمد و الہ اجمعین اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے جمیع امراض کے لئے بفضل خدا مفید ہے۔

(۵۷۴) نقش مہر نبوت برائے قضائے حاجات۔



تینؔ مرتبہ پڑھ کر جس اہم کام کے لئے گلے میں۔ پہنے وہ کام ضرور پورا ہوگا۔

ہر حاجت وہر کار اہم کے لئے لکھ کر اپنے پاس لکھنا اور مکان میں لگانا مفید ہے خیر وبرکت وفراخی رزق کے لئے مفید ومجرب ہے۔ شفائے امراض کے لیے


دھو کر پلانا مفید ہے۔ جس مکان میں آویزاں رہے وہ چوری اور جنوں سے محفوظ رہے،

(۵۷۵) **قضائے حاجت**۔ یا حنان یا منان یا سلطان یا غفران یا بدیع السموٰت والارض یا ذاالجلال والاکرام ٥ یہ دعا رسات روز برابر لکھ کر دریا میں ڈالی جائے جو نیت کی جائے گی پوری ہو گی۔

(۵۷۶) **ایضاً**۔ روزآنہ سورۂ فلق تیس۳۰ مرتبہ پڑھے ہر حاجت پوری ہو گی۔

(۵۷۷) **عمل سورۂ یٰس شریف**۔ برائے ہر مقصد نیک معمول ومجرب ہے، جمعرات ۶ ذوالحج ماہ کو بعد نماز فجر غسل کرے لباس پاک وصاف پہنے اور خوشبو ملے اور خالی مکان میں پاک مٹی سے صاف کر کے مصلے بچھا کر دو رکعت نماز نفل ادا کرے آیۃ الکرسی تین۳ بار اور چہار قل ایک ایک بار پڑھ کر حصار کرے پھر درود قادریہ اللھم صل علی سیدنا محمد معدن الجود والکرم والہ وسلم سَو۱۰۰ بار پڑھے پھر سورۂ یٰس سادہ بہتر۷۲ بار ایک نشست میں پڑھے اور پڑھنے کے دوران خوشبو اگربتی وغیرہ جلائے بعد ختم سَو۱۰۰ مرتبہ درود شریف قادریہ پڑھکر حضور سید العٰلمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نیاز دلائے اور حضرت غوث الاعظم وجمیع بزرگانِ دین کی بھی ارواح کو ایصال ثواب کرے اور روزہ دار رہے شام کو دودھ چاول سے روزہ افطار کرے اور اسی بستر پہ سو جائے۔ اس کے بعد روزآنہ تین بار یا ایک بار بطور وظیفہ یٰس شریف پڑھتا رہے۔


(۵۷۸) **شفائے امراض**۔ یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے اور پلانے کے لئے صرف ایک تسمیہ لکھنا کافی ہے ←



(۵۷۹) **قضائے حاجت**۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ ذی الشان ٥ عظیم البرھان ٥

شدید السلطان ۰ ماشاء اللہ کان ۰ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم صبح وشام ورد رکھے۔

ایک چلہ ایک ہزار ایکسو بار روزانہ وقت مقررہ پر اس شعر کو پڑھے

؎ ومنھا شھور اودھور ا ۔ تمر و تنقضی الا اتانی

(۷۰۷) امر مخفی معلوم کرنیکا مجرب عمل

کریمہ سلٰم قولا من رب الرحیم باوضو پاک بستر پر تین سو مرتبہ اول آخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ پڑھ کر سو جائیں خواب میں ظاہر ہوگا۔

(۷۰۸) بھاگے ہوئے کو بلانیکا عمل

اس نقش کو لکھ کر مفرور اور اس کی ماں کا نام لکھ کر آگ میں جلائیں۔ بہتر یہ ہے کہ یہ عمل سات دن کرے

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

(۷۰۹) چور کو معلوم کرنیکا عمل

مشتبہ لوگوں کا نام لکھکر نہ کر کے موم جامہ کر کے پرانی قبر میں دو ٹھیکری کے اندر کر کے رکھ دے

طا ا د ا ط ۱۱ ح م

ھط حالا ۲۱ ۲!۱

فلاں بن فلاں

نوٹ ضروری

عملیات کے ذریعہ چور کا نام ظاہر ہونے سے چور کا ثبوت نہیں ہوتا ہے چوری کرنا گناہ کبیرہ ہے اور گناہ کبیرہ کی نسبت بے ثبوت شرعی کسی مسلمان کی جانب کرنا جائز نہیں ہے، احیاء العلوم الدین پھر شرح فقہ اکبر میں ہے لایجوز نسبۃ کبیرۃ الی مسلم من غیر تحقیق لہٰذا عملیات سے اگر کسی مسلمان کا نام ظاہر بھی ہو تو اس کو چوری سے متہم نہ کریں اور نہ کسی کو بتائیں اسکے لئے وہ عمل کریں جس میں چور کو تکلیف پہونچے مگر پہلے سے اعلان کردیں

کہ جس نے میرا مال لیا ہے وہ دیدے یا ایسی جگہ رکھدے کہ مجھے مل جائے۔ ورنہ اس کے جان ومال کو نقصان پہونچے گا پھر وہ عمل کریں انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ وہ چیز مل جائے گی اور ایسے عمل وتعویذات تین دن کے اندر کرنا چاہیئے زیادہ موثر ہے۔ (قاضی عبدالرحیم بستوی غفرلہٗ)

مختلف دُعائیں

۲۱۰ دُعائے عاشورہ

یَا قَابِلَ تَوْبَۃِ اٰدَمَ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ یَا فَارِجَ کَرْبِ ذِی النُّوْنِ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ یَا جَامِعَ شَمْلِ یَعْقُوْبَ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ یَا سَامِعَ دَعْوَتِ مُوْسٰی وَھَارُوْنَ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ یَا مُغِیْثَ اِبْرَاھِیْمَ مِنَ النَّارِ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ یَا رَافِعَ اِدْرِیْسَ اِلَی السَّمَآءِ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ یَا مُجِیْبَ دَعْوَۃِ صَالِحٍ فِی النَّاقَۃِ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ یَا نَاصِرَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَاقْضِ حَاجَاتِنَا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَطِلْ عُمْرَنَا فِیْ طَاعَتِکَ وَمَحَبَّتِکَ وَرِضَاکَ وَاَحْیِنَا حَیٰوۃً طَیِّبَۃً وَّتَوَفَّنَا عَلَی الْاِیْمَانِ وَالْاِسْلَامِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ بِسِرِّ الْحَسَنِ وَاَخِیْہِ وَاُمِّہٖ وَاَبِیْہِ وَجَدِّہٖ وَبَنِیْہِ فَرِّجْ عَنَّا مَا نَحْنُ فِیْہِ پھر سات بار پڑھے سُبْحٰنَ اللّٰہِ مِلْءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَھَی الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَۃَ الْعَرْشِ

لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا نَسْئَلُكَ السَّلَامَةَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَهُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ عَدَدَ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ وَعَدَدَ مَعْلُوْمَاتِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥

طریقہ۔ عاشورہ کے دن غسل کرکے دو رکعت اس طریقہ سے پڑھے کہ دونوں رکعتوں میں بعد سورۂ فاتحہ کے دس دس بار سورۂ قل ہو اللہ احد شریف پڑھے اور سلام کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی اور نو مرتبہ درود شریف اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ عاشورہ تک زندہ رہے گا۔

(۷۱) دعائے نصف شعبان المعظم

اَللّٰهُمَّ يَا ذَا الْمَنِّ وَلَا يُمَنُّ عَلَيْهِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَيَا ذَا الطَّوْلِ وَالْاِنْعَامِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ظَهْرُ اللَّاجِيْنَ وَجَارُ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ وَاَمَانُ الْخَائِفِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ كَتَبْتَنِيْ عِنْدَكَ فِيْ اُمِّ الْكِتٰبِ شَقِيًّا اَوْ مَحْرُوْمًا اَوْ مَطْرُوْدًا اَوْ مُقْتَرًا عَلَيَّ فِي الرِّزْقِ اَوْ مَرِيْضًا فَامْحُ اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِكَ شَقَاوَتِيْ وَحِرْمَانِيْ وَطَرْدِيْ وَاقْتِتَارَ رِزْقِيْ وَمَرَضِيْ وَاَثْبِتْنِيْ عِنْدَكَ فِيْ اُمِّ الْكِتَابِ سَعِيْدًا مَرْزُوْقًا مُوَفَّقًا لِّلْخَيْرَاتِ مُعَافًى مَغْفُوْرًا مَرْحُوْمًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ فِيْ كِتَابِكَ الْمُنْزَلِ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ اِلٰهِيْ بِالتَّجَلِّي الْاَعْظَمِ فِيْ لَيْلَةِ

النِّصْفِ مِنْ شَهْرِ شَعْبَانَ الْمُكَرَّمِ الَّتِيْ يُفْرَقُ فِيْهَا كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ وَّيُبْرَمُ
اَنْ تَكْشِفَ عَنَّا مِنَ الْبَلَاءِ وَالْبَلْوَاءِ مَا نَعْلَمُ وَمَا لَا نَعْلَمُ وَمَا اَنْتَ بِهٖ
اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ
وَسَلَّمَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَاَوْلِيَائِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَكَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ
اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ مِنَّا وَمِنْ اَهْلِنَا وَمِنْ جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ بَرَكَاتَهٗ بَاقِيَةً فِيْنَا اِلٰى يَوْمِ
الْقِيَامِ اٰمِيْنَ ٥

طریقہ ۔ شعبان المعظم کی پندرہویں رات کو بعد مغرب تین مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھے پہلی بار طول عمر مع عافیت کی نیت سے دوسری بار دفع بلا کی نیت سے تیسری بار حصول غنا کی نیت سے اور ہر مرتبہ یٰسین شریف پڑھنے سے پہلے دو رکعت نماز نفل پڑھے اور چھ نفل کے بعد دعائے مذکور پڑھے اور اس دن غسل کرنا موجب نجات از بلاء سحر و جادو ہے اور بہتر یہ ہے کہ بیری کے سات پتے پیس کر ایک گھڑا پانی ملا کر اس سے غسل کرے اور حضور اعلیحضرت قدس سرہٗ اور سرکار مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم کا اس پر عمل رہا ہے اور بہتر یہ ہے کہ چودہ شعبان کو اپنے مسلمان بھائیوں کے حقوق کو معاف کر دیں اور ان کے حقوق معاف کرالیں تاکہ ذمہ سے حقوق العباد ساقط ہو جائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلّی علیٰ رسولہ الکریم

(۲۰۴) فوائد علم التکسیر

طریق استخراج موکلات۔ وفق چوں فرد بود کالمثلث والمخمس اوّل۔ عدد از خانۂ قطب گیرند دوم عدد منتہی کہ خانۂ اخیر است سوم عدد عدل اعنی مجموع البیت والاخیر من الضلع الوسط چہارم عدد ضلع پنجم عدد وفق و وفق را مساحت نیز می گویند و در زوج کالمربع والمسدس اوّل از نصف عدل و عدل اینجا مجموعہ بیت اولی و اخیر است و اگر عدل منقسم بمتساویین نباشد باید کہ عدد گیرد کہ در آں شکل ازاں عدد با ہیچ خانہ کم نباشد دوم عدد منتہی سوم عدد عدل چہارم ضلع پنجم عدد مساحت و نزد بعضے در زوج اول عدد خانہ ہم گیرند دوم عدد بیت اخیر سوم عدد عدل چہارم عدد ضلع پنجم عدد وفق۔ باز ایں اعداد را بحروف آرد بعد طرح اع کہ عدد ائیل ست در خیر و ۳۱۹ کہ عدد طیش ست در شر و اگر بعد طرح اینہا ہیچ باقی نماند سی صد و شصت اضافہ نمایند و ازاں موافق حاجت خیر و شر طرح نماید و نیز ترتب علی المراتب فالاحاد ثم العشرات ثم المئات ثم الالوف و اگر ثقیل بود یا التقائے ساکنین واقع شود ترک رعایت مراتب بنظر تخفیف روا باشد و در آخر ائیل یا طیش زیادہ کند و اگر ہمزۂ ائیل در حساب زیادہ بود جائز است و آں حروف را تعریب کند موافق حرکات و سکنات مختص بحروف منسوبہ بسوئے عناصر اربعہ و اگر بسر نام موکل حرفے ساکن آید کسرش دہد و در آخر حروف الف است و ما قبلش معرب اعنی محرک بحرکے از حرکات ہست آنرا لاجرم مفتوح بخواند رعایت للالف و عزیمت کشیدہ بروں شکل بنویسد و در عزیمت

اسم یا آیت مذکور نیز داخل نماید و آں عزیمت بمکان و وقت معین با بخورات
بعدد یک ضلع ہر روز تا مدت ہماں قدر ایام یا بقدر عدد وفق بخواند مقصود انشاء
اللہ العظیم بحصول انجامد۔

طریق دیگر۔ کہ ہفت موکلات از ہر دو شکل برآرند این است کہ عدد
مبدؤ مفتاح کہ ابتدائے شکل است دوم عدد منتہی و مغلاق کہ انتہائے اوست
سوم عدد عدل و میزان کہ جمع مفتاح و مغلاق است چہارم عدد وفق کہ درین
اصطلاح عدد ضلع ست پنجم عدد مساحت و اقصیٰ کہ عدد وفق باصطلاح متقدم
ست ششم عدد ضابطہ کہ مجموع وفق و عدد مساحت ہفتم عدد غایت وہو
ضعف الضابطۃ و بعد ازاں عدد غایت را با عدد مغلاق ضرب نماید و حاصل
الضرب را کہ اصل کل ست با ہر ہفت مذکور جمع نمودہ ہفت روحانیات
لطف یا قہر برآرد مثلاں چوں حاصل الضرب را با عدد مبدؤ جمع کردہ بحروف
آورد یک موکل برآمد و با مغلاق دوم و با عدل سوم و با وفق چہارم و با
مساحت پنجم و با ضابطہ ششم و با غایت ہفتم باز عزیمت بنا کردہ بطریق مذکور
بعمل آرد تا موثر کلی گردد۔

مربع یا قاہر الخ

۹۹۱	۹۹۴	۹۹۷	۹۸۴
۹۹۶	۹۸۵	۹۹۰	۹۹۵
۹۸۶	۹۹۹	۹۹۲	۹۸۹
۹۹۳	۹۸۸	۹۸۷	۹۹۸

والعزیمۃ ھٰکذا عزمت علیکم
واقسمت علیکم بحق ۱۲ بناو ۱۲ بکم
بافلاں وفلاں وفلاں افعلوا
کذا و کذا الساعۃ الساعۃ

مثلث یا قاہر الخ

۱۳۲۵	۱۳۱۸	۱۳۲۳
۱۳۲۰	۱۳۲۲	۱۳۲۴
۱۳۲۱	۱۳۲۶	۱۳۱۹

۲۰۵) قاعدہ لنگ فی ۱۲ ایک گرفتہ درہر خانہ مثل

آن اضافہ کند اگر کسر ۳ باشد در خانہ سوم وششم یک اضافہ کند و اگر ۶ باشد دو اگر ۹ باشد تین و در غیر این ہیچ کسر دریں درست نمی شود۔

کبریت احمر مشایخ کبار واعزہ کامگار فرمودہ اند کہ پیش از شروع سیفی وچہل ویک اسم وہر دعائے واسمے کہ باشد این اسمار موکلات موکلات حروف تہجی راسہ بار یا یکبار قرارت نماید کہ اسرع الاجابت است وعظیم القدر واکسیر احمر و از این بہر کس نتواند گفت کہ مبادا در کار ناشائستہ عمل نمودہ بمراد خود رسد واین فرشتگان موکلات پاسبانی ومحافظت از اعدائے ظاہری وباطنی می نمایند وہر کہ در حق او بدی می خواہد اوراہمان بدی مبتلا گردانند وفوائد این از احصا بیرون ست این فقیر می گوید کہ جملہ دعا خواہ خرد باشد خواہ بزرگ از حروف ہائے تہجی بیرون نیست در ارشاد خانۂ فقیر اول عمل این حروفہا مع موکل انجام می کنایند و در اربعین نشانندہ غذا نان جوین منحصر می دارند بعد عمل این حروفہا ہر دعا کہ خواند زود تاثیرے می بخشد چہ ہماں حروف دران دعا خواہند بود کہ آں را نصاب زکات دادہ است وآں حروف در تسخیر صاحب اربعین رسیدہ است فافہم وآں این است۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہ اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد وعلی ملئکۃ ونبی وبارک وسلم انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون فسبحان الذی بیدہ ملکوت کل شئ والیہ ترجعون ہ السلام علیکم یا ایھا الملئکۃ الروحانیۃ العلویۃ الخدام الحروف التی فیھا اسرار الالوھیۃ انتم تعینونی وتمدونی فی جمیع حاجاتی ولحوائجی السلام علیکم یا اسرافیل بحق الف

السلام علیکم یا جبرئیل بحق با السلام علیکم یا عزرائیل بحق تا السلام علیکم یا میکائیل بحق ثا السلام علیکم یا کلکائیل بحق جیم السلام علیکم یا تنکفیل بحق حا السلام علیکم یا مہکائیل بحق خا السلام علیکم یا دردائیل بحق دال السلام علیکم یا اھرامیل بحق ذال السلام علیکم یا امواکیل بحق را السلام علیکم یا ترفائیل بحق زا السلام علیکم یا ھمواکیل بحق سین السلام علیکم یا ھمرائیل بحق شین السلام علیکم یا اھجمائیل بحق صاد السلام علیکم یا عطکائیل بحق ضاد السلام علیکم یا اسمعیل بحق طا السلام علیکم یا لوزائیل بحق ظا السلام علیکم یا لومائیل بحق عین السلام علیکم یا لوخائیل بحق غین السلام علیکم یا سرحاکیل بحق فا السلام علیکم یا عطرائیل بحق قاف السلام علیکم یا حروزائیل بحق کاف السلام علیکم یا طاطائیل بحق لام السلام علیکم یا رومائیل بحق میم السلام علیکم یا حولائیل بحق ن السلام علیکم یا رفتمائیل بحق واو السلام علیکم یا وردبائیل بحق ھا السلام علیکم یا سراکیطائیل بحق ی وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ سیدنا محمد وآلہٖ اجمعین ۰

فائدہ بعد اتمام شرائط واختتام دعوۃ نان یا شیرینی بدست خود فقراء ومساکین دہد واز ایشاں استمداد ہمت نماید ومراد ازین دعوت سریع الاجابت ست۔

(ماخوذ از کاشف الاستار شریف)

رسالہ فی الجفر لشیخنا المجدد الاعظم الشاہ احمد رضا خاں قدس اللہ سرہٗ

یوں تو اعلیٰحضرت قدس سرہ کو اس فن جفر میں یدطولیٰ حاصل تھا اور آپ نے کئی رسالے تحریر فرمائے ہیں جو حوادث زمانہ کے سبب زیور طبع سے مزین نہ ہو سکے مگر یہ مختصر رسالہ مجموعہ اعمال میں مرقوم تھا مختصر ضرور ہے مگر جامع ہے اس لئے من وعن نقل اہل ذوق حضرات کے لئے حاضر ہے۔ بعض جگہ کرم خوردہ ہے جس کی تصحیح ناممکن ہے۔ جو حضرات اس فن میں درک رکھتے ہوں وہ فائدہ اٹھائیں دوسرا رسالہ "الثواقب الرضویہ علی الکواکب الدریہ" کی نقل میرے پاس ہے مگر مستقل رسالہ ہے اور کافی ضخیم ہے اس لئے اسے شامل نہ کیا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥ یلتزم الطہارۃ عند العمل لا یعمل لطمع دنیا او ریاء او سمعۃ یحترز من الزنا واللواطۃ والکذب ٥ لا یظہر علمہ من نفسہ ٥ الا الضرورۃ شدید ٥ لا یفعلہ لامر ممنوع ٥ لا یفعلہ لما لا یجوز الدعاء لہ کطلب حرام او قطعیۃ رحم او طلب محال او ما قد فرغ منہ ٥ لا یفعلہ لسوال فاسق ٥ لا یعلمہ الا اہلہ اما تعلیم مجرد الاصطلاح من دون تکمیل القاعدۃ فلا باس بہ ٥ ما یظہر فی الجواب یخبر بہ السائل من دون احتشام لہ ولا مداہنۃ ٥ اذا فہمہ حسنا یؤدی زکاتہ وہو ان یقرأ الفاتحۃ لسیدنا جعفر الصادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اول کل شہر علی الحلوا او بدونہا وان قرأ کل یوم فاحسن ویکتب کل یوم ستۃ وستین اسمہ جلالۃ فی احد عشر سطورا فی کل سطر ستۃ یجعل کل قطعۃ فی عجین قمح ویلقی فی ماء جار کل یوم او بعد کل ثلثۃ ایام وجاز ان یام من یلقیہ یفعل ہٰذا عاما کاملا حتما ثم ہو بالخیار نعم قرأۃ الفاتحۃ یلتزمہا ولو اول کل شہر مدۃ حیاتہ وان قرأ کل یوم فاحسن۔

صحیفہ۔ افراز حروف السوال والعبرۃ بالمکتوبات الہام اسقاط المکرر ات بینات بسط لا الہام **فرقان** بسط ال م ص ر ث ہ ی ع ط س ح ق القاء فی الر وع مزج لبینات والفرقان یقدم البینات وایہما زاد یکتب غیر ممزوج مد اخل خمسۃ مدات اکبر[عـہ] للالوف کبیر للمئات وسیط للعشرات صغیر للاحاد اصغر لجمع الصغیر بمض الجمع لاحادہ[عـہ] ولا یعتبر ما فیہ صفر[عـہ] استنطاق یکتب تحت کل حروفہ بترتیب الکتابۃ فقد

عـہ ونکتب اللالوف والمئات والعشرات کما ہی مثلاً از احد خمس عشرات یکتب کما ہو عددھا ٥٠ کما ہو...

عـہ ویختصر ہکذا مرۃ واحدۃ لا الی اصغر ما یکون فاصغر ۱۲-۳۸۱ لا ۳ با ختصار ۱۲۰ مرۃ اخری

عـہ ای فلا یلاحظ الصفر اصلا بل یجعل کانہ لم یکن فاصغر ۵۸۰-۱۳ لا ۸۵ وکذلک اصغر ۲۰۰-۲ واصغر ۲۱۰۰-۳ وہکذا۔

الاحاد مثلاً حیث کان تحت مد ۴۶ یکتب تحته و ـ س وهٰکذا وان کان هناك الفان یکتب غینین
وثلثة ثلثا وهٰکذا **نتیجه** بسط المد لحل النظیرة ا ـ س ـ الخ صدر مؤخر عکس ترتیب النظیرة
با لآخر فالاول وهٰکذا فان اجاب فناطق والا فصامت وربما یعکس فیعکس حتی یرجع النظیرة
خفضا ورفعا وطولا وعرضا وبترك حرف المؤخر ثم وف **مستحصله** یرسم جدولا
فی طوله البیوت بعدد حروف الصدر المؤخر وفی عرضه سبع بیوت یضع فی سطر الاول الحروف
ویفرز ربخط کل ربع وعشر ویرقم علی کل ربع وعشر عددهم من واحد واثنین الخ وفی
سطر الثانی یضع اعداد الحروف علی طریقة التر فع ونظائره وفی سطر الثالث یعطی الحقوق
وهی هٰذه ا ثلثة افراکش مجمولی فی کل ب حق ربع مطلق علی وفق عدد الربع فلحروف
الربع الاول واحد ولحروف الربع الثانی اثنان وهٰکذا ج حق عشر مطلق بعدد الاعشار
کما علمت د حق ایراد الاعشار فی کل حرف واحد الحسان ینتهی عدد بیوت العشر الناقص
ن وقع فیه وا لاوانت تعلم ان هٰذا الحق ینتهی قبل تمام العشر الاول **هٰذه الاربعة**
قویة لا تترك اصلا وهو علی الخیار فی ترك ما یاتی بعضا او کلا لبعض او کل فیفعل ما
یری فیه الجواب ھ حق بدایة الربع لاول حرف کل ربع واحد و حق بدایة العشر
لاول حرف کل عشر واحد ز حق نهایة الربع لاخر حرف کل ربع اربعة ح حق
نهایة العشر لاخر حرف کل عشر عشرة ولا یعطیان الا لاواخر الکاملین فان الناقص
لم یبلغ نهایته فان اعطی اعطی بقدر البیوت مثلا ان کان اربع لنا قص ثلثة فثلثة او
اثنین فاثنین او واحد فواحد اوهٰکذا فی العشر ط حق نهایة البیوت لاخر الجمیع بعدد
جمیع البیوت ی حق التکرار للحروف المکرر فی اول مجیئه بعدد ما تکرر مثلا اذا جاء حرف
اربع مرات فیعطی اول ما جاء ثلثة ثم حق التکرار ثم حیثما الحرف لا یتکرر الحق یا حق العلویة
فی المئات والالوف بلحاظ اصل الابجد بعد رد الالوف باسقاط العشرات فیعطی ق واحد
و غ او ر اثنین وهٰکذا فان تکرر الحرف لا یتکرر الحق یب مزاج مع الاعلویة لکل
واحد لا غیر وهو طبع الاعلویة مطلقا فلا یعطی بدونها هٰذه الثمانیة ضعیفة فما بلغ
العدد لیسقطنه العشرات فیاخذ لاربعة وعشرین او اربع مائة او اربعة آلاف او
اربعمائة وا ربع وا ربعین اربعا فحسب وهٰکذا و یضع هٰذه الاعداد فی السطر الثالث وفی
السطور الباقیة یضع حروفها بحساب ایقغ ویاخذ باذن الله تعالی حروف الباقین من الاول
الی الاخر او بالعکس او من الوسط والسطور الاربعة ههنا کسطر واحد فیاخذ ما شاء من

ف فی کما کان الحروف فی المستحصل اکثر کان انجح الطلب او فرقا لشیخنا مدظله الاطهر ۱۲
عہ اصل میں لفظ مشتبہ ہے ۱۲ اعلٰہ کرم خوردہ ہونے کے سبب یہ لفظ بھی مشتبہ ہے ۔ ۱۲

ای سطر شاء لکن لا[عہ۳] النظام بان یاخذ حرفا من هذا السطر وحرفا اخر من السطر الثالث
مثلا والحروف المتشابهة صوتا اوصورة یجوز استبدال بعضها ببعض مثل س ص وذ ز
هکذا فاذا عمل هذا فانه ینطق ان شاء الله تعالٰی فان لم ینطق یعطی الصدر المؤخر ونظیرة اخری
ویجعله صدر مؤخر ثم یفیض فی العمل فان لم ینطق یعطی النظیرة الصدر ویحذف الثانی
ویجعله صدر مؤخر ویاخذ العمل فانه ینطق لابد ان شاء الله تعالٰی فان مکث یتربص وینتظر
الوقت اخر ویبدل المکان والزمان ویغیر السوال بنحو کلمة والله سبحانه وتعالٰی اعلم نقشہ دیکھو
فاقول وبالله التوفیق الاعتبار الاول باطل لانه علی هذا الکثیر اما لایبقی لاصل اعداد
الحروف مدخل فی المستحصلة انما تحصل بمجرد الحقوق کما علمت فی المثال المذکورة
ںَ ۵ کانت مجموعة الحقوق الثلثة وهی التی حصلت لا رائحة فیها لعدد نَ وکذلک لوکان
فی البیت الاول قَ شَ تَ ذَ ظَ سَ قَ یَ لَ عَ صَ رَ تَ خَ ضَ غَ بَ دَ مَ مکان نَ لکانت
مستحصلة ایضا ۵ بلا فرق لان فی اعداد کلها صفرا وایضا هم اخذوا حروف التنزل بالتنصیف
وقسموها الی قسمین ما یقبل التنصیف بنفسه وهما سَ وقَ فیوخذ نصفه وما لا یقبل فیزاد علیه
۳ ثم ینصف وجعلوا مما لا یقبل قَ شَ تَ ذَ ظَ مع ان اصفارها لو اعتبرت لکان کلها مما
یقبل ولکان تنزل ق ۵۰ لا ۲ فظهر انهم اسقطوا الاصفار من قبل فبقی قَ ۱ ×۳ = ۴ ÷ ۲
= ۲ وهکذا فی البواقی وقد علم من عادتهم وقد علم من عادتهم عدم الاعتبار بالاصفار الواقعة
من یمین العدد وذلک لان الصفر لیس من العدد فی شئ وانما هو علامة نحو المرتبة
فلیس فی ۱ و ۱۰ و ۱۰۰ و ۱۰۰۰ غیر عدد واحد مختلف فی المرتبة فالکل واحد بید ان الاول واحد فی
الاحاد والثانی فی العشرات والثالث فی المئات والرابع فی الالوف بخلاف ۱۲ مثلا فلیس عددا واحدا
او واحدا او اثنین بل عدد ان احدهما فی الاحاد والاخر فی العشرات قال ابن خلدون فی
تاریخه ص ۹۷ والسر فی هذا القانون بین وذلک ان الباقی من کل عقد من عقود الاعداد بطرح
تسعة انما هو واحد فکانه یجمع عقود العدد خاصة من کل مرتبة فصارت اعداد العقود
کانها احاد فلا فرق بین الاثنین والعشرین والمائتین والالفین وکلها اثنان وکذلک الثلثة
والثلثون والثلثمائة والثلثة الالاف کلها ثلثة ثلثة الخ ولعل ما ذکرت احسن وامکن مما ذکر
فافهم وبالجملة فاسقاط الاصفار شئ مقرر عندهم ولا یتغیر به العدد اصلا علی ما قررت
وکذا الاعتبار الثالث ایضا لا یصح عندی لان اسقاط الاعشار تغییر للعدد وانما یحتاج الیه
عند الاستنطاق فان الحرف لم یوضع بازاء عدد مرکب من عددین قط فلتحصیل الحروف
نحتاج من ارجاعه الی عدد مفرد وهذا امر فی القاعدة فانه انما ذکر اسقاط الاعشار بعد

عہ۳ کرم خوردہ ہونے کی وجہ سے نقل نہ ہو سکا ۱۲

عطاء الحقوق عند الاحتیاج الی تحصیل الحروف فاسقاطها من بد والاھم یکون قبل الوقت وفیہ علاوۃ علی تغیر العدد تغییر المستحصلۃ کما علمت وایضا لا یبقی فیہ الترفع وغیرہ کما ارید فان د ح من حروف الترفع تحققها ان یوخذ لهما ثلثۃ امثال اعدادهما وذانک ۱۲ و ۲۴ وان اخذنا ۲ و ۴ عادا الترفع تنزلا لانهما نصف عددهما لا ثلثۃ امثالہ وایش ینفع کتابۃ ۱۲ و ۲۴ بازائهما فی الجدول اذا لم یوخذا قط فی العمل ففیہ حرمان الحروف عن الحقوق ولا یعترض بعود ۱۰ او ۲۰ فی ه و ک الی واحد واثنین فی المساوات ۹۰۹ فی ل الی ۹ فی الترفع لما علمت ان او ۱۰ و ۹۹ و ۹۰ کل واحد بخلاف ۱۲ و ۴ فواحد فی عدده واحد العشرات وضعف خمسۃ لا شک وکذلک عشرۃ عشرتان و ۹ تسع عشرات فلم تخرج عما اردنا وانت لو نزلت ان ۲ من ۱۲ الی عشرتان کان ذالک تخمیسا۔ تثلیثا فقد شهدت عما اردت فتبین بهذا التحقیق وللہ الحمد ان المعتبر هو الوجہ الثانی فتسقط الاصفار وتثبت الاعشار حتی اذا استقطت فاذن جدول الاعداد هکذا وعلی هذا الحساب وضعنا جدولا لا یحتاج معہ الی لحاظ الحقوق حال وقوعہ من البیت الاول الی احد عشر رباعیا فان الجدول لا یزید علیہ قط فعلیک بہ وباللہ التوفیق ۱۲

احمد رضا غفرلہ قدس سرہ العزیز ۵ / جمادی الاخری سنہ ۱۳۲۲ھ

تنقیح نجیح۔ اقول وباللہ التوفیق فی اعتبار الاعداد المذکورۃ ثلثۃ احتمالات الاول اعتبار المجموع مع اصفار والعشرات فیکتب تحت ن مثلا ۵۰ الثانی اسقاط الاصفار وحدها فیکتب تحتها ۱۵ الثالث اسقاط العشرات ایضا فیکتب ۵ وتختلف المستحصلۃ باختلاف

مساوات		ترفع		نزتی	تنزل		ترقی
ا	۲	ب	۶	س	۳	ع	۱۴
ح	۶	ط	۱۲	ف	۴	ص	۱۸
ه	۱	و	۱۸	ق	۲	ر	۴
ز	۱۴	ح	۲۴	س	۳	ت	۸
ط	۱۸	ی	۳۰	ث	۴	خ	۱۲
ک	۴	ل	۹	ز	۵	ض	۱۶
م	۸	ن	۱۵	ظ	۶	غ	۲

تلک الاعتبارات فان ن اذا وقعت فی البیت الاول واقتصرنا علی الحقوق الاربعۃ وکانت الاعشار تامۃ فالزیادۃ المعهودۃ ۳ وحق الربع ۱ حق العشرۃ المجموع ۵ فان جمعت مع ۵۰ کانت ۵۵ او ترجع الی (۵) وان جمعت مع ۱۵ کانت ۲۰ وتصیر (۲) وان جمعت مع ۵ کانت ۱۰ وتصیر (۱) فلابد من تحقیق احد تلک الاعتبارات ۱۲

نقشہ متعلقہ صـ۱۳ پر ملاحظہ ہو

الا۲اد قٓ خ غ ۳ٓ ی ش تٓ ۲ اخ رغ ف ۷ ث ۵ٓ

ن ذ ۲ ص ض ظ ۸ٓ و ط م ص ت ۹ٓ ل علی المذہب الاول

اساس	حرف
س	ا
ع	ب
ف	ج
ص	د
ق	ہ
ر	و
ش	ز
ت	ح
ث	ط
خ	ی
ذ	ک
ص	ل
ط	م
غ	ن

۱۵ ح ف ۱۲ خ ع ۳ ی ق ذ ک	ع ۷ ب ۵ ل ش ۶ ج ض د ۷ ن ت ۸							وط م ص ن س ۹ ذ علی المذہب الثانی						
ا ب ج د ہ و ز	بالتضعیف مساوات							بالتثلیث						
۲= ۶ ۴ ۶=۲ ع ا= ۸ = ۴ =	ا	ح	ہ	ز	ط	ک	م	ب	د	و	ح	ی	ل	ن
ح ط ی ث ل م ن	۲	۶	۱۰/۱	۱۴/۴	۱۸/۸	۴۰/۴	۸۰/۸	۶	۱۲/۲	۲۸/۸	۲۴/۴	۳۰/۳	۹۰/۹	۱۵۰
عہ ۸= ۳= ۴= ۹ہ ۸= ۵=	۲	۶	۱۰	۱۴	۱۸	۴۰	۸۰	۴	۱۶	۸	۱۰	۳۰	۵۰	۷۰
س ع ف ص ق ر ش	(بالتضعیف) متنزل (و با التضعیف) زیادۃ ثلثۃ فی الاحاد و یزید ہما فی الازواج وہامن ع							بزیادۃ وحدتین فی الاحاد وعشرین فی الاعشار ۱۲ بالتضعیف ترقی						
۳ ۸ ۴=۴ ۱،۲ ۳=۳ ۳ ۵	ق	ش	ث	ط	ذ	س	ف	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ
ت ث خ ذ ض ظ غ	۲۰۰/۲	۳۰۰/۳	۴۰۰/۴	۶۰۰/۶	۵۰۰/۵	۳۰/۳	۴۰/۴	۱۴۰/۴	۱۸۰/۸	۴۰۰/۴	۱۲۰۰/۲	۱۶۰۰/۶		۲۰۰۰/۲
۸= ۴ ۲= ۵ ۹ ۶= ۶ ۲۱=	۳۰۰	۵۰۰	۷۰۰	۱۱۰۰	۹۰۰	۸۰	۱۰	۱۴	۱۸	۴	۸	۱۲	۱۶	۲

قصیدۂ غوثیہ متبرکہ

(۴۰۶) یہ قصیدۂ مبارکہ حضور سیدنا غوث الاعظم محبوب سبحانی قطب ربانی شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبان فیض ترجمان سے ادا ہوا ہے اور ہمارے سلسلہ قادریہ میں اس کا ورد دولت ظاہری و باطنی کے حصول کا سبب ہے اس کے اشعار حسب تصریح حضور سیدنا اعلیٰحضرت فاضل بریلوی قدس سرہٗ اٹھائیس اشعار ہیں۔ اس قصیدۂ مبارکہ کا روزآنہ ورد بہت مفید ہے اور تسخیر خلائق کے لئے از حد کارآمد ہے۔ اور قرب خداوندی کے حصول کا ذریعہ ہے۔

نمبر ۲ اس قصیدۂ مبارکہ کا ورد قوت حافظہ کو زیادہ کرتا ہے۔

نمبر ۳ اس قصیدۂ مبارکہ کے پڑھنے والے کو عربی پڑھنے میں بصیرت حاصل ہوتی ہے۔

نمبر ۴ ہر مشکل و سخت کام کے لئے چالیس روز پڑھنے سے وہ کام پورا ہو جاتا ہے۔

نمبر ۵ جو شخص اس قصیدۂ مبارکہ کو اپنے سامنے رکھے اور تین مرتبہ پڑھے مقبول بارگاہ غوثیت ہوگا اور حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت فیض بشارت سے مشرف ہوگا۔

نمبر ۶ ہر مرض و تکلیف کے لئے تین بار یا پانچ بار پڑھنا مفید ہے۔

نمبر ۷ بانجھ عورت اس قصیدۂ مبارکہ کو صحیح خواں سے ۴۱ یا ۲۱ بار پڑھوا کر پانی پر دم کرکے چالیس روز پیئے تو حاملہ ہو جائے اور حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی برکت سے فرزند نصیب ہوگا۔

نمبر ۸ آسیب زدہ و جن والے مریض کے لئے روغن پر دم کرکے اس کے جسم پر ملیں دفع ہوگا۔

نمبر ۹ و ۱۰ ظالم سے نجات پانے کیلئے ہر روز پڑھیں خلاصی نصیب ہوگی یونہی دشمن دفع ہو جائینگے۔

پڑھنے کا طریقہ جس مقصد کے لئے پڑھنا ہو اس کی نیت سے طہارت کے ساتھ قبلہ رو بیٹھ کر تین بار سورۂ فاتحہ، ایکبار آیۃ الکرسی، گیارہ بار سورۂ اخلاص اور گیارہ بار درود شریف پڑھکر اس کا ثواب حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح کو بخشیں پھر اس قصیدۂ مبارکہ کو پڑھیں۔ اور آسان طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز صبح باشعار اول و آخر درود شریف غوثیہ ۲۔۳ بار اور اعتصام ایک ایک بار پھر قصیدۂ مبارکہ گیارہ بار پڑھے مگر شرط ہے کہ اپنے پیر یا صاحب اجازت سے اجازت لے کر عمل کریں ورنہ ضرر کا خوف ہے۔

یہ خواص پورے قصیدۂ مبارکہ کے ہیں اب مختصر خاصیت ہر ایک اشعار کی درج ذیل ہے شعر اول۔ سقانی الحب الخ باب معرفت کھلنے کے لئے شعر انطعذکورہ بالا کے ساتھ گیارہ روز

ہر روز ہزار بار پڑھے۔اور رجوع محبوب کے لئے ہر روز پانسو گیارہ بار دن تک۔

شعر دوم۔ سعت ومشت الخ دینی ودنیاوی جائز مقاصد کے لئے ایک ہزار یا پانسو بار بعد نماز عشاء پڑھے تا حصول مراد پڑھتا رہے اور روزانہ سو بار ورد رکھنا بہت سے فوائد کا حامل ہے۔

شعر سوم۔ فقلت لسائر الاقطاب الخ برائے تسخیر خاص گیارہ دن پانسو بار پڑھے۔

شعر چہارم۔ وھموا واشربوا الخ علو ہمت حاصل ہونے کے لئے سو بار روزانہ ورد رکھے۔

شعر پنجم۔ شربتم فضلتی الخ فنافی الشیخ کا مرتبہ حاصل کرنے کے لئے گیارہ دن خلوت میں رہے اور تصور شیخ کی نیت سے آداب وشرائط کے ساتھ ایک ہزار یا پانسو بار پڑھے۔

شعر ہفتم۔ انا فی حضرۃ التقریب الخ حصول معرفت وکشف حقیقت کے لئے ہر روز ایکہزار بار پڑھے۔

شعر ہشتم۔ انا البازی اشہب الخ خلوت میں سو بار پڑھے تسخیر عام وخاص کا فائدہ حاصل ہوگا۔

شعر نہم۔ کسانی خلعۃ الخ بلندئ درجات کے لئے گیارہ دن ایک ہزار یا پانسو بار پڑھے۔

شعر دہم۔ اطلعنی علی سر قدیم الخ دلوں کے ارادے کے انکشاف کے اکیس یا اکتالیس روز ایکہزار یا پانسو بار پڑھے۔

شعر یازدہم۔ وولانی علی الاقطاب جمعا۔ الخ تسخیر خلائق کے لئے پندرہ روز ہزار بار پڑھے اسکے بعد سو بار روزانہ پڑھے۔

شعر دوازدہم، سیزدہم، چہاردہم۔ یعنی فلو القیت سری فی بحار الخ ولو القیت سری فی جبال۔ ولو القیت سری فوق نار۔ الخ تینوں اشعار مقہوریٔ اعداء کے ہیں خالی مکان میں گیارہ دن ہر روز پانسو بار پڑھے۔

شعر پانزدہم۔ ولو القیت سر فوق میت الخ آشوب چشم کے لئے گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے آنکھوں میں لگائیں اور تھوڑا سا پلائیں عشق الٰہی سے دل معمور کرنے کیلئے خلوت میں ایکہزار ایک سو بار گیارہ دن تک پڑھیں۔

شعر شانزدہم۔ ومنہا شہور الخ نحوست سیارگان کے دفع کے لئے خلوت میں ہزار بار گیارہ دن تک پڑھیں۔

شعر ہفدہم۔ وتخبرنی بما یاتی الخ امر مخفی پر مطلع ہونے کے لئے گیارہ بار چالیس دن یا اکیس

روز پڑھے۔

شعر ہیجدہم۔ مریدی ھم وطب اسطح دغنی الخ دارین میں بلندئی مرتبہ کے لئے سوبار اور اپنے گناہوں کی مغفرت کے لئے بھی اسی قدر پڑھنا مفید ہے۔

شعر نوزدہم۔ مریدی لا تخف اللہ ربی الخ برے خیالات وشیطانی وسواس کے لئے ہر روز سو بار اور جمعیت خاطر وفراخی رزق کے لئے بھی اسی قدر پڑھے۔

شعر بستم۔ مریدی لا تخف ورش فانی الخ فتح وظفر کے لئے ہر روز سوبار پڑھے اور لشکر دشمنان پر یکمشت خاک پر گیارہ بار پڑھ کر دم کرکے پھینک دے وہ ہزیمت کھاکر بھاگ جائیں گے۔ اور مقہوری دشمنان کے لئے اس شعر کو چار سو چوالیس بار پڑھ کر دعا کرے ضرور قبول ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔

شعر بست ویکم۔ طبولی فی السماء الخ رجوع خلائق وشہرت کے لئے سوبار ہر روز پڑھے۔

شعر بست ودوم۔ بلاد اللہ ملکی تحت قدمی الخ جاہ ومال حاصل ہونے کے لئے ایک چلہ ہر پڑھے اور وسواس دخطرات کے دفع کے لئے سوبار روز پڑھے۔

شعر بست وسوم۔ نظرت الی بلاد اللہ جمعا الخ اسرار توحید کھلنے کے لئے پانچ ہزار یا یا گیارہ دن تک پڑھے۔ محبت زوجین کے لئے گیارہ بار شکر یا گڑ پر اتوار یا منگل کو پڑھکر دم کرکے کھلائے۔

شعر بست وچہارم۔ وکل ولی لہ قدم وانی الخ حضور سرورِ عالم نورِ مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہونے کے لئے جمعرات کو رات کے وقت غسل کرکے پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگاکر اور خوشبو سلگا کر خلوت میں بیٹھے اور ایک نشست میں ایکہزار بار پڑھکر سوجائے۔

شعر بست وپنجم۔ انا الجیلی محی الدین الخ ناموری وشہرت کے لئے ایکہزار پانسو بار پڑھے اور لولد زندہ رہنے کے لئے اس شعر کا نقش چاندی یا تانبا کی تختی کندہ کراکے بچے کے گلے میں ڈالیں اور استقرار حمل کے لئے عورت زیر ناف باندھے۔

(نوٹ) باقی اشعار کے خواص معلوم نہ ہو سکے۔

ترکیب زکوٰۃ قصیدہ مبارکہ۔ زکوٰۃ کبیر چار ہزار چار سوبار، زکوٰۃ صغیر چار سو چالیس بار۔ زکوٰۃ اصغر چوالیس بار۔

ان میں سے کسی ایک طریقہ کی زکوٰۃ اکتالیس یا اکیس دن میں ترک حیوانات جلالی وجمالی

کے ساتھ پڑھے۔ اور کسر آخری دن میں پورا کرے اول و آخر درود شریف دس دس مرتبہ آخر میں یہ دعا ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم تین بار پڑھے۔

قصیدہ بُردہ شریف

(۷۰۷) قصیدہ بردہ شریف مقبول بارگاہ حضور سید الکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اکثر علماء و اولیاء اس کی برکت سے مستفیذ ہوئے ہیں اور زیارت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہوئے ہیں یہ قصیدہ حمیدہ حضرت شرف الدین ابو عبد اللہ بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تصنیف ہے۔ آپ کی پیدائش سنہ ۶۰۸ھ ہے اور وفات سنہ ۶۹۴ھ ہے۔ اور سبب تالیف اس قصیدہ کے شروع میں مذکور ہے۔ شائقین وہاں سے معلوم کریں۔ بعض خواص اس کے درج ذیل ہیں ناظرین اس سے فائدہ اٹھائیں۔ جملہ حاجات ظاہری و باطنی کے لئے اکسیر ہے۔

اوّل برائے زیادتی عمر۔ ایک ہزار بار، دوم برائے دفع بلا ۱۷ بار، سوم برائے دفع قحط ۳۰۰ بار، چہارم برائے زیادتی نعمت و دولت ۷۰ بار، پنجم برائے آسانی آبلہ اکتالیس بار، ششم جملہ بلاؤں سے حفاظت کے لئے ایکبار روزآنہ، ھفتم بانجھ عورت کے لئے سولہ بار پڑھ کر دم کرے اور پانی پر دم کر کے پلائے۔

ھشتم۔ ایک مرتبہ پڑھکر بچے پر دم کرے تو عمر دراز ہو اور بلاؤں سے محفوظ رہے۔

نہم۔ لڑکیوں کے بخت کھولنے کے لئے شب جمعہ عروج ماہ میں بعد نماز عشاء سترہ بار پڑھکر دعا کرے یہ عمل سات جمعہ کرے۔

دھم۔ سونے کے وقت جس مقصد کی نیت سے پڑھکر سو جائے اس کے اچھے برے ہونے کی اطلاع ہو جائے گی

یازدھم۔ دشمنوں کے دفع کے لئے پرانے قبرستان میں جاکر اکتالیس بار چالیس دن تک پڑھے۔

دوازدھم۔ قوت حافظہ کے لئے ایک بار گلاب پر پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔

سیزدھم۔ ہر مشکل امر کے لئے تین روز روزہ رکھے اور ہر روز اکیس بار پڑھے وہ مشکل آسان ہو گی

چہاردھم۔ اس قصیدہ مبارکہ کو مشک و زعفران سے لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنے سے

جملہ بلاؤں سے نجات ہوگی۔

پانزدہم۔ اس قصیدۂ مبارکہ کو کمال ادب واحتیاط سے تین مرتبہ پڑھے زیارت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا۔

شانزدہم۔ اور اس قصیدۂ مبارکہ کو پڑھکر گلاب پر دم کر کے اپنے کپڑے پر چھڑک لے تو لوگوں کی نظر میں عزیز ومکرم ہوگا۔

ہفتدہم۔ سفر میں ایک مرتبہ پڑھنے سے صعوبت سفر سے نجات رہے گی۔

ہیجدہم۔ جملہ حاجات کے لئے جمعہ کی رات میں ۲۷ مرتبہ پڑھکر حلوا پر نیاز حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دلائے وہ حاجت پوری ہوگی۔

نوزدہم۔ طاعون اور وبائی امراض کے دفع کے لئے ہر روز تین مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

بستم۔ اس کی کثرت سے زیارت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا اور قبر میں زیارت نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے مستفیض ہوگا۔

بست ویکم۔ جس مکان میں یہ قصیدۂ مبارکہ پڑھا جائے سات چیزوں سے محفوظ رہے گا۔ ۱ آسیب وجن وغیرہ اس گھر سے بھاگ جائیں گے ۲ مرض آبلہ سے نجات ہوگی ۳ وبا سے نجات ملے گی ۴ زخم چشم نہ ہوگا ۵ مرض برص ۶ اچانک موت سے نجات ہوگی ۷ دین دنیا کا نقصان نہ ہوگا۔

بست دوم۔ جس کو کسی کام میں نقصان ہوتا ہو وہ اکتالیس روز تک پڑھے۔

بست وسوم۔ درد چشم ودرد قولنج ودرد شکم کے دفع کے لئے روز گیارہ بار پڑھے۔

بست وچہارم۔ ادائیگی قرض کے لئے اکیس بار ایک بار پڑھے۔

بست وپنجم۔ گلاب پر تین بار دم کر کے درد زہ والی عورت کی پیٹھ پر پانی مل دے فوراً بچہ پیدا پیدا ہو جائے گا اور بچہ کو اسی پانی سے غسل دے کر پھر دوسرے پانی سے نہلائیں تو بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا مگر ایسی جگہ نہلائیں کہ پانی پر کسی کا پیر نہ پڑے۔

بست وششم۔ اس قصیدہ کو پڑھنے سے کشتی وجہاز ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔

بست وہفتم۔ قید سے نجات پانے کے لئے تین مرتبہ اس قصیدہ کا پڑھنا مفید ہے۔

بست وہشتم۔ اگر کوئی شخص غائب ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ زندہ ہے یا مر گیا۔ تو بدھ کی رات میں تین مرتبہ پڑھکر سو جائے اس کا حال معلوم ہوگا۔

بست و نہم۔ جو زمین قابل زراعت نہ ہو اس کے لئے اس قصیدہ کو تین بار پڑھکر پانی یا بیج پر دم کر کے اس زمین میں ڈالیں۔

سی ام۔ گناہوں کی مغفرت کے لئے شب جمعہ میں تین بار پڑھے انشاء المولیٰ تعالیٰ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اس کی شفاعت فرمائیں گے اور فراخی رزق کے لئے ایک چلہ ایکسو تیس ۱۳۰ بار پڑھے پھر روزانہ ایک مرتبہ۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللّٰہ

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝

مجموعہ اعمال رضاء

حصہ سوم

اعلیٰ حضرت امام احمد رضاء خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مرتبہ

قاضی محمد عبد الرحیم بستوی

ناشر

ممتاز اکیڈمی فضل الٰہی مارکیٹ چوک اردو بازار لاہور

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ العزیز الغفار الکریم الستار والصلاۃ والسلام علی النبی المختار السید الابرار وعلی آلہ الاطہار واصحٰبہ الاخیار وعلی من اتبعھم من التابعین والصلحاء المھتدین الی یوم الدین آمین یارب العلمین۔

امابعد رب کریم کا فضل عمیم ہے کہ مجموعہ اعمال رضا حصہ سوم ناظرین کی خدمت میں پیش کرنیکی سعادت حاصل کر رہا ہوں اس حصہ کی ترتیب کافی عرصہ سے مکمل ہو چکی تھی مگر کتابت کی دشواریوں کے سبب اتنک منظر عام پر نہ آسکا حصہ اول و دوم کی اشاعت کئی بار ہو چکی ہے۔ اور ناظرین اس سے مستفید ہوئے ان ہی کے اصرار کے سبب حصہ سوم کو مرتب کیا گیا ہے۔ بعض احباب نے اس جانب توجہ دلائی کہ مجموعہ اعمال رضا میں مزید تصحیح کی ضرورت ہے اور پھر سے کتابت کرائی جائے اور عمدہ کتابت وطباعت کے ساتھ پیش کیا جائے اس بنا پر حصہ اول و دوم کی دوبارہ کتابت کرائے اور تینوں حصوں کو یکجا کر کے مجلد کرانے کا عزم مصمم ہے اور انشاء اللہ آئندہ ایڈیشن اسی طرح پیش کیا جائے گا۔

حصہ سوم میں اسماء حسنیٰ باری تعالیٰ کے خواص اور قرآن عظیم کی ایک موجودہ سورتوں کے خواص اور ان کے نقوش درج ہیں اور چہل و یک اسماء کے خواص و فوائد و نقوش مذکور ہیں نیز درود مستغاث۔ دعائے مغنی۔ مسبعات عشر کے فوائد بھی درج ہیں۔ بہر حال یہ حصہ خواص و عوام کیلئے اکسیر ہے اس حصے کی تیاری میں مجموعہ اعمال قلمی۔ کاشف الاستار شریف۔ انوار احمدیہ فی معمولات العزیزیہ وغیرہ سے مدد لی گئی ہے اور تصحیح کا خاص خیال رکھا گیا ہے پھر بھی اگر ارباب علم و نظر کو کوئی خامی نظر آئے تو براہ کرم مطلع کر دیں تاکہ تصحیح کرا دی جائے۔ مولیٰ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کو شرف قبولیت فرمائے۔

قاضی محمد عبد الرحیم بستوی

اسمائے حسنیٰ باری تعالیٰ

١	اللہ	٦٦	خدا
٢	رحمٰن	٢٩٨	بہت مہربان
٣	رحیم	٢٥٨	رحم والا
٤	ملک	٩٠	بادشاہ
٥	قدوس	١٧٠	نہایت پاک
٦	سلام	١٣١	سلامتی دینے والا
٧	مؤمن	١٣٦	امان بخشنے والا
٨	مہیمن	١٤٥	حفاظت فرمانیوالا
٩	عزیز	٩٤	عزت والا
١٠	جبار	٢٠٦	عظمت والا
١١	متکبر	٦٢٢	بڑائی والا
١٢	خالق	٧٣١	پیدا کرنے والا
١٣	باری	٢١٣	بنانے والا
١٤	مصور	٣٣٦	ہر ایک کو صورت دینے والا
١٥	غفار	١٢٨١	بڑا معاف فرمانیوالا
١٦	قہار	٣٠٦	غالب
١٧	وہاب		بہت دینے والا
١٨	رزاق	٣٠٨	بہت روزی دینے والا
١٩	فتاح	٤٨٩	مصیبت کھولنے والا
٢٠	علیم	١٥٠	علم والا
٢١	قابض	٩٠٣	تنگی کرنے والا
٢٢	باسط	٧٢	کشائش کرنیوالا
٢٣	خافض	١٤٨١	پست کرنے والا
٢٤	رافع	٣٥١	بلند کرنے والا
٢٥	معز	١١٧	عزت دینے والا
٢٦	مذل	٧٧٠	ذلت کرنے والا
٢٧	سمیع	١٨٠	سننے والا
٢٨	بصیر	٣٠٢	دیکھنے والا
٢٩	حکم	٦٨	حکم کرنے والا
٣٠	عدل	١٠٤	عدل فرمانے والا
٣١	لطیف	١٣٢	پاک بڑا باریک بیں
٣٢	خبیر	٨١٢	خبردار

۳۳ حلیم ۸۸ حلم والا	۳۴ عظیم ۱۰۵۰ بڑائی والا	۳۵ غفور ۱۲۸۶ بخشنے والا	۳۶ شکور ۵۲۶ قدر فرمانے والا
۳۷ علی ۱۱۰ بلند	۳۸ کبیر ۲۳۲ بڑائی والا	۳۹ حفیظ ۹۹۸ حفاظت والا	۴۰ مقیت ۵۵۰ روزی دینے والا
۴۱ حسیب ۸۰ حساب لینے والا	۴۲ جلیل ۷۳ جلال والا	۴۳ کریم ۲۷۰ کرم فرمانیوالا	۴۴ رقیب ۳۱۲ نگہبانی والا
۴۵ مجیب ۵۵ دعا سننے والے	۴۶ واسع ۱۳۷ وسعت دینے والا	۴۷ حکیم ۷۸ حکمت والا	۴۸ ودود ۲۰ محبت والا
۴۹ مجید ۵۷ بزرگی والا	۵۰ باعث ۵۷۳ مردہ کا زندہ کرنیوالا	۵۱ شہید ۳۱۹ نگہبان	۵۲ حق ۱۰۸ سچائی والا
۵۳ وکیل ۶۶ کارساز	۵۴ قوی ۱۱۶ زبردست	۵۵ متین ۵۰۰ قدرت والا	۵۶ ولی ۴۶ وارث خلق
۵۷ حمید ۶۲ سب خوبیوں سراہا	۵۸ محصی ۱۴۸ گھیرنے والا	۶۰ مبدی ۵۱ ظاہر فرمانیوالا	۶۱ معید ۱۲۴ دوبارہ پیدا فرمانیوالا
۶۲ محی ۶۸ زندہ کرنیوالا	۶۲ ممیت ۴۹۰ موت دینے والا	۶۳ حی ۱۸ زندہ	۶۴ قیوم ۱۵۶ قائم رکھنے والا
۶۵ واجد ۱۴ پانے والا	۶۶ ماجد ۴۸ بزرگی والا	۶۷ واحد ۱۹ ایک۔ یکتا	۶۸ صمد ۱۳۴ بے نیاز
۶۹ قادر ۳۰۵ قدرت والا	۷۰ مقتدر ۷۴۴ قدرت والا	۷۱ مقدم ۱۸۴ بڑھانے والا	۷۲ مؤخر ۸۴۶ پیچھے کرنے والا

۷۳	اول ۳۷ قدیم ہر شئی سے پہلے	۷۴	آخر ۸۰۱ ہمیشہ رہنے والا	۷۵	ظاہر ۱۱۰۶ ہر شئی پر غالب	۷۶	باطن ۶۲ ہر شئی کا جاننے والا
۷۷	والی ۴۷ کام بنانے والا	۷۸	متعالی ۵۵۱ بلندی والا	۷۹	بر ۲۰۲ نیکوکار	۸۰	تواب ۴۰۹ بہت توبہ قبول کرنیوالا
۸۱	منتقم ۶۳۰ بدلہ لینے والا	۸۲	عفو ۱۵۶ معاف کرنیوالا	۸۳	رؤف ۲۸۶ بہت مہربان	۸۴	مالک الملک ۲۱۲ ملک کا مالک
۸۵	ذوالجلال والاکرام ۹۹۹ عظمت اور بزرگی والا	۸۶	مقسط ۲۰۹ انصاف کرنیوالا	۸۷	جامع ۱۱۴ جمع کرنے والا	۸۸	غنی ۱۰۶۰ بے نیاز
۸۹	مغنی ۱۱۰۰ بے پرواہ کرنیوالا	۹۰	مانع ۱۶۱ روکنے والا	۹۱	ضار ۱۰۰۱ نقصان پہنچانیوالا	۹۲	نافع ۲۰۱ نفع پہنچانے والا
۹۳	نور ۲۵۶ روشن کرنیوالا	۹۴	ہادی ۲۰ ہدایت کرنے وال	۹۵	بدیع ۸۶ بغیر نمونہ کے پیدا کرنیوالا	۹۶	باقی ۱۱۳ ہمیشہ رہنے والا
۹۷	وارث ۷۰۷ مالک	۹۸	رشید ۵۱۴ سیدھی تدبیر والا	۹۹	صبور ۲۹۸ بڑا تحمل کرنیوالا	۱۰۰	مغیث ۱۵۵۰ مددگار
۱۰۱	کافی ۱۱۱ کفایت کرنیوالا	۱۰۲	دافع ۱۵۵ دفع کرنے والا	۱۰۳	احد ۱۳ اکیلا	۱۰۴	منعم ۲۰۰ بخشش کرنیوالا
۱۰۵	معطی ۱۲۹ عطا کرنے والا						

اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ امام ترمذی نے اس روایت کی تخریج فرمائی ہے ولید بن مسلم سے انھوں نے شعیب بن ابی حمزہ سے وہ ابی الزناد سے

وہ اعرج سے وہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے وہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور اس میں مذکورہ بالا ننانوے اسماء ہیں اور دوسری روایت بھی اسی طرح ہے مگر اس کے آخر میں کافی زیادہ ہے اور کہا گیا ہے کہ نصیبی کی روایت میں مقیت کے بدلے مغیث ہے اور بعض روایتوں میں مانع کے بجائے دافع ہے۔

اقول ویدل علیہ قولہ تعالیٰ ولولا دفع اللہ الناس بعضھم ببعض وقولہ ان اللہ یدفع عن الذین آمنوا۔ اور در منثور اور جامع کبیر میں ۳ ناموں کا اضافہ ہے۔ ۱۰۳۔ احد صمد سے پہلے اور منتقم سے پہلے ۱۰۴۔ امنیعم اور مانع سے پہلے ۱۰۵۔ امعطی ہے۔

فوائد و خواص اسمائے حسنیٰ باری تعالیٰ

قال اللہ تعالیٰ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم وللہ الاسماء الحسنیٰ فادعوہ بھا اور اللہ ہی کے بہترین نام ہیں تم ان ناموں کے ذریعہ اسے پکارو اور حدیث شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا ان اللہ تعالیٰ تسعۃ وتسعین اسماء من احصاھا وقرأھا وعمل بھا دخل الجنۃ (ترمذی ومشکوٰۃ شریف)

یعنی بیشک اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو شخص انھیں یاد کرے گا اور پڑھے اور عمل کرے جنت میں داخل ہوگا۔ حضرات مشائخ کرام نے ہر ایک نام مبارک کی خاصیت اور پڑھنے کی ترکیب بیان فرمائی ہے اگرچہ وہ خواص اور ترکیب کتب حدیث میں وارد نہیں

ہیں مگر مجتہدین طریقت کو یہ خاصیتیں مکشوف ہوئی ہیں اور ان حضرات نے انھیں اپنی کتابوں میں تحریر فرمایا ہے تاکہ طالب صادق ان فیوض و برکات سے محروم نہ رہے حضرت شیخ محقق عبدالحق دہلوی قدس سرہٗ کا رسالہ مبارکہ "المطلب الاعلیٰ فی شرح اسماء الحسنیٰ" مشہور ہے یہ خواص حضرت شیخ کے اس رسالہ اور مخزن الدعوات و جواہر خمسہ و کاشف الاسرار وغیرہا سے منقول ہے۔

یا اللہ ٦٦ — اسم ذات ہے اور تمام صفات الٰہیہ کا جامع ہے جو شخص ہزار بار روزانہ اس اسم شریف کا ورد رکھے صاحب یقین و مستجاب الدعوات ہو اور جو شخص سو مرتبہ روزانہ پڑھے اس کا باطن کشادہ ہو جائے اور اس اسم کا مربع پُر کر کے گلے میں ڈالے تو تپ ولرزہ کے لئے مفید ہے اور کند ذہن بچے کو سات دن یا گیارہ دن یا اکیس دن صبح نہار منہ تازی روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ یا اللہ لکھ کر کھلانے سے بچہ کا ذہن کھل جاتا ہے اور شفائے امراض کے لئے ٦٦ مرتبہ لکھ کر مریض کو پلائیں اور آسیب زدہ کو بھی دھو کر پلائیں اور جو کوئی اس اسم کو کسی برتن میں بلاتعداد جسقدر اس برتن میں گنجائش ہو لکھ کر دھو کر اس کا پانی مصروع یا آسیب زدہ پر چھڑک دے تو اس کا آسیب جل جائیگا مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٨	١١	٢٦	١
٢٥	٢	٧	١٢
٣	٢٨	٩	٦
١٠	٥	٤	٢٧

یا رحمٰن (جمالی) ٢٩٨ — نسیان و غفلت اور سختی قلب دور ہونے کے لئے ہر نماز کے بعد سو مرتبہ ورد رکھے کامیاب ہو اور واسطے درد اور صحت دل و سینہ و جگر و جملہ امراض کے لئے یہ مربع مفید ہے۔

٢٧٢	١١	١٤	١
١٣	٢	٢٧١	١٢
٣	١٦	٩	٢٧٠
١٠	٢٦٩	٤	١٥

یارحیمُ جمالی ۲۵۸

جو شخص اس اسم مبارک کو بعد نماز صبح سو۱۰۰ مرتبہ پڑھے مخلوق اس پر مہربان ہو اسم یا رحیم، یا رحیم لوہے یا تانبے کے پتر پر کندہ کرائے انگشتری میں بجائے نگینہ رکھ کر پہنے کوئی تکلیف و مصیبت اسے نہ پہونچے اور ہر حاجت پوری ہو جمعہ کے دن کندہ کرانا بہتر ہے۔ اور ہر حاجت کے لئے جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد کسی سے کلام نہ کرے سی جگہ بیٹھ کر ان تینوں اسمائے مبارکہ یا اللہ یا رحمن یا رحیم کو پڑھتا رہے۔ جب آفتاب غروب ہو جائے تو سر سجدہ میں رکھ کر حاجت عرض کرے مراد حاصل ہوگی اور تاخیر ہو تو دوسرے تیسرے جمعہ کو بھی اسی طرح عمل کرے۔ یہ عمل مجرب و آزمودہ ہے اور فقیر نے کئی شخصوں کو اہم کاموں کے لئے بتایا وہ کامیاب ہوئے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۲	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۲۳۱	۱۲
۳	۱۶	۹	۲۲۰
۱۰	۲۲۹	۴	۱۵

یامَلِکُ مشترک ۹۰

تصفیہ قلب اور تسخیر اور حصول منصب و مرتبہ کے لئے ہر روز نوے۹۰ مرتبہ پڑھنا از حد مفید ہے اور اسم مبارک القدوس کے ساتھ ملا کر پڑھنے سے جاہ و مرتبہ قائم و باقی رہتے ہیں۔

۷۸۶

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

یاقدوس ۱۷۰ مشترک

ہر روز سو بار زوال آفتاب کے وقت پڑھے صفائی قلب نصیب ہو اور جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھائے صفات جمیلہ اور ملکوتیہ پیدا ہوں گے۔ فراخی رزق کے لئے ہزار مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کرے اس کھانے میں برکت و وسعت ہو خصوصاً دعوتوں کے کھانے میں اتنی برکت ہوگی کہ سب کو بفضل خدا کافی ہوگا۔

۷۸۶

۴۲	۴۵	۴۸	۳۵
۴۷	۳۶	۴۱	۴۶
۳۷	۵۰	۴۳	۴۰
۴۴	۳۹	۳۸	۴۹

عمل دیگر: ۱۔ بعد نماز صبح درود شریف سو بار اللہ الصمد تین سو بار یا قدوس

ہزار بار پڑھنا فراخی رزق کے لئے مجرب ہے۔

یَا سَلَامُ
۱۳۱ (جمالی)

اس اسم پاک کو ایکسو نوے (۱۹۰) مرتبہ پڑھکر شیرینی پر دم کر کے مخالف کو کھلائے۔ مہربان ہو اور بیمار کے لئے ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھ کر دم کرے صحت ہو۔ اور گھبراہٹ و بےچینی کے لئے دو سو (۲۰۰) مرتبہ پڑھکر دل پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے پلائے۔ اور پڑھتے وقت دایاں ہاتھ دل پر رکھے۔ اضطراب دور ہو نیز جو کوئی تین ہزار بار تین دن تک کسی بیمار کے لئے پڑھے بیمار بہت جلد شفایاب ہوگا۔

۷۸۶

۳۲	۳۵	۳۹	۲۵
۳۸	۲۶	۳۱	۳۶
۲۷	۴۱	۳۳	۳۰
۳۴	۲۹	۲۸	۴۰

یَا مُومِنُ
۱۳۶ (جمالی)

اگر اس اسم مبارک کو ایکسو سرسٹھ بار روزانہ پڑھے شیطان کے شر سے محفوظ رہے اور چاندی کے نگینہ پر کندہ کرا کے پہنے تسخیر کا فائدہ حاصل ہو۔

۷۹۶

۳۳	۳۷	۴۰	۲۶
۳۹	۲۷	۳۲	۳۸
۲۸	۴۲	۳۵	۳۱
۳۴	۳۰	۲۹	۴۱

یَا مُهَیْمِنُ
۱۴۵ (جمالی)

اگر اس اسم کو غسل و طہارت کے ساتھ ہر روز سو مرتبہ پڑھے تو دلوں کے بھید پوشیدہ باتیں معلوم ہوں اور جملہ آفات سے پناہ میں رہے اور وہ شخص جنتی ہو جبکہ اس اسم کی مواظبت کرے۔

یَا عَزِیْزُ
۹۴ (جلالی)

اگر اس اسم مبارک کو روزانہ سنت و فرض فجر کے درمیان ۴۱ بار پڑھے تو محتاجی دور رہے اور اس اسم پاک کے مظہر و مضمر نقوش کو کندہ کرا کے پہننا تسخیر اور جلب منافع کے لئے بہت مفید ہے۔

یا عزیز ۷۸۶ مظہر و مضمر

ز ۲۳	ی ۲۶	ز ۲۹	ع ۱۶
ع ۲۸	ز ۱۷	ی ۲۲	ز ۲۷
ی ۱۸	ز ۳۱	ع ۲۴	ز ۲۱
ز ۲۵	ع ۲۰	ز ۱۹	ی ۳۰

یَا جَبَّارُ
۲۰۶ (جلالی)

مقہوری دشمناں کے لئے بعد نماز جمعہ تین سو بار پڑھے اور مسبعات عشر کے

یا جبار ۷۸۶

۵۱	۵۴	۵۷	۴۴
۵۶	۴۵	۵۰	۵۵
۴۶	۵۹	۵۲	۴۹
۵۳	۴۸	۴۷	۵۸

بعد ۲۱ بار پڑھنا ظالموں کے شر سے نجات کے لئے از حد مفید ہے اور نقش کندہ کرا کے ہاتھ میں پہننا مخلوق کے اندر دبدبہ پیدا ہونے کے لئے مفید ہے۔

یَا مُتَکَبِّرُ ۶۶۲ (جلالی) قبل از جماع دس۱۰ مرتبہ پڑھے فرزند نصیب ہو اور پرہیزگار ہو اور ہر کام کے شروع میں پڑھنا حصول مراد کے لئے مفید ہے۔

یَا خَالِقُ ۷۳۱ (جمالی) جو شخص اس اسم پاک کا ورد کثرت سے کرے اس کا دل اور منہ روشن و منور ہو اور اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ کو پیدا کرے تاکہ عبادت کرے اور اس بندہ کے حق میں دعا کرے۔ اور قیامت کے دن اس کا چہرہ نورانی ہو۔

یَا بَارِیُٔ ۲۱۳ (مشترک) جو شخص اس اسم کو ہفتہ بھر سو۱۰۰ مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ قبر میں اسے تنہا نہ چھوڑے گا بلکہ ریاض قدس میں جگہ دے گا اور اگر حکیم ڈاکٹر اس اسم پاک کا ورد رکھیں تو ان کا علاج صحیح رہے۔ اور محبت و تسخیر کے لئے خوشبودار پھولوں پر ۵، بار پڑھ کر اس کا اور اپنا نام لے کر دم کرے اور مطلوب کو سنگھائے تو اس کی محبت اس کے دل میں پیدا ہو۔

یَا مُصَوِّرُ ۳۳۶ (جمالی) بانجھ عورت اور اس کا شوہر دونوں سات دن روزہ رکھیں اور افطار کے وقت اکیس۲۱ بار اس اسم پاک کو پانی پر دم کر کے اسی سے افطار کریں ان شاء اللہ نیک، فرزند نصیب ہو گا اور جلد اول میں عمل نمبر ۱۷۸ میں نقش مذکور ہے۔

تسخیر کیلئے وضو کرنے کے وقت انگشت شہادت سے پیشانی پر لکھے جس سے ملاقات کرے وہ (۲۱۵) کا دوست ہو۔

یَا غَفَّارُ ۱۲۸۱ (جمالی) بعد نماز جمعہ سو مرتبہ یہ پڑھے یَا غَفَّارُ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ بخش دے گا۔

یَا قَهَّارُ ۳۰۶ (جلالی) کسی بھی مشکل و دشوار گزار کام کے لئے ہر روز سو۱۰۰ مرتبہ پڑھے مشکل آسان

ہوگی۔ اور مقہوری دشمناں کے لئے جمعہ کے دن جمعہ کے فرض و سنت کے درمیان ۱۰۰ سو مرتبہ پڑھے تو دشمن مقہور ہو جائیں گے اور تفریق کے لئے عمل باب العداوت میں گزر چکا ہے۔

یَاوَھَّابُ ۱۴ (جلالی) یہ اسم بہت سے کاموں کے لئے مفید و مجرب ہے۔ جو شخص نماز چاشت کے بعد سر سجدہ میں رکھکر سات بار پڑھے وہ مخلوق سے مستغنی و بے نیاز ہو جائے۔ فراخی رزق کے لئے بعد عشاء ایک ہزار پینتیس ۱۰۳۵ مرتبہ اس طرح پڑھے۔ یَاوَھَّابُ ذَالْطَولِ روزی بروے فراخ شود۔

ہر اہم حاجت کیلئے جو شخص دشمن کے پنجہ میں گرفتار ہو یا قید میں ہو یا ملازمت سے معزول ہو یا انشراح صدر نہ ہوتا ہو۔ وہ تین شب متواتر آدھی رات کو اٹھکر کامل طہارت کرے اور صحن یا مسجد میں دو رکعت تحیۃ الوضو ادا کرے پھر تین سجدہ کرکے ہاتھ اٹھا کر بلند آواز سے یا وہاب سو مرتبہ پڑھے پھر دعا مانگے اور اپنی حاجت عرض کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

عملِ خاص تونگری و فراخیٔ رزق جمعرات یا جمعہ کو روزہ رکھے فجر کی نماز سے پہلے ۱۰۰ سو مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد چار رکعت نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی پندرہ مرتبہ اور قل ہو اللہ شریف پانچ مرتبہ پڑھے بعد سلام یا وہاب ۱۴ بار پڑھکر دعا کرے۔

نوٹ:۔ یہ نماز طلوع فجر سے پہلے پڑھے کہ بعد فجر نفل نماز مشروع نہیں ہے۔

دیگر:۔ بعد نماز عشاء یا وہاب چار ہزار چار سو چوالیس بار ایک نشست میں چالیس دن تک پڑھے۔

دیگر یا وہاب ھَبْ لِیْ مُلْکَ عِشْقِكَ یَاوَھَّابُ ھَبْ لِیْ مُلْکَ رِزْقِكَ یَاوَھَّابُ ۷۰۰ مرتبہ روزآنہ ایک چلہ پڑھے۔

یَارَزَّاقُ ۳۰۸ (جمالی) ۱۔ جو شخص صبح صادق کے بعد نماز فجر کے پہلے گھر کے ہر گوشہ میں دس مرتبہ

پڑھے وہ فقر و فاقہ سے خلاصی پائے مگر داہنے جانب سے شروع کرے اور قبلہ رو ہو کر پڑھے۔

دیگر:۔ روزآنہ پانچ سو بیتالیس بار پڑھنا فراخی رزق کے لئے مجرب ہے اور اس کا نقش اپنے پاس رکھنا بھی مفید ہے اور اسم رزاق کی دعوت کا طریقہ جلد اول صـ۹۴ پر ہے۔

۷۸۶

انّ اللّٰہ	ھوالرزاق	ذوالقوۃ	المتین
المتین	ذوالقوۃ	ھوالرزاق	ان اللّٰہ
ھوالرزاق	ان اللّٰہ	المتین	ذوالقوۃ
ذوالقوۃ	المتین	ان اللّٰہ	ھوالرزاق

یا فتاح
۴۸۹ دجمالی

صفائی قلب و نورانیت کے لئے مفید ہے چاہئے کہ بعد نماز صبح سینہ پر ہاتھ رکھکر سات یا ستر مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھے۔

دیگر:۔ برائے فراخی رزق ۴۸۹ بار روزآنہ بعد فجر ورد رکھے۔

یَا علیمُ
مشترک (۱۵۰)

اس اسم پاک کی کثرت معرفت باری تعالیٰ کے لئے مفید ہے اور یا علیم اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے چالیس دن تک نہار منھ پلانے سے بچہ صاحب علم ہوگا اور حافظہ اس کا روشن ہو جائے گا۔

دیگر:۔ امر مخفی کے معلوم کرنے کے لئے تین راتیں متواتر وضو کر کے دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے پھر اس اسم پاک کو ڈیڑھ سو مرتبہ پڑھکر درود شریف پڑھتا ہوا سو جائے وہ امر ظاہر ہوگا۔

دیگر:۔ جمعہ کی شب میں اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں چار سو پچاس مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھکر دعا کرے جو مشکل کام ہوگا آسان ہو جائے گا۔

یَا قابضُ
(۹۰۳)

عذاب قبر سے حفاظت کے لئے چالیس دن تک روٹی کے ٹکڑے پر لکھکر کھائے اور اسی طرح عمل کرنے سے فاقہ سے بھی محفوظ رہے گا۔

دیگر:۔ مقہوری دشمناں کے لئے تین راتیں متواتر ہزار بار مقہوری کی نیت سے پڑھے اور نکسیر یا حیض یا بواسیر کے خون کے روکنے کا تعویذ جلد اول میں گزر چکا ہے۔

یَا بَاسِطُ (۲۷) (جمالی)

فراخی رزق کے لئے صبح کو ہاتھ پھیلا کر دس مرتبہ پڑھے اور ہاتھوں کو چہرہ پر مل لے انشاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہوگا اور روزانہ گیارہ سو بار پڑھنا تنگدستی سے نجات دلاتا ہے۔

دیگر: بعد نماز صبح یا عشا گھر کے صحن یا مسجد میں ایسی جگہ کھڑا ہو کہ آسمان اور اس کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو اور سر برہنہ ہو کر اول سو مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سو مرتبہ یا باسط پڑھے اور قبلہ کی طرف دم کرے بعد ازاں سو مرتبہ یا باسط پڑھکر مغرب وشمال کے گوشہ کی جانب دم کرے اس کے بعد شمال کی جانب اس کے بعد شمال و مشرق کے گوشہ کی جانب پھر مشرق کی طرف اس کے بعد مشرق وجنوب کے گوشہ کی جانب پھر جانب جنوب پھر جنوب ومغرب کے گوشہ کی طرف ہر دفعہ سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے بعد ازاں آسمان کی طرف پھر زمین کی جانب سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے سب مجموعہ ایک ہزار ایک مرتبہ ہوا پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھکر فراخی رزق کے لئے بارگاہ رب العزت میں دعا کرے یہ عمل چالیس روز کرے اگر مراد کو پہنچے تو مداومت کرے ورنہ بعد تین چلے کے ترک کر دے۔ پرہیز گوشت گاؤ، مچھلی، لہسن، پیاز سے کرے۔

دیگر برائے دفع سحر

اگر کسی پر سحر کا اثر اس طریقہ کا ہو کہ جسم میں سوئی کی طرح چبھن معلوم پڑتی ہو تو اس اسم کو لکھکر گرم پانی میں ڈالے اور سر اور داڑھی اسی پانی سے دھووے انشاء اللہ صحت کلی ہو اور اجرائے حیض کے لئے جلد اول صفحہ ۶۳ میں نقش مذکور ہے۔

یَا خَافِضُ جمالی (۱۴۸۱)

دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے ہر روز سات ہزار بار پڑھنا مفید ہے۔

عمل دیگر: تین دن روزہ رکھے اور ان ایام میں بے تعداد جس قدر ہوسکے پڑھے۔

چوتھے دن روزہ رکھکر خلوت میں دو رکعت نماز نفل ادا کرکے ستر ہزار بار ایک جلسہ میں پڑھکر سجدہ میں جاکر دعا دفع اعدا کے لئے کرے۔

یَارَافِعُ جلالی (۳۵۱) دوپہر کو یا آدھی رات کو ہر روز سو بار پڑھے۔ برگزیدہ اور تونگر ہو جائے۔

یَامُعِزُّ جلالی (۱۱۷) جو شخص شب جمعہ یا دوشنبہ کو بعد نماز مغرب اکتالیس بار پڑھے۔ مخلوق کی نظر میں اس کی عزت و حرمت و ہیبت زیادہ ہو اور جو شخص یَاعَزِیْزُ یَامُعِزُّ عَزِّزْنِیْ بِعِزَّتِکَ کثرت سے پڑھے اللہ تعالیٰ اسس کو عزیز فرمائے۔

یَامُذِلُّ جلالی (۷۷۰) جو شخص کسی ظالم یا دشمن کے درمیان گرفتار ہو جائے وہ اسم پاک کو پچھتر مرتبہ پڑھکر سجدہ میں جاکر یہ دعا کرے۔ الٰہی مرا از شر فلاں امان دہ۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی امان میں فرمائے گا۔

دیگر:۔ اگر دشمناں کسی کے ملک پر قبضہ کریں اور اس کو مقابلہ کی قوت نہ ہو اسے چاہیئے کہ روزانہ دس ہزار مرتبہ پڑھکر دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ دشمنوں کو دفع فرمائے گا۔ یہ عمل اکتیس دن پڑھے۔

یَاسَمِیْعُ یَابَصِیْرُ جلالی (۱۸۰) جمالی (۳۰۲) جو شخص جمعرات کے دن اس اسم پاک کو نماز چاشت کے بعد یا سمیع پانچسو مرتبہ پڑھے اور بعضوں نے فرمایا کہ ہر روز سو مرتبہ پڑھے وہ مستجاب الدعوات ہو۔ اور جو شخص یا بصیر کو صبح کے فرض و سنت کے درمیان سو مرتبہ پڑھے عند اللہ مقبول و منظور ہو۔

دیگر:۔ اور جو شخص ان دونوں ناموں کو ہر روز چار سو اسی بار پڑھے کسی کا محتاج نہ ہو۔

دیگر:۔ اور جو شخص صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ یہ پڑھ لیا کرے۔ اس کے تمام کام پورے ہوں۔ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ہ

دیگر:۔ جو شخص بعد نماز یابصیر تین سو مرتبہ پڑھے اس کے کام بلاسعی کے پورے ہوں۔

یاحکم جلالی (۶۸) جو شخص جمعہ کی شب میں اس اسم پاک کو اس قدر پڑھے کہ بیخود ہو جائے اللہ تعالیٰ اس کے باطن کو معدن اسرار کرے۔

یاعدل جلالی (۱۰۴) جو شخص جمعہ کی شب میں روٹی کے اکیس ٹکڑوں پر اس اسم کو لکھ کر کھائے مخلوق اس کی تابع فرمان ہو۔

یالطیف جمالی (۱۲۹) محتاجی دور ہونے کے لئے اور مرض قوی کے دفع ہونے کے لئے اور لڑکی کا شوہر ملنے کے لئے مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ طہارت کر کے تنہائی میں دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھکر سو بار یالطیف پڑھے تا حصول مراد جاری رکھے انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔

دیگر:۔ سخت دشوار امور کے لئے منگل، بدھ، جمعرات کو روزہ رکھے اور بدھ کی رات میں آدھی رات کے بعد غسل کر کے تحیۃ الوضو پڑھکر دو رکعت نماز پڑھکر حضرت مخدوم جہانیاں و حضرت شاہ قطب عالم قدس سرہ اللہ کی روح کو ایصال ثواب کرے۔ ہر رکعت میں بعد فاتحہ آیۃ الکرسی آمن الرسول تا الیك المصیر اور سورہ اخلاص تین تین بار پڑھے بعد سلام دعا حصول حاجات اور مرشد کی حیات کی دعا کرے اگر مرشد زندہ نہ ہو تو دوگانہ کے ثواب میں انھیں بھی شریک کرے بعد ختم دعا پانچ ہزار پانچسو سینتالیس بار یالطیف پڑھے پھر اس دعا کو سینتالیس بار پڑھے اسی طرح جمعرات و جمعہ کی شب میں بھی کرے انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ اللَّطِیْفِ اللَّطِیْفِ لِلَّطِیْفِ

یَامَنْ وَسِعَ لُطْفَہٗ اَھْلَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَلْطَفَ لِیْ مِنْ خَفِیِّ لُطْفِ الْخَفِیِّ الْخَفِیِّ الَّذِیْ اِذَا لَطَفْتَ بِہٖ لِاَحَدٍ مِّنْ عِبَادِكَ لَكُفِیَ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ اُلْطُفْ بِیْ اَللّٰھُمَّ بِلُطْفِكَ الْخَفِیِّ یَا خَفِیَّ الْاَلْطَافِ نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ بِحَقِّ سُوْرَۃِ الْاَعْرَافِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝ اور اس کا ایک مجرب عمل جلد اول میں ہے۔

یَاخَبِیْرُ ترکی (۸۱۲)

جو شخص اپنے نفس بدکیش میں گرفتار ہو وہ اس اسم شریف کی کثرت کرے نجات پائے گا۔

یَاحَلِیْمُ جمالی (۸۸)

غصہ کو دفع کرنے کے لئے سو مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔ اور اگر کھیتی کے لئے کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر کھیت میں چھڑکے تو کھیتی کو کوئی آفت نہ پہونچے۔ اور بیمار کے سرہانے سورہ فاتحہ ایک بار یا حلیم گیارہ بار پڑھ کر دم کرے صحیح و تندرست ہو جائے اور اختلاج قلب کے لئے سینہ پر ہاتھ رکھکر دو سو مرتبہ پڑھے شفا ہو اور یہ ممکن نہ ہو تو پانی پر دم کر کے پلائے۔

یَاعَظِیْمُ جمالی (۱۰۲۰)

جو شخص اس اسم پاک کو کثرت سے پڑھے۔ خلائق کی نظر میں مکرم و معظم ہو۔

یَاغَفُوْرُ جمالی (۱۲۸۶)

صفائی قلب کے لئے بیحد مفید ہے اور جو شخص سجدہ میں سر رکھکر تین بار رب اغفرلی پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمائے۔ اور جس شخص کو درد سر یا اور کوئی مرض شدید ہو جائے اس اسم کو نو مرتبہ لکھکر کھلائیں صحت ہو۔ لکھنے میں ف کا سر کھلا رہے۔ (یا غفور) اور جسے بخار آتا ہو یا سر میں درد ہو۔ وہ اس اسم پاک کو کاغذ پر لکھکر اس کی گیلی سیاہی پر روٹی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روٹی میں جذب کرلے

اور اس ٹکڑے کو کھائے۔ تین دن میں شفا ہوگی۔

یَا شَکُورُ جمالی (۵۲۶) یہ اسم تنگی معاش کے لئے پڑھنا مفید ہے اور تیزی بصر کے لئے ۴۱ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے آنکھوں میں وہ پانی ڈالیں اور چہرہ پر ملیں۔ بصارت زیادہ ہو اور تنگی جاتی رہے۔

یَا عَلِی جلالی (۱۱۰) جو شخص اس اسم پاک کو ایک سو پندرہ مرتبہ پڑھے عزت نصیب ہو اور سفر میں پڑھے تو بخیر و عافیت وطن واپس آئے۔ اور خونی بواسیر کیلئے ایک ہزار مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے انشاء اللہ سات روز میں خون بند ہو گا۔ اور اولاد ہونے کے لئے تین سو بار پڑھکر دم کرنا مفید ہے۔

یَا کَبِیرُ جمالی ۲۳۲ جو شخص اس اسم کو ایک سو بار پڑھے لوگوں کی نظر میں ہیبت و باوقار ہو جائے اور اس سے کام نہیں۔

یَا حَفِیظُ جمالی ۹۹۸ جو شخص جلنے، ڈوبنے اور نظر بد سے خوف رکھتا ہو ہر روز اس اسم پاک کو سولہ مرتبہ پڑھے اور اس کا نقش لکھ کر بازو پر باندھے ہر آفت سے بیخوف ہو جائے گا اور اگر اس نقش کے مفردات نقش اجل کے ساتھ تانبا یا چاندی کے پتر پر کندہ کرا کے بچوں کے گلے میں ڈالیں ہر بلا سے محفوظ رہیں۔

یَا مُقِیتُ جلالی (۵۵۰) جو بچہ بری عادت رکھتا ہو اور روتا ہو اس کے لئے اس اسم پاک کو سات مرتبہ پڑھکر ایک خالی کوزہ میں دم کر کے اس سے پانی پلائیں۔ اور جو شخص روزہ رکھنے سے خوف ہلاکت محسوس کرتا ہو وہ پھولوں پر گیارہ بار پڑھکر دم کرے تو قوت نصیب ہوگی اور روزہ رکھ سکے گا۔

یَا حَسِیبُ جمالی (۸۰) جو شخص چور یا پڑوسی یا زخم چشم سے پریشان ہو وہ سات روز صبح و شام ستہتر مرتبہ روزآنہ اس طرح پڑھے۔ حسبی اللہ الحسیب۔

لیکن جمعرات سے شروع کرے ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

یاجلیل جمالی (۷۳) جو شخص مشک و زعفران سے اس اسم پاک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے خلائق کی نظر میں مکرم و معظم ہو۔

یاکریم جمالی (۲۷۰) جو شخص اس اسم مبارک کو سونے کے وقت کثرت سے پڑھے اور سو جائے فرشتے اس کے حق میں یہ دعا کرتے رہیں گے۔ اکرمک اللہ یہاں تک کہ وہ خلائق کی نظر میں مکرم ہو جائے گا۔

یارقیب جمالی (۳۱۲) جو شخص روزانہ اس اسم پاک کو سات مرتبہ پڑھکر زن و فرزند اور اپنے اوپر دم کرے سب آفت و بلا سے محفوظ رہیں۔

یامجیب جمالی (۵۵) جو شخص اس اسم پاک کو بکثرت پڑھے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے جو دعا کرے قبول ہو۔

یاواسع جمالی (۱۳۷) اس اسم پاک کے پڑھنے والے کو قناعت و برکت حاصل ہوگی۔

یاحکیم جمالی (۷۸) جس کو کوئی سخت حاجت پیش آئے، اس اسم کی مداومت کرے پوری ہوگی۔

یاودود جمالی (۲۰) میاں بیوی کی محبت کے لئے یا دو شخصوں کے درمیان عداوت ہو اس اسم پاک کو ایک ہزار ایک بار شیرینی یا کھانے پر دم کرکے کھلائیں محبت واتفاق ہو اور دوسری ترکیبیں پہلے گذر چکی ہیں۔


یامجید جمالی (۵۷) آبلہ، جذام و برص کے لئے مفید ہے چاہئے کہ ایام بیض یعنی ۱۳۔۱۴۔۱۵ کو روزہ رکھے افطار کے وقت اس اسم کی کثرت کرے یا اس کے اعداد کے مطابق پڑھ کر پانی پر دم کرکے پی لے صحت ہوگی یا سات ہزار مرتبہ اس نام پاک

کو پڑھکر پانی پر دم کر کے پی لے اور سات مرتبہ یہ دعا ہاتھ اٹھا کر پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَیِّءِ الْاَسْقَامِ اور جو شخص لوگوں کی نظر میں بے عزت ہو صبح کے وقت ننانوے مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ معظم و مکرم ہو جائے۔

یا باعث جمالی (۵۷۳)
دل میں نور پیدا ہونے کے لئے دو سو ایک (۲۰۱) مرتبہ سینہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھے اس کا دل منور ہو جائے۔

یا شہید جمالی ۳۱۹
جس کے بچے نافرمان ہوں وہ صبح کے وقت ان کی پیشانی پر ہاتھ رکھکر اور آسمان کی طرف منھ کر کے اکیس (۲۱) بار پڑھے اللہ تعالیٰ انھیں نیک کر دے گا۔

یا حق جلالی (۱۰۸)
جس کا سامان چوری ہو جائے یا گم ہو جائے وہ یہ نقش لکھکر سامان کی تفصیل اندر رکھے اور آدھی رات



کو اٹھکر وضو کر کے وہ نقش ہاتھ میں لے کر آسمان کی طرف منھ کر کے یا حق ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھے اور اس اسم مبارک کو بارگاہ خداوندی میں شفیع بنا کر سامان ملنے یا پتہ لگنے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ حاصل ہوگا۔

دیگر: جو شخص قید ہو گیا ہو وہ آدھی رات کو سر برہنہ ہو کر ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھ کر دعا کرے خلاصی نصیب ہو۔

یا وکیل جمالی (۶۶)
بجلی کی کڑک کے وقت یا آندھی و تیز بارش کے وقت یا آگ لگنے کے وقت اس اسم کی کثرت بہت مفید ہے اور سب آفتوں سے نجات رہے گی۔

یاقوی جلالی (۱۱۶)
دشمن کو دفع کرنے کے لئے باوضو سپید کپڑا پہن کر قبلہ رو بیٹھکر ایک ہزار ایک آٹے کی گولیوں پر یاقوی لکھے پھر طشت میں رکھ کر چھت پر رکھدے تاکہ پرند کھا جائیں دشمن دفع ہوں گے اگر کوئی شخص لکھنا نہ جانتا ہو تو وہ ہرایک گولیوں پر ایک ایک مرتبہ پڑھکر دم کرکے پرندوں کو ڈالدے مگر پہلی صورت زیادہ بہتر اور مجرب ہے اور جمعہ کے دن اس اسم مبارک کو سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد تین ہزار بار پڑھے نسیان دور ہوگا اور سات جمعہ تک عمل جاری رکھے۔

یامتین جلالی (۵۰۰)
جس بچے کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو اسے یامتین کا غذ پر لکھکر پلا دیں۔ تسلی ہوگی اور ماں کا دودھ کم ہو تو اسی اسم پاک کو لکھکر پلادیں دودھ زیادہ ہوگا۔

یاولی جمالی (۴۶)
جس کی عورت نافرمان و بدعادت ہو اس اسم کی کثرت کرے خصوصاً ملاقات سے پہلے۔

یاحمید جمالی (۶۲)
جو شخص فحش گو ہو اور زبان محفوظ نہ رہتی ہو وہ اس اسم پاک کو پیالے میں لکھکر پاکندہ کرائے اور اسی سے پانی ہمیشہ پیے انشاءاللہ زبان محفوظ ہو جائے گی اور عبارت یوں لکھے۔ یاحمید الفعال ذاالمن علی جمیع خلقہ بلطفہ یاحمید۔

یامحصی جلالی (۱۴۸)
جو شخص اس اسم پاک کو شب جمعہ میں ایک ہزار ایک بار پڑھے عذاب قبر اور عذاب حشر سے بے خوف ہو جائے۔

یامبدئ جلالی (۵۶)
جس عورت کا حمل گر جاتا ہو اسے چاہئے کہ جب حمل سے ہو جائے روزانہ نوئے مرتبہ صبح کو پڑھکر شہادت کی انگلی پر دم کرکے شکم کا حصار کرے حمل ساقط ہونے سے محفوظ رہے گا۔ اور اس کی مداومت کرنے والا صدق

وصواب کا حامل ہوگا۔

یامعید جمالی (۱۲۴) اگر کوئی غائب ہوگیا ہو اس کے لئے سونے کے وقت مکان کے چاروں گوشوں میں ستر ستر مرتبہ یامعید پڑھکر یہ کہے۔ یَا مُعِیْدُ رُدَّ عَلَیَّ فُلَانًا فلانا کی جگہ اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لے انشاء اللہ جلد آجائیگا۔ یا اس کی خبر آجائے گی۔ اور کسی نے قرض لے لیا ہو اور نہ دیتا ہو تو اس کے نام کے عدد کے برابر پڑھے انشاء اللہ دیدے گا۔

یامحی جلالی (۶۸) بدن میں درد ہو یا عورت کو درد خاص ہو تو سات دن ہر روز سات سات مرتبہ پڑھکر اپنے اوپر دم کرے شفا ہوگی۔

یاممیت جلالی (۴۹۰) جو شخص نفس امارہ سے عاجز ہو وہ سونے کے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر اس اسم پاک کو پڑھتے ہوئے سو جائے اس کا نفس مغلوب ہوگا۔

دیگر:۔ ہلاکی دشمن کے لئے ہفتہ کی رات میں چار سو نوے مرتبہ پڑھے۔ دشمن مقہور ہوگا۔

یاحی جلالی ۱۸ جو شخص بیمار رہتا ہو ہر روز ستر مرتبہ پڑھکر دم کرے یا کسی سے دم کرائے اگر ہر روز ستر بار پڑھے عمر دراز ہو اور اسکی قوت روحانیہ زیادہ ہو اور بعض کے نزدیک یاحی یاقیوم اسم اعظم ہے۔

یاقیوم جلالی ۱۵۲ صبح کو اس اسم کی کثرت قوت تصرف پیدا کرتی ہے اور ہمات کے لئے بھی مفید ہے۔

یاواجد (۱۴) جلالی تونگری کے لئے اس اسم پاک کی کثرت مفید ہے اور اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو اس اسم پاک کو لکھ کر ہاتھ میں رکھکر یا واجد پڑھتے ہوئے تلاش کرے مل جائے گی۔ اور کھانے کے وقت ہر نوالہ کے ساتھ پڑھنے سے وہ کھانا پیٹ میں نور ہو جاتا ہے۔

یَاماجد (۴۸) جلالی

جو شخص اس اسم پاک کی کثرت کرے اللہ تعالیٰ اس کے دل میں نور پیدا کرے گا۔

یاواحد یااحد جلالی ۱۹ - ۱۳

جو شخص خائف ہو وہ اس اسم پاک کو ایک ہزار ایک بار پڑھے اس کے دل سے خوف زائل ہوگا اور مقرب بارگاہ ہوگا۔ اور اگر فرزند کی آرزو ہو تو اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

دیگر:۔ اولاد نرینہ پیدا ہونے کے لئے اس اسم پاک کے نقش کو زن وشوہر دونوں اپنے پاس رکھیں۔

یاصمد جمالی (۱۳۴)

جو شخص آدھی رات کو یا صبح کے وقت سجدہ میں سر رکھ کر ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے وہ صادق الحال والقال ہوگا۔ اور ہرگز کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار نہ ہوگا اور اس کی کثرت فقر وفاقہ کو دور کرتی ہے اور اللہ الصمد کا عمل جلد اول میں گزرا کہ ہر اہم کام کے لئے مجرب ہے۔

دیگر:۔ مالداری کے لئے اس کی کثرت مفید ہے۔

دیگر:۔ حصول غنا کے لئے اس طرح پڑھے کہ اول وآخر سو سو مرتبہ درود شریف اور درمیان میں بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھکر سورہ اخلاص شروع کرے۔ قل ھو اللہ احد اللہ الصمد اللہ الصمد کو سو مرتبہ پڑھے آخری مرتبہ لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد پڑھے پھر اسی طرح شروع کرے گیارہ سو مرتبہ اللہ الصمد گیارہ مرتبہ میں پڑھے انشاء اللہ جلد مقصود حاصل ہو۔

دیگر:۔ ایک چلہ تک روزانہ تین ہزار ایک سو پانچ مرتبہ اول وآخر درود شریف ۲۵، ۲۵ بار پڑھے اور پرہیز جلالی کرے۔

یاقادر جلالی (۳۰۵) :۔ حل مشکلات کے لئے اکتالیس بار پڑھکر دعا کرنے سے قبول ہوگی۔

دیگر :۔ دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے یاقوی یاقادر ایک ہزار ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھے۔

یَامُقتَدِرُ جلالی (۷۴۴) جو شخص بیدار ہونے کے وقت آنکھیں بند کر کے اکیس ۲۱ بار پڑھے دل سے غفلت دور ہو اور سب کام ٹھیک سے انجام کو پہنچیں۔

یَامُقَدِّمُ جلالی (۱۸۴) جو شخص جنگ یا کسی خوف کی جگہ ہو اور دل میں استقلال نہ ہو تو اس اسم پاک کو کثرت سے پڑھے۔ اور اس کی کثرت طاعت الٰہی کی جانب متوجہ کرتی ہے۔

یَامُؤَخِّرُ جلالی (۸۴۶) جو شخص ہر روز سو بار پڑھے اس کا دل اللہ تعالیٰ کی محبت اور اس کی یاد میں رہے اور ہر روز اکتالیس ۴۱ بار پڑھنے سے اس کا نفس مطیع ہوگا۔

یَااَوَّلُ جلالی (۳۷) جس کے اولاد نہ ہوتی ہو وہ ہر روز اکتالیس ۴۱ بار چالیس دن پڑھے اس کی مراد بر آئے۔

یَااٰخِرُ جلالی (۸۰۱) جو شخص آخر عمر کو پہنچ گیا ہو اور کوئی نیک عمل نہ کیا ہو وہ اس اسم پاک کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ عاقبت بخیر ہوگی۔

یَاظَاهِرُ جلالی (۱۱۰۶) جو شخص اشراق کے وقت پانچسو مرتبہ پڑھے اس کی آنکھ روشن ہوگی۔ اور جو استوار (ٹھیک دوپہر) کے وقت اکتالیس بار پڑھا کرے ہر شخص اپنے دل کی بات اسے بیان کر دیا کرے اور گھر کی دیوار پر لکھے تو دیوار سلامت رہے۔

یَابَاطِنُ مشترک ۶۲ جو شخص نماز فجر کے بعد تینتیس ۳۳ بار پڑھے اسرار الٰہی کا جاننے والا ہو جائے اور اس کی مداومت تسخیر قلوب کا فائدہ دیتی ہے۔

یَاوَالِیُ جمالی (۴۷) جو شخص کورے پیالہ پر لکھ کر اس میں پانی بھر کر گھر کے در و دیوار پر ڈالے وہ گھر تمام آفتوں سے محفوظ رہے۔

دیگر:۔ تسخیر کے لئے گیارہ بار پڑھکر کسی کے سامنے جائے وہ مسخر ہوگا۔

یامتعالی جلالی ۵۵۱ — دشوار گزار کاموں کے لئے اس کی کثرت بیحد مفید ہے اور عورت حائضہ اس اسم کی کثرت کرے تو اس کی آفتوں سے خلاصی پائے گی۔

یابَرُّ جلالی ۲۰۲ — جو شخص سات مرتبہ پڑھکر بچے پر دم کر کے اللہ تعالی کی سپردگی میں دیدے بالغ ہونے تک وہ بچہ بلاؤں سے محفوظ رہے۔

دیگر:۔ اور جو شخص شراب پینے یا بدکاری میں مبتلا ہو اسے ہر روز سات بار پڑھکر اپنے دل پر دم کرے اس کا دل ان افعال سے بیزار ہو جائے گا۔

یاتوّاب جمالی (۴۰۹) — جو شخص چاشت کی نماز کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار پڑھے اللہ تعالی اسے توبۃ النصوح نصیب فرمائے گا۔ اور جو شخص اس کی کثرت کرے اس کا نفس اصلاح و طاعت کی طرف مائل ہو۔

یامنعم جمالی (۲۰۰) — اس اسم پاک کی کثرت و مداومت سے غنی ہوگا۔ اور اگر دوشنبہ کو مغرب و عشاء کے درمیان دو سو پانچ بار پڑھے صاحب نعمت وجاہ ہوگا۔

دیگر:۔ فتوحات کثیرہ کے لئے ماہ ثابت میں پہلی تاریخ کو بعد نماز فجر دریا جائے اور دریا میں غسل کرکے قبلہ رو کھڑے ہو کر یامنعم چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) بار پڑھے پھر پورب کی طرف منہ کرکے طلوع آفتاب کے وقت نقش منعم لکھے اور ہاتھ میں لے کر دو سو بار یامنعم پڑھے۔ اس کے بعد نقش ٹوپی میں رکھکر مکان چلا آئے جب دوسرا دن ہو طلوع آفتاب کے بعد اس نقش کو ٹوپی سے نکال کر پانی سے دھو کر پی لے اور دوسرا نقش لکھ کر ہاتھ میں لے کر مشرق کی طرف منہ کرکے دو سو بار یامنعم پڑھے اور نقش ٹوپی میں رکھ لے پھر تیسرے دن اسی طرح کرے اور اسی طرح روزانہ کرے اور ہر عروج ماہ میں تجدید دعوت کر لیا کرے۔ اور دریا جانا ممکن نہ ہو تو گھر میں غسل کرکے عمل کرے اور خانہ خالی میں چار آنہ لکھے ایک

سال تک اور سال دوم میں ایک روپیہ اور سال سوم میں ایک اشرفی لکھے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲	۶۰	۹۸	
۹۲	۶	۳۶	۶۶
۱۲	۱۱۰	۴۸	۳۰
۵۴	۲۴	۱۸	۱۰۴

یامنتقم جمالی (۶۳۰) دشمن کو دوست بنانے کے لئے تین جمعہ ان کے اعداد کے موافق پڑھے۔

دیگر:- برائے انتقام دشمن انار کی اکیس ٹہنی پر ہر ایک پر تین تین بار یا منتقم پڑھ کر دم کر کے دشمن پر یا اس کی جانب ڈالے دشمن تباہ ہو گا مگر حرام سے بچے

یاعفو مشترک (۱۵۶) جس کے گناہ بہت ہوں وہ اس اسم شریف کی کثرت کرے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کے سب گناہ معاف فرمائے گا۔

یارؤف جمالی (۲۸۶) کسی ظالم کے پنجے سے مظلوم کو چھڑانے کے لئے اس اسم پاک کو دس مرتبہ پڑھ کر اشارہ سے ظالم کے منہ پر دم کرے اور اس مظلوم کی شفاعت کرے وہ مہربان ہو کر مان لے گا اور اس کی مداوت کرنے والے کا دل مہربان ہو گا۔

یامالک الملک جلالی (۲۱۲)

یاذاالجلال والاکرام جلالی (۱۰۹۴)

اس اسم شریف کی کثرت تونگری بخشتی ہے اور عزت وجاہ نصیب ہوتی ہے۔ ہر کام بنتے ہیں اور اس کے ساتھ دعا کرنے سے مقبول ہوتی ہے اور آصف بن برخیا نے حضرت بلقیس کا تخت لانے کے لئے اسی اسم کو پڑھا تھا۔

یارب ۲ جمالی اگر کسی شخص کو بیگانوں میں معظم کرنا ہو تو اس کو بھیجنے کے بعد گھر میں حصار کر کے اس اسم کی کثرت کرے وہ ان کے درمیان معظم ہو گا۔

یامقسط جلالی (۲۰۹) وسوسہ شیطانی سے محفوظ رہنے کے لئے اس اسم پاک کو سو مرتبہ پڑھنا ازحد مفید ہے۔

دیگر:- حصول مقصد کے لئے سات سو مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

یَاجَامِعُ جلالی (۱۱۴)
جو شخص اپنے کسی عزیز سے دور ہو اور ملاقات چاہے وہ اتوار کے دن چاشت کے وقت غسل کر کے پاک کپڑے پہن کر آسمان کی جانب منہ کر کے اس اسم کو دس مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ ایک انگلی بند کرے پھر دونوں ہاتھوں کو منہ پر مل لے جلد ہی مہجور سے ملاقات ہوگی۔

دیگر:۔ حصول مراد کے لئے بعد نماز جمعہ ایک سو بیالیس (۱۴۲) مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

یَاغَنِیُّ جلالی (۱۰۶۰)
جو شخص طمع میں مبتلا ہو اور اس سے نجات چاہتا ہو اس اسم کو گیارہ یا اکیس یا اکتالیس بار پڑھکر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ہر عضو پر مل لے چھٹکارا نصیب ہوگا۔

دیگر:۔ اور حصول غنا کے لئے ہر روز ستر مرتبہ پڑھے کسی کا محتاج نہ ہوگا اور مال میں برکت ہوگی۔

یَامُغْنِی جمالی (۱۱۰۰)
جو شخص اس اسم پاک کو دس جمعوں (۱۰) تک ہر جمعہ کو دس ہزار بار پڑھے۔ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے۔ اور بعض حضرات نے ایک ہزار بار کہا ہے۔

یَامُعْطِی ۱۲۹
جو شخص یا مُعطِیَ السَّائِلِینَ کی کثرت کرے فقر و فاقہ سے نجات حاصل ہو جائے اور کسی کا محتاج نہ ہو۔

یَامَانِعُ جلالی (۱۶۱)
موافقت زوجین کے لئے جب بستر پر لیٹے اکیس بار پڑھے حق تعالیٰ خفگی کو دور کر دے گا۔

یَاضَارُّ جلالی (۱۰۰۱)
جو شخص کسی منصب بلند پر ہو اور اس پر ثابت رہنا چاہے وہ ہر شب جمعہ اور ایام بیض میں سو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھا کرے اور بعضوں نے کہا کہ یا ضار یا نافع ہر ایک سو سو مرتبہ پڑھے۔

یَانَافِعُ جمالی (۲۰۱):۔ جو شخص سفر میں جاتا ہو وہ ہر روز اس اسم پاک کو چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھ لیا

کرے محفوظ رہے اور اگر سفر دریا میں غرق کا خوف ہو تو ہزار بار پڑھے کسی کام کو شروع کرنا چاہے تو اکتالیس بار پڑھ کر شروع کرے سب کام بنیں گے۔

یَا نُوْرُ جمالی (۲۵۶) — جو شخص جمعہ کی شب میں رات بار سورۂ نور اور ایک ہزار ایک بار یا نور پڑھے اس کا دل منور ہو جائے اور جو صبح کو پڑھے اس کا دل روشن ہو۔

یَا ھَادِی جمالی (۲۰) — جو شخص آسمان کی جانب منہ کر کے ہاتھ اٹھا کر یا ہادی بلا تعداد پڑھے اور ہاتھ منہ اور آنکھوں پر مل لے اہل معرفت کے مرتبہ کو پہنچے۔

یَا بَدِیْعُ جلالی (۸۶) — جس شخص کو کوئی سخت مہم ہو اور ہزار بار یا سات ہزار بار اس اسم پاک کو اس طرح پڑھے یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اس کی مہم آسان ہو جائے اور اگر سونے کے وقت باوضو قبلہ رو پڑھتے پڑھتے سو جائے خواب میں جو چاہے دیکھے۔

یَا بَاقِی (۱۱۳) جلالی — جو شخص جمعہ کی رات میں سو مرتبہ پڑھے اس کے سب عمل مقبول بارگاہ خداوندی ہوں اور بیماری و تکلیف میں اس کی کثرت مفید ہے۔

یَا وَارِثُ (۷۰۷) جمالی — جو شخص اس اسم کو طلوع آفتاب کے وقت ہر روز پڑھے کوئی زحمت نہ پہنچے اور اگر بلا تعداد اس کی کثرت کرے اپنے جیسے لوگوں میں تفوق حاصل ہو۔

یَا رَشِیْدُ جمالی (۵۱۴) — جو شخص کسی کام کی تدبیر نہ جانتا ہو وہ مغرب و عشا کے درمیان ہزار بار پڑھے صحیح تدبیر اس کے قلب میں القا ہوگی اور اس اسم کی بلا تعداد کثرت ہر کام کو بے سعی انجام پانے میں معین ہے۔

یَا صَبُوْرُ (۲۹۸) جلالی — جو شخص کسی سخت مصیبت یا بیماری میں گرفتار ہو وہ بعد عشا ۲۲ ہزار مرتبہ پڑھے وہ مصیبت یا بیماری دور ہوگی۔

دیگر:۔ دشمنوں اور حاسدوں کے شر سے محفوظ رہنے اور ان کی زبان بندی کے لئے آدھی رات کو اس کی کثرت مفید ہے۔

جدول حروف ابجد مکتوبی و ملفوظی مع اعداد

حروف مکتوبی	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی	ک
عدد مکتوبی	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰
حروف ملفوظی	الف	با	جیم	دال	ہا	واو	زا	حا	طا	یا	کاف
عدد ملفوظی	۱۱۱	۳	۵۳	۲۵	۶	۱۳	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۰۱
حروف مکتوبی	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت
عدد مکتوبی	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰
حروف ملفوظی	لام	میم	نون	سین	عین	فا	صاد	قاف	را	شین	تا
عدد ملفوظی	۷۱	۹۰	۱۰۶	۱۲۰	۱۳۰	۸۱	۹۵	۱۸۱	۲۰۱	۳۲۰	۴۰۱
حروف مکتوبی	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ					
عدد مکتوبی	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰					
حروف ملفوظی	ثا	خا	ذال	ضاد	ظا	غین					
عدد ملفوظی	۵۰۱	۶۰۱	۷۳۱	۸۰۵	۹۰۱	۱۰۶۰					

جدول نود و نہ ۹۹ نام باری تعالیٰ

اسماء	احد	وہاب	واجد	حی	واحد	ودود	ہادی	اول	ولی	بدی	والی
اعداد مکتوبی	۱۳	۱۴	۱۴	۱۸	۱۹	۲۰	۲۰	۳۷	۴۶	۵۶	۴۷
اعداد ملفوظی	۱۵۵	۱۳۳	۱۱۲	۲۰	۱۶۸	۹۶	۱۶۳	۱۹۵	۹۵	۱۳۹	۲۰۶
اسماء	ماجد	مجیب	مجید	باطن	حمید	اللہ	وکیل	حکم	محی	باسط	جلیل
اعداد مکتوبی	۴۸	۵۵	۵۷	۶۲	۶۲	۶۶	۶۶	۶۸	۶۸	۷۲	۷۳
ملفوظی	۲۸۹	۱۵۷	۱۸۹	۲۳۰	۱۴۵	۲۵۹	۱۹۶	۱۸۱	۱۴۱	۱۳۳	۲۰۶
اسماء	حکیم	حسیب	بدیع	حلیم	ملک	عزیز	عدل	حق	علی	باقی	جامع
اعداد مکتوبی	۷۸	۸۰	۸۶	۸۸	۹۰	۹۴	۱۰۴	۱۰۸	۱۱۰	۱۱۳	۱۱۴
ملفوظی	۱۹۲	۱۴۳	۱۷۹	۱۸۱	۲۶۲	۱۵۷	۲۳۶	۱۹۰	۲۰۲	۳۰۶	۳۵۴

اسماء	قوی	معز	معید	لطیف	معطی	سلام	صمد	مؤمن	واسع	مہیمن	محصی
اعداد مکتوبی	١١٦	١١٧	١٢٤	١٢٩	١٢٩	١٣١	١٣٤	١٣٦	١٣٧	١٤٥	١٤٨
ملفوظی	٢٠٥	٢٢٨	٢٦٦	١٧٣	٢٤١	٣٩٢	٢٢٠	٢٩٩	٣٧٤	٣٠٣	٢٠٥
اسماء	علیم	قیوم	عفو	نور	مانع	قدوس	سمیع	مالک الملک	مقدم	صادق	منعم
اعداد مکتوبی	١٥٠	١٥٦	١٥٦	٢٥٦	١٦١	١٧٠	١٨٠	١٨١	١٨٤	١٩٥	٢٠٠
ملفوظی	٣٠٢	٢٩٥	٣٢٤	٣٢٠	٤٣٧	٣٤٩	٣٥١	٨١٧	٣٩٦	٤٢٢	٤١٦
اسماء	نافع	بر	رب	جبار	مقسط	باری	کبیر	رحیم	کریم	رؤف	رحمٰن
اعداد مکتوبی	٢٠١	٢٠٢	٢٠٢	٢٠٦	٢٠٩	٢١٣	٢٣٢	٢٥٨	٢٧٠	٢٨٦	٢٩٨
ملفوظی	٤٢٨	٢٠٤	٢٠٤	٣٦٨	٤٠١	٣٣٦	٣١٦	٣١١	٤٠٣	٥٠٦	٤٠١
اسماء	صبور	بصیر	قادر	قہار	رزاق	رقیب	شہید	مصور	رافع	تواب	فتاح
اعداد مکتوبی	٢٩٨	٣٠٢	٣٠٥	٣٠٦	٣٠٨	٣١٢	٣١٩	٣٣٦	٣٥١	٤٠٩	٤٨٩
ملفوظی	٣١٢	٣١٠	٥٢٨	٤٩٩	٥٠١	٣٩٦	٤١٢	٣٩٩	٥٢٣	٥٢٨	٦٠٢

اسماء	ممیت	متین	رشید	شکور	مقیت	متعالی	باعث	منتقم	ستار	متکبر	
اعداد مکتوبی	۴۹۰	۵۰۰	۵۱۴	۵۲۶	۵۵۰	۵۵۱	۵۷۳	۶۳۰	۶۶۱	۶۶۲	
ملفوظی	۵۹۲	۶۰۸	۶۰۷	۶۷۵	۶۸۳	۸۱۴	۷۴۵	۸۶۸	۸۳۳	۷۹۶	
اسماء	وارث	خالق	مقتدر	مذل	آخر	مؤخر	قابض	حفیظ	ضار	عظیم	
اعداد مکتوبی	۷۰۷	۷۳۱	۷۴۴	۷۷۰	۸۰۱	۸۴۶	۹۰۳	۹۹۸	۱۰۰۱	۱۰۵۰	
ملفوظی	۸۲۶	۹۶۴	۹۰۸	۸۹۲	۹۱۳	۱۰۰۳	۱۱۰۰	۱۰۰۲	۱۱۱۷	۱۱۳۲	
اسماء	ذوالجلال والاکرام	غنی	مغنی	غفار	غفور	خافض	خبیر				
اعداد مکتوبی	۱۰۳۲	۱۰۶۰	۱۱۰۰	۱۲۸۱	۱۲۸۶	۱۴۸۱	۸۱۲				
ملفوظی	۲۰۴۱	۱۱۷۷	۱۲۶۷	۱۴۵۳	۱۳۵۵	۱۵۹۸	۸۱۶				

اِسمِ اعظم

اسم اعظم کی تحقیق میں علمائے محققین وائمہ دین ضاعف اللہ اجرہم نے بہت کاوش کی ہے مگر یہ ان اسرار سے ہے جس کے اظہار کا حکم نہیں تھا۔ اسی لئے اس کے بارے میں اختلاف ہے۔ اور شب قدر ساعت جمعہ کی طرح اس میں اقوال بہت ہیں۔ حضور اعلحضرت فاضل بریلوی قدس سرہٗ نے اپنے والد ماجد حضرت مولانا نقی علی خاں صاحب قدس سرہٗ کی کتاب مستطاب احسن الدعا لآداب الدعا کے حاشیہ مسمی بہ ذیل المدعا میں مفصل کلام فرمایا ہے جس کا خلاصہ درج ذیل ہے تاکہ ناظرین اس سے فائدہ اٹھائیں۔

۱۔ امام احمد بن حنبل اور ترمذی ونسائی اور حاکم اور بیہقی اور ضیا نے مختارہ میں اس حدیث کو روایت فرمایا اور لفظ حاکم کے ہیں۔ حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، کیا میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا وہ اسم اعظم نہ بتادوں کہ جب وہ اس سے پکارا جائے اجابت کرے اور جب اس سے سوال کیا جائے عطا فرمائے وہ دعا یہ ہے جو یونس علیہ السلام نے تین بار تاریکیوں میں کی تھی۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ خاص یونس علیہ الصلاۃ والسلام کے لئے تھا یا سب مسلمانوں کے لئے ہے فرمایا کیا تو نے خدائے تعالیٰ کا ارشاد نہ سنا کہ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔ پس ہم نے یونس کی دعا قبول فرمائی اور اسے غم سے نجات دی، اور یوں ہی نجات دیں گے ایمان والوں کو۔

فائدہ:۔ حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ مستجاب الدعوات تھے جو دعا فرماتے قبول ہوتی تھی۔

۲۔ امام احمد وابن ابی شیبہ وابوداؤد وترمذی ونسائی وابن ماجہ وابن حبان وحاکم نے روایت کی کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہتے سنا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ارشاد فرمایا خدا کی قسم تو نے اللہ تعالیٰ سے وہ اسم اعظم لے کر سوال کیا کہ جب اس سے سوال کیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے اور جب اس سے دعا کی جاتی ہے قبول فرماتا ہے۔ ائمہ احادیث نے فرمایا کہ اسم اعظم کے بارے میں یہ حدیث سب احادیث سے جید وصحیح ہے اور اس کی اسناد میں کوئی طعن نہیں ہے۔

۳۔ ابوداؤد وترمذی وابن ماجہ وابن ابی شیبہ نے اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے الھکم الہ واحد لاالہ الاھو الرحمٰن الرحیم اور الٓمّٓ اللّٰہ لا الہ الاھو الحی القیوم۔

۴۔ حضرت سری بن یحییٰ قدس سرہ بعض اولیاء سے راوی میں دعا کرتا تھا اللہ تعالیٰ سے کہ مجھے اسم اعظم دکھادے۔ مجھے آسمان میں ایک ستارہ نظر پڑا جس پر لکھا تھا۔ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

۵۔ بعض علماء نے یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ کو اسم اعظم کہا ہے۔

۶۔ امام احمد وابن ابی شیبہ اور ائمہ اربعہ وابن حبان وحاکم نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زید بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یوں دعا کرتے سنا اللھم انی اسئلک بان لک الحمد

لا الٰہ الا انت وحدک لا شریک لک یاحنان یامنان یابدیع السمٰوٰت والارض یاذا الجلال والاکرام یاحی یاقیوم فرمایا یہ اللہ کا وہ اسم اعظم ہے کہ جب اس سے پکارا جائے اجابت کرے اور جب مانگا جائے عطا فرمائے۔

۷ ابن ماجہ نے روایت کی کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یوں دعا کی اللّٰھم انی ادعوک اللّٰہ وادعوک الرحمٰن وادعوک البرالرحیم وادعوک باسمائک الحسنیٰ کلہا ماعلمت منہا ومالم اعلم ان تغفرلی وترحمنی حضور نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم نے فرمایا ان میں اسم اعظم ہے۔

۸ حاکم نے ابو درداء و عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی یہ حضرات فرماتے ہیں اسم اعظم رَبِّ رَبِّ ہے اور اس کی مؤید یہ حدیث ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب بندہ یارَبِّ یارَبِّ کہتا ہے۔ رب عزوجل فرماتا ہے لبیک اے میرے بندے مانگ کہ تجھے دیا جائے (ابن ابی الدنیا نے حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی)

۹ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب میں دیکھا کہ اسم اعظم اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ ہے۔

۱۰ ابو امامہ باہلی صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد قاسم بن شامی فرماتے ہیں کہ اسم اعظم اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔

۱۱ امام قاضی عیاض قدس سرہ نے بعض علماء سے نقل فرمایا ہے کہ اسم اعظم کلمۂ توحید ہے۔

۱۲ بعض صوفیاء کرام نیز امام فخر الملۃ والدین رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے کلمہ ھو کو اسم اعظم بتایا ہے۔

۱۳۔ جمہور علما نے فرمایا کہ اللہ اسم اعظم ہے حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ شرط یہ ہے کہ تو اللہ کہے اور اس وقت تیرے دل میں اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ نہ ہو۔ (ملا علی قاری)

۱۴۔ بعض محققین علما نے بسم اللہ شریف کو اسم اعظم بتایا ہے اور حضور سرکار غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ بسم اللہ شریف زبان عارف سے ایسی ہے جیسے کُنْ کلام خالق سے۔

۱۵ حضور نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم فرماتے ہیں جو ان پانچوں کلموں سے ندا کرے اللہ تعالیٰ سے جو کچھ مانگے اللہ پاک عطا فرمائے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

۱۶۔ حدیث میں ہے کہ جو شخص یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ تین بار کہے فرشتہ کہتا ہے مانگ کہ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنُ نے تیری طرف توجہ فرمائی۔

۱۷۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ پانچ بار یَا رَبَّنَا

۱۸۔ یہی خاصیت اسمائے حسنیٰ کی ہے۔

۱۹۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کہتے سنا فرمایا مانگ کہ تیری دعا قبول ہوئی۔

۲۰۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما مروی ہے کہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیل میرے پاس کچھ دعائیں لائے اور عرض کی کہ جب حضور کو کوئی حاجت پیش آئے انھیں پڑھکر دعا مانگئے یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاصَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَاکَاشِفَ السُّوْءِ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَامُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَااِلٰہَ الْعٰلَمِیْنَ بِكَ اُنْزِلُ حَاجَتِیْ وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِھَا فَاقْضِھَا۔

مسبعات عشر: اس کا پڑھنے والا ہر آفات دینی اور دنیوی سے محفوظ رہتا ہے اور دس موکل اس کے مال کی حفاظت کیا کرتے ہیں. طلوع آفتاب اور غروب سے پہلے روزانہ پڑھ لیا کرے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھکر سورہ فاتحہ سات بار آیۃ الکرسی سات بار. سورہ کافرون سات بار سورہ اخلاص سات بار. سورہ فلق سات بار. سورہ ناس سات بار. کلمہ تمجید سات بار درود شریف سات بار اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَحَبِیْبِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ پھر یہ سات بار پڑھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ پھر یہ دعا سات بار پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ یَارَبِّ افْعَلْ بِیْ وَبِھِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِفْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَھْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا مَا نَحْنُ لَہٗ اَھْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ کَرِیْمٌ مَلِكٌ بَرٌّ رَّؤُفٌ رَّحِیْمٌ۔

دیگر: حضرت قطب عالم سید جلال الملۃ والدین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر فرصت نہ ہو تو مسبعات عشر کے بجائے اس دعا کو سات بار یا کم از کم ایک بار مع تسمیہ روزانہ پڑھ لیا کرے وہی فائدہ حاصل ہوگا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ عَلَیْكَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَالَمْ یَشَاْءُ لَمْ یَکُنْ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا وَّاَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَابَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝

خواص القرآن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حدیث میں ہے کل امر ذی بال لایبدء فیہ ببسم اللہ فھو اقطع یعنی جو کام بسم اللہ الرحمن الرحیم سے شروع نہ کیا جائے وہ ابتر ہے۔ دوسری روایت میں ہے من اراد ان ینجیہ اللہ من الزبانیۃ تسعۃ عشر فلیقرا بسم اللہ الرحمن الرحیم؛ جو شخص چاہے کہ زبانیہ (۱۹ فرشتے جہنم کے عذاب دینے والے) سے نجات پائے وہ بسم اللہ شریف پڑھے۔

بسم اللہ کی خاصیت بہت زیادہ ہے جس طرح بھی پڑھے خواہ ورد کرے تنہا یا بضم بعض عزائم۔

استخارہ مجرب: متبرک راتوں میں کہ بدھ، جمعرات، جمعہ، پیر کی راتیں ہیں سونے کے وقت وضو کر کے کسی سے کلام نہ کرے اور دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھ کر بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھے اور دعائے مطلب کرے۔ قبلہ رو سر شمال کی جانب کر کے سو جائے اگر ایک رات میں معلوم ہو بہتر ہے ورنہ تین راتیں مسلسل کرے۔

دیگر: برائے حصول فتوح چھ ہزار بار ایک چلہ اکیس روز میں یا تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ چالیس دن میں پڑھے کامیاب ہوگا۔

دیگر: قضائے حاجات کے لئے عروج ماہ قمری میں نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے اور افطار انگور یا کشمش یا خرما سے کرے اور اگر یہ چیزیں نہ مل سکیں تو شیرینی سے۔ پھر بعد

مغرب ایک سو بیس ۱۲۰ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے پھر عشا کی نماز کے بعد بستر پر بسم اللہ شریف اس قدر پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے سو جائے اور صبح کی نماز کو بسم اللہ شریف کی عدد کے برابر پڑھے اور نقش مظہر و مضمر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

دیگو:۔ برائے قضائے حاجت یہ دعا کاغذ پر لکھ کر دریا میں ڈالے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم. بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الملک الحق المبین من العبد الذلیل الی المولیٰ الجلیل مسنی الضر وانت ارحم الراحمین۔ اس کے بعد ستر بار یہ دعا پڑھے۔ الٰہی بحرمۃ کن فیکون فتبارک اللہ احسن الخالقین۔ اور گھر لوٹ کر آئے اور سو مرتبہ پہلی دعا پڑھے اکیس دن تک یہی عمل کرے۔

دیگو:۔ سرکش مفسدین کے دفع کے لیے نزول ماہ میں نحس دن مثل شنبہ یا سہ شنبہ ارزیز کے ٹکڑے پر نقش مظہر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھے اور اس شخص کا نام اس نقش میں داخل کرے اس کے بعد یہ دعا سات بار پڑھکر نقش پر دم کرے بعد ازاں انگوزہ (رانگ) و لہسن (ہینگ) خام کی دھوئیں دے کر چولھے کے قریب میں دفن کرے کہ گرمی نقش کو نہ پہنچے ورنہ طالب کو ضرر ہوگا۔ نقش یہ ہے۔


۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم	فلاں
اللہ	الرحمٰن	الرحیم	فلاں	بسم
الرحمٰن	الرحیم	فلاں	بسم	اللہ
الرحیم	فلاں	بسم	اللہ	الرحمٰن
فلاں	بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم

اور دعا یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم انی اسئلک باسمک العظیم الاعظم وھو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الذی عنت لہ الوجوہ وخشعت لہ الاصوات ووجلت من خشیتہ القلوب ان تصلی وتسلم علی سیدنا محمد وعلیٰ الہ وصحبہ وان تقضی حاجتی فی

فلان (یہاں اسکا نام لے) اللھم ان کنت تعلم انہ یرجع عما ھو فیہ قاھرہ و وفقہ وان کنت تعلم انہ لا یرجع فانزل علیہ بلائک وسخطک وغضبک واھلکہ، یا قاھر یا قھار، یا قادر، یا مقتدر، یا اللہ۔ یہ عمل مارہرہ مطہرہ کی کتاب میں بھی مذکور ہے۔

دیگر :۔ بخار کے لئے یہ دونوں نقش مفید و مجرب ہیں۔ مریض کے سرہانے رکھے۔



اور بسم اللہ شریف کے نقوش مظہر و مضمر و دو پایہ مثلث جلد اول میں گزر چکے ہیں۔

خواص سورۂ فاتحہ کہ در کتاب مارہرہ مذکور است۔ ترکیب عمل سورہ فاتحہ مطابق اختیار حضرت شیخ ابن عربی و امام محمد غزالی علیہما الرحمہ یہ ہے اس سورۃ کو سبع مثانی کہتے ہیں یعنی سات آیت۔ ہر آیت کے لئے دو اسم ہیں۔ اس طرح الحمد للہ رب العالمین یا حی یا قیوم الرحمٰن الرحیم یا رؤف یا عطوف مالک یوم الدین یا عالم السرائر یا مقلب القلوب والابصار۔ ایاک نعبد وایاک نستعین یا سریع یا قریب اھدنا الصراط المستقیم یا قادر یا مقتدر صراط الذین انعمت علیھم یا حکیم یا قدیر غیر المغضوب علیھم والضالین یا قاھر یا عزیز۔ چاہئے کہ بعد ہر نماز دس سے اکتالیس مرتبہ پڑھے اس ترتیب سے کہ ہر آیت اور ہر نام کو دس دس بار پھر اس قسم کو دس بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم انی

اسئلك بحق سبع المثانی وبحق قرآن العظیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبحق کھیعص وبحق حمعسق وبحق دعاء نبیك وحبیبك سیدنا محمد والجاء فی کھفك واستوطن فی حرزك ولم یتق الابك اقسمت علیکم یاروقائیل وجمیع الملئکة بعزۃ اللہ وبنور جلال وجمال وجہ اللہ الفاتحة کتاب اللہ اقسمت علیکم یامعشر الروحانیین من العلویة والسفلیة من خدام ھذہ السبع المثانی والقرآن العظیم ان تقضی حاجتی باسرع من لمح الطرف فانہ علی کل شیٔی قدیر وبالاجابة جدیر وصلی اللہ علی خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ اجمعین۔ ہر حاجت و مشکل کے آسان کرنے کے لئے مجرب ہے۔

سُورۂ بقرہ

حدیث میں ہے ان الشیطان ینفر من البیت الذی یقرء فیہ سورۃ البقر رواہ مسلم کذا فی المشکوٰۃ یعنی شیطان بھاگ جاتا ہے اس گھر سے جس میں اس سورہ کی تلاوت کی جائے نیز فرمایا اور اسکے پڑھنے میں برکت ہے اور چھوڑنے میں حسرت ہے۔

زیادتی حافظہ کیلئے نوچندی جمعرات کو پاک برتن میں مشک و زعفران سے لکھکر کنویں کے پانی سے رات میں دھو کر پی لے چند جمعرات ایسا ہی کرے اور دن میں روزہ رکھے قوت حافظہ زیادہ ہو۔ آیت کریمہ الٓمّٓ تا مفلحون۔

خلل ام الصبیان کیلئے آیت کریمہ واذ قتلتم نفسا فادارأتم (الی) تعقلون مفید ہے ترکیب یہ ہے کہ سوا بالشت نے لیکر چاقو یا چھری لیکر جڑ کی جانب سے بچہ کے پیٹ پر پھرائے اور اس آیت کو تین بار دم

کرے پھر اس تُنے کو کسی گوشہ یا صحرا میں دفن کردے دوسرے دن اسی طرح کرے تین دن یا سات دن ایسا ہی کرے صحت ہوگی۔

دیگر:۔ اگر ان دونوں آیتوں کو لکھکر سونے والے کے سینہ پر رکھدے جو کچھ اس کے دل میں ہوگا بیان کردے گا۔

زیادتی شیر اس آیت کریمہ ثم قست قلوبکم من بعد ذلک فھی کالحجارۃ اواشد قسوۃ (الی) وما اللہ بغافل عما تعملون ہ کو لکھ کر روئی کے ٹکڑے میں ملاکر عورت کو کھلائے دودھ زیادہ ہوگا۔

بیدار ہونے کیلئے آیت واذ جعلنا البیت مثابۃ للناس (الی قولہ) والرکع السجود ہ چند بار سونے کے وقت پڑھکر دل پر دم کرے جس وقت چاہے بیدار ہوجائے۔

برائے عقد اللسان صبغۃ اللہ ومن احسن من اللہ صبغۃ ونحن لہ عابدون۔ ۱۴ بار بعدہ العجل ۳ بار الوحا ۳ بار الساعہ ۲ بار لوہے کی کیل پر دم کرے میدان میں گاڑدے۔

بخار کیلئے ذلک تخفیف من ربکم ورحمۃ فمن اعتدی بعد ذلک فلہ عذاب الیم ہ ایک لکڑی لیکر مریض بخار کو سامنے بٹھالے اور مریض کے چاروں طرف اس آیت کو ۳۔۳ بار پڑھے اور ہر مرتبہ لکڑی کو زمین پر مارے بخار دور ہوجائے۔

درد شقیقہ یہ نقش مجرب ہے درد کی جگہ باندھے۔ ←



جنگ میں ہزیمت نہ ہو سورہ بقر سورہ عمران سورہ نسا سورہ مائدہ

میں چار آیتیں ہیں ہر ایک دس دس قاف پر مشتمل ہیں ان کو علم (جھنڈے) پر لکھکر علم کو لشکر میں سامنے رکھے شکست نہ ہو۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔ الم تر الی الملاء من بنی اسرائیل (الی) واللہ علیم بالظلمین ۵ دوم آل عمران میں لقد سمع اللہ قول الذین قالوا (الی) عذاب الحریق ۵ سوم سورہ نساء میں۔ الم تر الی الذین قیل لھم کفوا ایدیھم واقیموا الصلوۃ واتوا الزکوۃ (الی) ولا تظلمون فتیلا۔ چہارم سورہ مائدہ میں واتل علیھم نباء بنی آدم بالحق (الی) من المتقین ۵

خواص آیت الکرسی

جاننا چاہئے کہ خواص وفوائد آیت الکرسی بہت زیادہ ہیں اور حصول مراد ودفع اعداء وتسخیر دلہا وجلب منافع وازالہ مرض اثر عظیم رکھتی ہے۔

حصول مراد ودفع اعداء

متصل سلام فجر فرض قبلہ رو اسی جگہ بیٹھ کر پچیس مرتبہ اور اسی طرح بعد مغرب آٹھ مرتبہ پڑھے۔

تسخیر وحصول نفع اور دفع نقصان کیلئے

بعد ہر نماز فرض دس وقف پر دس انگلیاں دونوں ہاتھوں کی بند کرے لیکن شروع داہنے ہاتھ کی چھنگلیا سے کرے اور ختم بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کرے پھر تین بار سورہ الم نشرح مع بسم اللہ اور تین بار سورہ اخلاص معہ تسمیہ پڑھے اور درود شریف تین بار اور سورہ فاتحہ ایک بار اس طرح کہ بسم اللہ کے الرحیم کی میم سورہ فاتحہ کی الحمد سے ضم کرے اور پڑھکر آسمان کی جانب دم کرکے انگلیاں کھول کر جسم پر مل لے اور میان دویار لفظ من ذالذی یشفع اشارہ محبت وتسخیر دلہا کرے اور میان دو عین لفظ یشفع عندہ اشارہ تجلیہ قلب وصفائے دل تصور میں لائے اور درمیان دو میم لفظ یعلم ما بین ایدیھم اشارہ مقہوری اعداء دل میں لائے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ بعد فرض آیت الکرسی ایک بار عقد انگشتاں کرکے

پڑھے اور صرف دو عین کے درمیان اشارہ ہر حاجت کرے اور بعد اتمام ایک بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دونوں ہاتھ جسم پر پھیرے۔

برائے ازالہ مرض بلغم نمک کی سات کنکریوں پر سات سات مرتبہ پڑھکر دم کر کے صبح کے وقت کھائے۔

خواب پریشان کے دفع کیلئے جب سونے چلے تو بستر پر تین مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھکر آیۃ الکرسی تین بار پڑھے اور لفظ ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم تین بار پڑھے پھر اپنے اوپر دم کر کے سو جائے۔

برائے ہول و درد جگر و خفقان چینی کی رکابی پر تین مرتبہ لکھکر پانی سے دھو کر پلائے اور پینے کے وقت یہ کلمہ پڑھے نویت الشفاء من العلۃ الفلانیہ اور الفلانیہ پر اس مرض کا نام لے۔

دشمن پر مصیبت و زحمت ڈالنے کا عمل سونے کے وقت یہ عمل کرے کہ آیت الکرسی دو سو مرتبہ پڑھے اور پانچ اسمائے باری کہ آیت الکرسی کے اندر ہیں یا اللہ یا حی یا قیوم یا علی یا عظیم ہر سو مرتبہ پر ایک ایک تین سو ستر بار پڑھے پھر یہ پڑھے۔ اسئلک بنور عرشک وبروح سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم ان ترسل خادم ھذہ الآیۃ الشریفۃ الی فلاں بن فلاں فی صفتی حیلتی یشھب من ھم وحراب من نار اس کے بعد دشمن کی جانب کسی حربہ سے اشارہ کرے۔ اس کو زحمت پہونچے گی۔ پھر درود و سلام پڑھکر دعا کر کے سو جائے۔ یہ عمل ایک جمعہ کرے اگر مقصد حاصل نہ ہو تو سات جمعہ تک کرے۔

حفظ مال کیلئے :۔ سونے کے وقت آیۃ الکرسی و چاروں قل تین تین بار پڑھکر

شہادت کی انگلی پر دم کرکے گھر کے گرد اشارہ حصار کرے اور تین دستک دے۔

برائے حصول جاہ و منفعت و وسعت رزق و ادائے قرض

آیت الکرسی چالیس دن تک صبح کی نماز یا عشا بعدہ اکتالیس یا ایک سو ایک بار پڑھے۔ اور گوشت کھائے۔ مچھلی اور جماع سے پرہیز کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اعتصمت باللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم انقائم الدائم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم حاضر ناظر لہ ما فی السموات وما فی الارض قادر قدیر علی کل مخلوق من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ کریم رحیم یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم لا خلاف ولا کذب جبار قھار غفار ستار ولا یحیطون بشئی من علمہ الا بما شاء اللہ الرحمٰن الرحیم وسع کرسیہ السموات والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم حافظ حفیظ رقیب وکیل ناصر ینصر بحق اللہ الذی لا زوال لملکہ ولا فناء لحکمہ حکم حاکم حکیم بحق نبی اللہ حبیب اللہ اسمہ حامد احمد محمود فی التوراۃ والانجیل والزبور والفرقان محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم والصدیق والفاروق وذی النورین والمرتضیٰ ائمۃ رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وبحق الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ سخر لی من اھل السموات والارض لقد رتک یا اقدر القادرین وبحکمتک یا احکم الحاکمین برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

حصول مراد کیلئے

آدھی رات کو قبلہ رو ہو کر آیت الکرسی شریف ایک سو ستر ۱۷۰ بار یا بمقدار اس کے حروف کے پڑھنا مفید ہے اور تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے دعا کرے حاجت پوری ہوگی۔

زیادتی حافظہ کیلئے :- زعفران سے ہتھیلی پر لکھ کر چاٹے سات دن متواتر قوت حافظہ

زیادہ ہوگی۔ قولہ تعالیٰ آمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ والمومنون آخر سورہ تک نیز ان دو آیتوں کی کثرت بار قرض سے سبکدوش کراتی ہے۔

قوت حافظہ چینی کے برتن پر لکھکر پانی سے دھوکر نہار منہ پیے قوت حافظہ زیادہ ہو۔

سُورۂ آل عِمران

خاصیت قولہ تعالیٰ الصابرین والقانتین والمنفقین والمستغفرین بالاسحار (تا) سریع الحساب ۰ جو شخص ان آیات کو چند بار شکر سفید پر دم کرے شبنم کو حل کرکے چار روز متواتر ہر روز ۳½ ماشہ کھائے اور انجیر سفید بھی غذا کے ساتھ کھائے اس کے دل سے وسوسے دور ہوں اور سختی سے آسانی نصیب ہو۔

صلاۃ المشاہد چاشت یا مغرب یا عشاء یا تہجد کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ آیت کریمہ شھد اللّٰہ انہ لا الٰہ الا ھو والملائکۃ واولوا العلم قائما بالقسط (تا) ان الدین عند اللّٰہ الاسلام پڑھکر سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھے اور بعد سلام ہزار بار وجوہ یومئذ ناضرۃ الی ربھا ناظرۃ پڑھکر دعا کرے کہ اسرار غیب اس پر منکشف ہو جائیں۔

خاصیت قولہ تعالیٰ قل اللھم مالک الملک تؤتی الملک من تشاء (تا) بغیر حساب بعد نماز فرض سورہ فاتحہ، آیت الکرسی اور آیت شھد اللّٰہ انہ اور یہ آیات پڑھے ہر حاجت اس کی پوری ہوگی۔

دیگر برائے دفع جنون تل کے تیل پر بسم اللّٰہ کے ساتھ اس آیت کریمہ کو سات مرتبہ پڑھکر دم کرے اور اس تیل کی مالش مجنون کے پورے جسم

پر کرے جنون جاتا رہے۔

خاصیت قولہ تعالیٰ ان الفضل بید اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم ۰ جمعرات نوچندی کو کاغذ پر لکھکر موم جامہ کر کے مرد صالح کے کپڑے میں سل کر عورت اپنے بازو پر باندھے مرد صالح سے شادی ہو جائے گی۔

خاصیت قولہ تعالیٰ: آیت قطب ثم انزل علیکم من بعد الغم (تا) واللہ علیم بذات الصدور۔ اس آیت کو آیت قطب کہتے ہیں اور سورہ فتح کی آخر آیت کو آیت غوث کہتے ہیں یعنی محمد رسول اللہ والذین معہ اشداء علی الکفار (تا) اجراً عظیما۔ ان دونوں آیتوں میں سب حروف تہجی جمع ہو گئے ہیں اور اس کے برکات بہت زیادہ ہیں۔ اس آیت کا نصاب اکتالیس بار ہے سات دن میں اور آخری دن پانچ بار پڑھے۔ مگر اس کے پڑھنے کے لئے استخارہ نبویہ شرط ہے۔ لہٰذا پہلے استخارہ کرے اگر اثبات میں جواب ملے تو عمل کرے اور ترکیب پڑھنے کی یہ ہے۔ وضو تازہ کر کے خوشبو جلا کر دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ آیت الکرسی ایک ایک بار پڑھے بعد سلام سو بار درود شریف پڑھ کر آیت قطب چھ بار پڑھے اور مقصد کا دل میں خیال لائے اس کے بعد یَازَاکِیُ الطَّاہِرُ مِنْ کُلِّ آفَۃٍ بِقُدُسِہٖ یَازَاکِیُ۔ ایک بار پڑھکر مطلب کی دعا کرے۔ اسی طرح چھ روز پڑھے اور ساتویں دن پانچ بار پڑھے وضو کے بعد سے کسی سے کلام نہ کرے۔

مختلف مقاصد کے لئے ترکیب علیحدہ ہے جو درج ذیل ہے۔

برائے ہلاکت و مقہوری ۲۹ دن تک ہر روز انتیس ۲۹ بار پڑھے اور غم والم کے دور ہونے کے لئے ۱۹ دن تک ہر روز انیس ۱۹ بار پڑھے۔

حصول روزگار ہر روز دس بار پڑھے۔

درد سر:۔ کے لئے سات بار پڑھکر دم کرے۔

جانوروں کی بیماری کیلئے:۔ آیت کریمہ کو لکھکر گلے میں ڈالے۔

تپ ولرزہ کے لئے آٹھ نقش لکھکر نیچے آیت لکھکر ایک گلے میں ڈالے اور سات سات دن پی لے۔

ایضاً۔ صحت کے لئے ہر روز پانچ بار پڑھے۔

حاجت پوری ہونے اور دشمن کے دفع کیلئے بعد فرض نماز کے ایک ایک بار پڑھے اور حاجت پوری ہونے کے لئے آیت قطب کو سو۱۰۰ بار رات میں اور دن میں آیت غوث کو سو بار پڑھے یا رات میں دونوں آیتوں کو پڑھے اول وآخر درود شریف اور بسم اللہ کے ساتھ پڑھے چالیس روز تک۔

پھوڑے پھنسی وآبلہ وغیرہ کیلئے دونوں آیتوں کے حروف علیحدہ علیحدہ جمع کر کے چینی یا اور کسی کے برتن میں تیل ڈال کر موضع مرض پر لگائے۔

ایضاً۔ ہر سخت مہم کے لئے چالیس مرتبہ چالیس دن تک پڑھے۔

مفرور خواص آیت یاایھا الذین امنوا اصبروا وصابروا۔ تا آخر سورت۔ نوکر یا عورت جو بھاگ جاتے ہوں یا بھاگنے کا اندیشہ ہو ان کو روکنے کے لئے مفید ہے۔ جَو کی روٹی پکاکر اس پر آیت کریمہ کو لکھکر تھوڑا گھی ملکر کھلائیں۔

خواص سورہ نساء

تفریق خواص آیت:۔ حرمت علیکم امھتکم (تا) غفورا رحیما۔ ناجائز دوستی چھڑانے کے لئے۔ ارد کے آٹے سے عورت مرد کی صورت جو شخص اس کی شبیہ ہو بنائیں۔

مکمل صورت نہ بنائیں کہ تصویر جاندار بنانا حرام ہے اس پر ان دونوں کا نام اور ماں کا نام لکھیں۔ اس کے بعد ہرن کے چمڑے پر ان آیتوں کو لکھکر ہر ایک کے پتلے پر لپیٹ کر جہاں وہ رہتے ہوں دفن کر دیں انشاء اللہ دونوں میں فرقت ہوگی۔

برائے دفینہ معلوم کرنے اگر کہیں دفینہ ہو یا کوئی چیز دفن کر کے بھول گیا ہے کورے برتن پر لکھکر دریا کے پانی سے دھوکر جس جگہ گمان ہو وہاں چھڑک دیں انشاء اللہ ظاہر ہوگا۔

خواصِ سورۂ مائدہ

جھوٹ اور برائی کی عادت چھڑانے کا عمل آیت کریمہ یاایھا الذین آمنوا اوفوا بالعقود (الی) یحکم ما یرید ہ شیشے کے برتن میں لکھکر شہد خالص جس کا کف نہ نکالا گیا ہو سے دھوکر پلائیں انشاء اللہ یہ عیب اس سے دور ہو جائیں گے۔

برائے زوال محبت زنا زانیہ عورت کے دل سے زنا کی محبت دور کرنے کیلئے اس کے پہنے ہوئے پاک کپڑے پر اسی آیت کو لکھیں اور چند بار پڑھکر دم بھی کریں پھر یہ کلمات کہیں۔ بحق ھذہ الایات امح الزنا والزیغ عن قلب فلانۃ بنت فلانۃ فانک فعال لما تشاء وانت القادر علی من یشاء یاارحم الراحمین ہ بس اس کپڑے کو ایسی قبر میں دفن کریں جس کا نام معلوم نہ ہو اور یہ کلمات دفن کے وقت کہیں۔ کمامات صاحب ھذا القبر بموت الزنا وحبہ من قلب فلانۃ۔

زبان بندی خاصیت آیت کریمہ ا قال رجلان من الذین یخافون (الی قولہ تعالی)

مومنین زعفران گلاب سے ہرن کی کھال پر لکھکر اپنے پاس رکھے اس کی زبان بند ہو جائیگی آیت کے نیچے ظالم اور اس کی ماں اور اپنا اور اپنی ماں کا نام بھی لکھے۔

سفر کا ارادہ ملتوی کرنے کیلئے آیت کریمہ قالوا یا موسیٰ انا لن ندخلھا ابدا (الی) قاعدون. راستے کا ایک پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا لیکر پاک کرے یہ آیت اس کے نام کے ساتھ اس پر لکھکر ایسے کنویں میں ڈالدے جس کا پانی سوکھ گیا ہو انشاء اللہ تعالیٰ وہ سفر کا ارادہ ترک کر دے گا۔

سورۂ انعام

حصول مدعا اور حل مشکلات کے لئے بیحد مفید ہے طریقہ یہ ہے کہ بعد عشا غسل کرکے پاک کپڑا پہن کر خوشبو لگا کر قبلہ رو بیٹھے اور سورہ فاتحہ پڑھکر سورہ انعام شروع کرے جب اس جگہ رسل اللہ پر پہونچے تو اٹھکر دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ ہر رکعت میں بعد فاتحہ آیت الکرسی ایک بار اور سورہ کوثر دس بار پڑھے بعد سلام بقیہ سورہ انعام پڑھکر سجدہ میں جائے اور دونوں ہتھیلیاں آسمان کی جانب رکھے اور ستر بار یہ دعا پڑھے۔ الٰھی بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ پھر حاجت کی دعا کرے۔ بعض دوسری آیتوں کے خواص۔

موذی جانوروں سے حفاظت کا عمل آیت الحمد للہ الذی خلق السموات والارض (الی) عنھا معرضین د ان چاروں آیات کو شیشے کی رکابی پر لکھکر پانی سے دھو کر مکان کے چاروں گوشوں میں ڈال دے جملہ موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

غصہ و غضب دفع کیلئے آیت ولہ ما سکن فی اللیل والنھار وھو السمیع العلیم. غصہ و غضب کو دور کرنے اور الجھن و اختلاج کو دور کرنے کیلئے مجرب ہے ورد کثرت سے کریں۔

ضعف بصر اور کسی اور عضو کے کمزور ہونے کیلئے

تین روز روزہ رکھکر دودھ و شکر سے افطار کریں پھر آدھی رات کو تانبے کے قلم سے گلاب و زعفران سے لکھکر زبان سے چبائیں صحت ہوگی۔

وہ آیت یہ ہے۔ انما یستجیب الذین یسمعون (تا) یرجعون ٥

فتوح - آیت کریمہ وعندہ مفاتیح الغیب لایعلمھا الاھو (الی) الافی کتب مبین

عروج ماہ میں یکم تاریخ سے سات تاریخ تک روزہ رکھے اور کلام نہ کرے اور اکثر یاحی یاقیوم ورد رکھے اور گیہوں کی روٹی اور نمک لاہوری کھائے۔ ساتویں روز بعد نماز عشاء اس آیت کریمہ کو پانسو بار مع بسم اللہ شریف ایک نشست میں پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار درود شریف یہ ہے۔ اللھم صل علی سیدنا محمد و علی آل سیدنا محمد بعدد کل معلوم لک اور اس عمل کا ثواب حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پھر اپنے والدین اور تمام مومنین و مومنات کو پہونچائے نیز اپنے پیر و مرشد یا صاحب عمل کی روح کو بھی اگر وفات پاچکے ہوں ورنہ انکی سلامتی کی دعا کرے اور اگر پڑھنے کے دوران شکل نورانی نظر آئے اور کوئی چیز عطا کرے۔ باحتیاط اپنے پاس رکھے اور جو کچھ دن بھر حاصل ہو اسے خرچ کرے اور اس عمل کو کسی سے نہ بتائے۔

دیگر ترکیب:۔ سات دن روزہ رکھے اور ہر روز بعد نماز عشاء اس کریمہ کو ایک سو بار اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھے اور یاحی یاقیوم سو سو بار پڑھے۔ ساتویں روز کے بعد جو کچھ فتوح ہو اسے روز صرف کرے۔

دریا کی طغیانی اور سفر بحری کے بخیر و عافیت گزرنے کا عمل

آیت کریمہ قل من ینجیکم من ظلمت البر والبحر (الی) وانتم تشرکون ٥ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور دریا

میں طغیانی ہو تو انہیں آیات کو لکھکر دریا میں ڈال دے۔

نکسیر کے لئے

آیت کریمہ لکل نباء مستقر فسوف تعلمون اس آیت کریمہ کو لکھ کر سر میں باندھے انشاء اللہ خون نکسیر بند ہو جائے گا۔

درخت و کھیتی کے سرسبز اور بابرکت ہونے کا عمل

آیت ان اللہ فالق الحب والنوی (الی قولہ)

فانی تؤفکون ہ اس آیت کو زعفران اور کافور سے برتن پر لکھکر اس برتن کو دھو کر بیج میں ڈالدے اور اس بیج کو بوئے یا درخت میں وہ پانی ڈالدے پیداوار خوب ہوگی۔

سورۂ اعراف

المص دیگر مقطعات قرآنیہ کے ساتھ عروج ماہ میں کسی مبارک دن مثل دوشنبہ، جمعرات، جمعہ کو کندہ کراکے چاندی کی انگوٹھی میں رکھ کر پہنے فتوح اور تسخیر کے لئے مفید ہے۔

نوٹ :۔ یہ انگوٹھی میری نگرانی میں تیار ہوتی ہے۔ صاحب حاجت طلب کر سکتے ہیں

ملنے کا پتہ :۔ قادری بک ڈپو۔ نو محلہ مسجد۔ بریلی

حفاظت از فالج ولقوہ

سوتے وقت آیت کریمہ ان ربکم اللہ الذی خلق السموات والارض (الی قولہ) من المحسنین پڑھے وہ فالج لقوہ سے محفوظ رہے اور مشک و زعفران پیسکر گلاب میں حل کر کے لکھیں اور اپنے پاس رکھیں نظر بد مکر و شر دشمناں اور سانپ بچھو سے محفوظ رہیں گے نیز مرض اختلاج سے حفاظت رہے گی۔

وسوسہ اور کاہلی و سستی دور کرنے کیلئے

آیت کریمہ واما ینزغنک من الشیطن نزغ (الی) مبصرون ہ جمعہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت سات عدد لکھے اور روزآنہ ایک ایک دھو کر پی جائے۔

سورہ انفال قید سے رہائی کے لئے سورہ انفال کو سات یا اکیس دن روزانہ سات سات مرتبہ پڑھیں۔

سورہ توبہ آیت کریمہ لقد جاءکم رسول من انفسکم (تا) رءوف رحیم۔ بعد نماز صبح دس بار پڑھکر ہتھیلی پر دم کرکے پورے بدن پر پھیرے جملہ بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ اور اہم و دشوار گذار کاموں کیلئے روزانہ ستر بار پڑھنا مفید ہے۔

آقا یا حاکم کے خوف سے بے پرواہ ہونے کیلئے۔ آیت کریمہ فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الٰہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم۔ انت حسبی یا رب یا رب حسبی علی فلان بن فلانۃ اعطف قلبہ لی وذللہ لی۔ شب جمعہ میں تیس بار اسے پڑھنے سے خوف جاتا رہے گا۔

سورہ یونس اس سورت مبارکہ یا اس کے نقش کو ہرن کی کھال پر لکھکر اپنے پاس رکھنا بہت مفید ہے۔ خصوصاً دشمن کبھی اس پر قادر نہ ہوسکے گا نیز جو شخص اس کے نقش کو گلاب زعفران سے لکھکر صبح و شام پیئے اس کا دل قوی ہوگا۔ اور وہ دیو۔ پری، جن وغیرہ سے نہیں ڈرے گا۔

سورۃ ھود آیت کریمہ وقال ارکبوا فیھا بسم اللہ مجریھا ومرسٰھا ان ربی لغفور رحیم۔ جو شخص اس کریمہ کو لکھکر کشتی میں یا دنبالہ کشتی میں رکھے وہ کشتی غرق ہونے سے محفوظ رہے اور کشتی میں سوار ہوتے وقت سات مرتبہ پڑھے تو غرق سے محفوظ رہے گا۔

ایضاً آیت کریمہ وھی تجری بھم فی موج کالجبال (تا) من المغرقین۔ سات کوری ٹھیکری پر ان دونوں آیتوں کو لکھکر سو مرتبہ انہیں آیتوں کو پڑھکر دم کرکے کنویں میں ڈالدے تو اس میں پانی زیادہ ہو جائے گا۔

دفع ظلم ۔ آیت وکذلک اخذ ربک اذا اخذ القری (الی) الیم شدید ہ
اس آیت کو پرانی دیگ کے ٹکڑے پر لکھکر ظالم کے مکان میں ڈالنے سے اس کا شر ختم ہو
جائے گا۔

سورہ یوسف حاجتوں کے پورا ہونے اور سختیوں کے دور ہونے کے لئے مفید ہے ترکیب بعد نماز عشا یا تہجد بارہ رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں
ایک ایک رکوع پڑھے اور دعا کرے۔

فراخی رزق اور محتاجی دور ہونے کیلئے بعد نماز عشاء اول دس مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر سورہ
یوسف شروع کرے جب آیت کریمہ واللہ المستعان علی ماتصفون ہ پر پہونچے سو
مرتبہ اسی آیت کی تکرار کرے پھر آگے پڑھنا شروع کرے جب آیت فاللہ خیر حافظا
وھوارحم الراحمین ہ پر پہونچے گیارہ بار اسی آیت کو پڑھے پھر جب آیت خروالہ
سجداً پر پہنچے سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور سو مرتبہ حسبی اللہ ونعم الوکیل
نعم المولیٰ ونعم النصیر ہ پڑھکر سورہ ختم کرکے دعائے حاجت کرے۔

برائے حاجات وکشف مہمات بعد نماز عشاء بسم اللہ شریف پڑھکر سورہ یوسف شروع کرے جب آیت ویتم نعمتہ علیک
پر پہنچے گیارہ بار تکرار کرے اور آیت واللہ المستعان علی ماتصفون کی سو بار اور
آیت واللہ غالب علی امرہ بھی سو بار اور فاللہ خیر حافظا وھوارحم الراحمین
سو بار پھر جب آیت قال اللہ علی مانقول وکیل پر پہنچے گیارہ بار تکرار کرے اور
آیت فھو کظیم پر پہنچے لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظلمین و
افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد دس مرتبہ اور آیت وھو

ارحم الراحمین سو مرتبہ اور وخر واله مسجدًا پر سجدہ کرے اور مطلب کی دعا کرے پھر سجدہ سے سر اٹھا کر دس بار درود شریف اور اکتالیس بار حسبی اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر پڑھے اور آیت ان ربی لطیف لما یشاء کی گیارہ بار تکرار کرے اور تین مرتبہ یا لطیف الطفنی فی جمیع احوالی کما تحب وترضیٰ اور آیت انت ولی فی الدنیا والآخرۃ سو مرتبہ پڑھکر سورہ پوری ختم کرکے دعائے حاجت کرے۔

سورۃ رعد

دوکان کی خیر و برکت کے لئے۔ چار ٹکڑوں پر آیت ، ریہ المر تلك آیت الکتب (الی قولہ) یتفکرون لکھکر دوکان کے چاروں کونوں میں نفع کیلئے دفن کرے۔

حالات خفیہ معلوم کرنے کیلئے

آیت کریمہ اللہ یعلم ما تحمل کل انثیٰ (الی) کبیر المتعال ہ مریض کا حال معلوم کرنا ہو کہ صحت ہوگی یا نہیں یا حاملہ کا حال معلوم کرنا ہو کہ لڑکا ہے یا لڑکی یا دفینہ معلوم کرنا چاہے۔ دوشنبہ کو غسل کرکے خوشبو لگا کر بہ نیت روزہ رہے۔ منگل کی رات میں باوضو سوئے صبح کو قبل طلوع آفتاب اس آیت کو ہرے کپڑے پر زعفران وگلاب سے لکھکر خوشبو دیکر ایسی جگہ رکھے جہاں آفتاب کی روشنی یا ماہتاب کی چاندنی نہ پڑے۔ بدھ کی رات میں ان کلمات کو بلا تعداد پڑھے۔ یا عالم الخفیات الامور، یا من ھو علی کل شئی قدیر ہ اس کے بعد سو جائے رات میں خواب کے ذریعہ معلوم ہوگا تسہیل ولادت کے لئے گڑ پر سات مرتبہ دم کرکے درد والی کو کھلائے۔

سورۂ ابراہیم

شکوک واوہام کو دور کرنے کے لئے آیت کریمہ الرا کتب انزلناہ الیك (الی) العزیز الحمید ہ کاغذ پر لکھکر دھوکر چند بار پی لے۔

آسیب و جن و زخم چشم کیلئے
اگر سات مرتبہ آیت ومالنا الا نتوکل علی اللہ وقد ھدنا دالی متوکلون ۰ پڑھکر یہ پڑھے ان کنتم امنتم باللہ فکفوا شو کم عنا ایتھا البراغیث پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے۔

سورہ نجم
تجارت کرنے والوں کے لئے بیحد مفید ہے روزآنہ تین بار پڑھ لیا کریں۔ نفع تجارت کے لئے آیت والارض مدد نٰھا والقینا فیھا رواسی دالی)، ومن لستم لہ برازقین کو لکھکر مکان یا دوکان میں لٹکائے خیر و برکت ہوگی اور باغ کے چاروں گوشوں میں پانی پر دم کر کے چھڑک دے تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

شر ظالمان
۰ بارہ ہزار بار آیت انا کفینٰک المستھزئین پڑھنا مفید ہے۔

سورہ نحل
اس سورت کے نقش کو لکھکر جہاں کفار و فجار کا مجمع ہوتا ہو دفن کرے سب متفرق ہو جائیں گے۔

استقرار حمل
آیت واصبر وما صبرك الا باللہ دالی) محسنون ۰ سرخ دھاگے لیکر تین گرہ دے اور ہر گرہ پر تین تین بار پڑھے اور عورت ناف پر باندھے استقرار حمل ہوگا۔

سورہ بنی اسرائیل
درماندگی و تکان لاحق نہ ہوگی آیت سبحٰن الذی اسریٰ بعبدہ لیلا دالی)، عبدا شکورا محرم الحرام کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ میں ہرن کی کھال پر لکھکر گیارہ مرتبہ اسی کو دم کر کے باندھ لے۔ ہرگز تکان نہ ہوگی۔

خیالات فاسدہ کے دور کرنے کا عمل

آیت وا۔اقرات القرآن جعلنا بینک (الی) نفورا۔ان آیات کو مع فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم۔ کے روزآنہ اکتالیس بار پڑھ لیا کرے۔

مالداری کیلئے

آیت قل الحمد للہ لم یتخذ ولدا (الآیۃ) گیارہ مرتبہ پڑھکر آخر میں ایک مرتبہ تکبیر کہے جلد مالدار ہو جائے گا۔

سورہ کہف

فضیلت سورہ کہف شریف کی یہ ہے کہ جو شخص قبل نماز جمعہ کے سورہ کہف پڑھے وہ دوسرے جمعہ تک بلیات سے محفوظ رہے۔

برائے برکت

الحمد للہ الذی انزل علی عبدہ الکتب (الی قولہ ماکثین فیہ ابدا) ان آیات کو اول ماہ میں مٹی کے یا چینی کے برتن پر لکھکر بارش یا دریا کے پانی سے دھوکر گھر کی چاروں دیواروں پر اس طرح ڈالے کہ پانی زمین پر نہ ٹپکے بہت برکت ہوگی اور کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھکر گھر میں رکھکر چاروں کونوں میں دفن کرنے سے وہ مکان و دوکان آباد رہیں گے۔

درد نیم سر

وکلبھم باسط ذراعیہ بالوصید الی قولہ رعبا۔ لکھکر آدھی سیسی (سر) کے درد والے کو دیدے کہ درد کی جگہ باندھے۔

ایضاً کتے کاٹے ہوئے پر گیارہ بار پڑھکر دم کرنے سے اثر زہر ختم ہو جاتا ہے۔

بیدار ہونے

ذلک جزآؤھم جھنم بما کفروا واتخذوا (الی آخرہ) جس وقت بیدار ہونا چاہے اس کے لئے ان آیات کو تین بار یا پانچ بار پڑھکر دل پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت بیدار ہوگا۔

سورہ مریم:۔ تنگی وعسرت سے رہائی کے لئے اور فراخی حاصل ہونے کیلئے اس

سورہ کا سات بار چالیس روز تک پڑھنا مفید ہے۔

دردِ سر کھیعص تا رب شقیا ہ لکھکر آیت غوث لکھکر درد کی جگہ باندھے سحر جادو کے ذریعہ جس مرد کو باندھ دیا گیا ہو اسے اس سورت کو لکھکر دھوکر پلادے اثر دور ہوگا۔

سورہ طٰہٰ سحر جادو کے ازالہ کے لئے بعد ظہر ایک مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے پلائے سات دن تک انشاء اللہ دور ہوگا۔

برائے رشتہ جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کے لئے سورہ طٰہٰ کا نقش لکھکر دے کہ پانی سے دھوکر ایک طشت میں لڑکی کو بٹھا کر اس پانی سے غسل کرائیں پھر بعد میں دوسرے پانی سے غسل کرائیں تاکہ بے ادبی نہ ہو پھر اس پانی کو دریا میں ڈالدیں یہ عمل تو چندی جمعرات سے سات جمعرات متواتر کریں انشاء اللہ جلد رشتہ مل جائے گا۔

عسر البول پیشاب بند ہو جائے تو آیت طٰہٰ ما انزلنا علیک القرآن تا العرش استوی زعفران گلاب سے چینی کے برتن پر لکھکر جس مریض کو پلائیں صحت ہوگی۔

بلندی منصب کیلئے ہود ۲۱ تا ۲۶ کو اس سورت کا نقش پتر پر کندہ کرا کے انگوٹھی کے اندر رکھکر پہننا مفید ہے۔

تیزی ذہن کیلئے قولہ تعالیٰ رب اشرح لی صدری تا یفقھوا قولی ایک سو گیارہ بار پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار اور اس سورہ کا نقش جو جلد اول میں مذکور ہے۔ پہنائیں۔

سورۂ انبیاء برائے محبت انبیاء علیہم السلام شوق و محبت سے پڑھنا مفید ہے اور لوگوں کی نظر میں عزیز و جلیل ہوگا۔

سورۂ حج حج و زیارت کے حصول کی نیت سے روزآنہ تین بار پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ حج نصیب ہوگا۔

برائے رشتہ اتوار کے دن پہلی ساعت میں لکھکر عورت جس کو شوہر نصیب نہ ہو بازو پر باندھے مراد حاصل ہوگی اور ہر ماہ کی چودہ تاریخ کو ہرن کی کھال پر لکھکر عورت بازو پر باندھے تو اولاد ہو آیت کریمہ یہ ہے۔

وتری الارض ھامدۃ فاذا انزلنا علیھا الماء اھتزت وربت (تا) من فی القبور

استخارہ عجیبہ قولہ تعالیٰ الم تر ان اللہ یعلم ما فی السماء والارض ان ذلک فی کتب ان ذلک علی اللہ یسیر ہ۔

نوچندی جمعرات کو سونے کے وقت چار رکعت نماز دو دو رکعت کی نیت سے پڑھے۔ پہلی میں سورہ والضحیٰ دوسری میں الم نشرح تیسری میں سورہ والتین چوتھی میں اقرا ایک ایک بار پڑھے۔ بعد سلام اس آیت کریمہ کو سو بار پڑھ کر قبلہ رو سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ تمام باتیں معلوم ہو جائیں گی۔

سورہ مومنون قولہ تعالیٰ فاذا استویت انت ومن معک علی الفلک فقل الحمد للہ الذی نجنا من القوم الظلمین ہ وقل رب انزلنی منزلا مبرکا وانت خیر المنزلین ہ

برائے حفاظت وسلامتی دریا کے لئے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

ایضا قولہ افحسبتم انما خلقنکم عبثا (تا آخر سورت) آسیب زدہ والاعلاج

مرض کے لئے سات بار پڑھ کر دم کرے اور بہتر یہ ہے کہ مریض کے کان میں بھی ۷ دن یا ۴۱ دن دم کرے۔

سورہ فرقان برائے رشتہ جس مرد کی شادی نہ ہوتی ہے وہ ماہ عروج میں تین دن روزہ رکھے اور رات میں اس سورہ مبارکہ کو ۲۱ مرتبہ پڑھے تین ماہ یہ عمل برابر کرے نیک بیوی نصیب ہوگی۔

سورہ شعراء بھیڑیا موذی جانور کے کاٹنے پر تین بار اس آیت کریمہ کو پڑھ کر دم کرے۔ واذا بطشتم بطشتم جبارین۔

سورہ نمل چیونٹیوں کے بھگانے کے لئے آیت کریمہ حتی اذا اتوا علی واد النمل تا وھم لایشعرون ۰ ۲۱ بار پانی پر دم کر کے ان کے سوراخوں میں ڈال دے یا اس سورت کا نقش لکھ کر لٹکائے۔

سورہ قصص آیت فرددنہ الی امہ (تا) اکثرھم لایعلمون ۰ کاغذ پر لکھکر اس بچے کے گلے میں ڈالے جو دودھ نہ پیتا ہو انشاء اللہ تعالیٰ وہ دودھ پینے لگے گا۔

شرِ ظالماں وحاکماں سے بچنے کیلئے آیت سبحٰن اللہ وتعلیٰ عما یشرکون وربک یعلم ماتکن صدورھم ومایعلنون وھواللہ لا الہ الا ھولہ الحمد فی الاولی والاخرۃ ولہ الحکم والیہ ترجعون ۰ کسی حاکم یا ظالم سے خوف ہو توان آیات کو ان کے سامنے جانے تک سات مرتبہ پڑھ کر واللہ غالب علی امرہ۔ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ ان کے شر سے محفوظ ہو جائے گا۔

سورہ لقمان ، جلد اول میں سرقہ کے بیان میں مذکور ہے۔

سورہ احزاب برائے رشتہ لڑکیوں کے پیغام بکثرت آنے کے لئے آیت کریمہ یایھا النبی انا ارسلنٰک سے وکیلا تک ہرن کی جھلی یا کاغذ پر لکھ کر کسی ڈبہ میں بند کر کے گھر میں رکھ دے۔

جاہ و ہیبت کے لئے آیت کریمہ لئن لم ینتہ المنٰفقون سے الرسولا تک چنبیلی کے تیل میں مشک و زعفران حل کر کے بعد نماز فجر سات دن ان آیات کو اس پر دم کر کے پھر اس تیل کو ابرو و رخساروں پر لگا کر جس کے سامنے جائے وہ اس کی عزت کرے اور سب پر اس کی ہیبت ہو۔

سورہ فاطر برکت مال کے لئے آیت کریمہ ان الذین یتلون کتٰب اللہ واقاموا الصلوٰۃ وانفقوا مما رزقنٰھم سے انہ غفور شکور ہ لکھ کر مال کے اندر رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بیحد برکت ہو۔

سورہ یٰسین کے خواص جمیع حاجات کے باب میں مفصل مذکور ہیں۔

سورہ والصافات اول سورہ سے ثاقب تک پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کرنا مفید ہے۔

ہر حاجت پوری ہونے کے لئے آیت ولقد نادٰنا نوح فلنعم المجیبون ہ آخیر رات میں اٹھ کر وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور اس آیت کو ایک پرچہ پر لکھ کر ہاتھ پر رکھ کر حاجت پوری ہونے کے لئے دعا کرے اور یوں کہے یَا رَبِّ بِحَقِّ هٰذِهٖ اَجِبْ دُعَائِیْ اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَاءِ ہ حاجت ضرور پوری ہوگی۔

مار گزیدہ سانپ کا زہر اتارنے کے لئے۔ پانی پر سات مرتبہ اسی آیت کریمہ

کو دم کر کے مار گزیدہ کو پلائے اور خود حاضر نہ ہو سکے تو کسی کو حکم کرے۔

